

# اِظْهَارُ الْحَقِّ الْجَلِی

بنام

# اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے سوال جواب

(اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے کئے گئے سوالات کے مختصر مگر جامع جوابات)


المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)
شعبہ کتبِ اعلیٰ حضرت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

**ترجمہ**: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم پر عِلْم و حکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رَحْمت نازِل فرما! اے عَظَمت اور بزرگی والے!

(مُستَطْرَف ج ۱ ص ۴۰ دار الفکر بیروت)

(اوّل آخر ایک بار دُرُود شریف پڑھ لیجئے)

طالبِ غم مدینہ بقیع و مغفرت

۱۳ شوال المکرم ۱۴۲۸ھ

# قِیامت کے روز حسرت

فرمانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: سب سے زیادہ حسرت قِیامت کے دن اُس کو ہوگی جسے دُنیا میں عِلْم حاصل کرنے کا موقع ملا مگر اُس نے حاصل نہ کیا اور اس شخْص کو ہوگی جس نے عِلْم حاصِل کیا اور دوسروں نے تو اس سے سُن کر نَفْع اُٹھایا لیکن اس نے نہ اُٹھایا (یعنی اس عِلْم پر عمل نہ کیا)۔

(تاریخ دمشق لابن عَساکِر ج ۵۱ ص ۱۳۸ دار الفکر بیروت)

## کتاب کے خریدار متوجّہ ہوں

کتاب کی طباعت میں نُمایاں خرابی ہو یا صَفْحات کم ہوں یا بائنڈنگ میں آگے پیچھے ہو گئے ہوں تو مکتبۃُ المدینہ سے رُجوع فرمائیے۔

www.dawateislami.net

# یاد داشت

دورانِ مطالعہ ضرورتاً انڈر لائن کیجئے، اشارات لکھ کر صفحہ نمبر نوٹ فرما لیجئے، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ علم میں ترقّی ہو گی۔

| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

www.dawateislami.net

| عنوان | صفحه | عنوان | صفحه |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

www.dawateislami.net

# اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال، جواب

(إظها ر الحق الجلي)

از:

اعلیٰ حضرت امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

پیشکش:-

المدینۃ العلمیۃ

E.Mail:ilmia@dawateislami.net

www.dawateislami.net

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال، جواب
(إظهار الحق الجلي)

تعداد : ۱۰۰۰

طباعتِ ۱۴۲۵ھ بمطابق ۲۰۰۴ء

طباعتِ ۱۴۳۰ھ 2009ء تعداد 1000

طباعتِ ۱۴۳۲ھ 2011ء تعداد 3000

طباعتِ ۱۴۳۳ھ 2011ء تعداد 8000

طباعتِ ۱۴۳۴ھ 2013ء تعداد 2000

پیشکش : المدينة العلمية

ناشر : مکتبۃ المدینہ

www.dawateislami.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کتب اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ اور المدینۃ العلمیۃ

از: شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علاّمہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ

الحمد للّٰہ علٰی اِحْسَانِہٖ وَ بِفَضْلِ رَسُوْلِہٖ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم میرے ولیِ نعمت، میرے آقا اعلیٰحضرت، اِمامِ اَہلسنّت، عظیم البَرَکت، عظیمُ المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجَدِّدِ دین و مِلَّت، حامیٔ سنّت، ماحیٔ بِدعت، عالِمِ شَرِیْعَت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیْر و بَرَکت، حضرتِ علاّمہ مولٰینا الحاج الحافِظ القاری الشّاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن بے مثال ذہانت و فطانت، کمال دَرَجہ فَقاہت اور قدیم و جدید عُلُوم میں کامل دَسترس ومُہارت رکھتے تھے۔آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تقریباً ایک ہزار کُتُب آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پچپن سے زائد عُلوم وفُنُون میں تبحُّرِ علمی پر دالّ ہیں۔آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی جن قلمی کاوشوں کو بینَ الاقوامی شُہرت حاصل ہوئی اُن میں کنزالایمان، حدائقِ بخشش اور فتاوٰی رضویّہ (تخریج شدہ تادمِ تحریر ۲۷ جلدیں) بھی شامل ہیں، آخر الذّکر تو عُلوم وفُنُون کا ایسا بَحرِ بیکراں ہے جو بے شمار ومُستند مسائل اور تحقیقاتِ نادِرہ کو اپنے اندر سَموئے ہوئے ہے، جسے پڑھ کر قدردان انسان بے ساختہ پُکار اٹھتا ہے کہ امامِ اہلسنّت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، سیِّدُنا امامِ اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی مُجتہدانہ بصیرت کا پَرتَو ہیں۔آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کُتُب رہتی دنیا تک مسلمانوں کے لئے مشعلِ راہ ہیں۔ ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن کو چاہیے کہ سرکارِ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی جُملہ تصانیف کاحسبِ استطاعت ضَرور مطالَعہ کرے۔

الحمدللہ عزوجل تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی''

www.dawateislami.net

نیکی کی دعوت ، اِحیائے سنّت اور اشاعتِ علمِ شریعت کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحسنِ خوبی سرانجام دینے کے لئے متعدَّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس "**المدینۃ العلمیۃ**" بھی ہے جو دعوتِ اسلامی کے عُلماء و مُفتیانِ کرام کَثَّرَھُمُ اللّٰہُ تعالیٰ پر مشتمل ہے، جس نے خالص علمی، تحقیقی اور اشاعتی کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل پانچ شعبے ہیں:

(۱) شعبۂ کُتُبِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
(۲) شعبۂ درسی کُتُب
(۳) شعبۂ اصلاحی کُتُب
(۴) شعبۂ تراجمِ کتب
(۵) شعبۂ تفتیشِ کُتُب

**المدینۃ العلمیۃ** کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی گِراں مایہ تصانیف کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الْوَسع سَہْل اُسلُوب میں پیش کرنا ہے۔ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اِس علمی، تحقیقی اور اشاعتی مدنی کام میں ہر ممکن تعاون فرمائیں اور مجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مطالَعہ فرمائیں اور دوسروں کو بھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

اللہ عزوجل "دعوتِ اسلامی" کی تمام مجالس بَشُمُول "**المدینۃ العلمیۃ**" کو دن گیارہویں اور رات بارہویں ترقّی عطا فرمائے اور ہمارے ہر عملِ خیر کو زیورِ اخلاص سے آراستہ فرما کر دونوں جہاں کی بھلائی کا سبب بنائے۔ ہمیں زیرِ گنبدِ خضرا شہادت، جنّت البقیع میں مدفن اور جنّت الفردوس میں مدفن نصیب فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم

رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

www.dawateislami.net

# فہرست


| صفحہ نمبر | فہرست مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 1 | پیش لفظ | ۱ |
| 6 | اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کا اجمالی تعارف اور دینی خدمات | ۲ |
| 7 | اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ اور ہندوستان کے مسلمان کس مسلک سے تعلق رکھتے ہیں؟ | ۳ |
| 7 | فرقۂ غیر مقلدین کب ظاہر ہوا نیز ان کے عقائد کیا ہیں؟ | ۴ |
| 9 | ہندوستان میں حکومتی سطح پر کس مسلک (مذہب) کو تسلیم کیا جاتا ہے؟ | ۵ |
| 9 | عرب وعجم میں غیر مقلدین کس نام سے پکارے جاتے ہیں؟ | ۶ |
| 10 | علمائے ہندوستان وحرمین شریفین نے غیر مقلدین کے مذہب کے بطلان پر فتاوٰی جاری فرمائے یا نہیں؟ | ۷ |
| 10 | غیر مقلدین، اہلسنت میں داخل ہیں یا نہیں؟ | ۸ |
| 10 | فتاوی الحرمین کسے کہتے ہیں؟ | ۹ |
| 11 | غیر مقلدین، تقلید کے متعلق کیا نظریہ رکھتے ہیں؟ | ۱۰ |
| 12 | غیر مقلدین کے وہ مسائل جس میں انہوں نے مذاہبِ اربعہ اہلسنت سے ہٹ کر جدا حکم جاری کیے۔ | ۱۱ |
| 12 | قیاس کو نہ ماننے والے کے متعلق کیا حکم ہے؟ | ۱۲ |
| 12 | مصلائے اربعہ سے کیا مراد ہے نیز غیر مقلدین اس کے متعلق کیا نظریہ رکھتے ہیں؟ | ۱۳ |
| 13 | غیر مقلدین کے پیشوا نواب صدیق حسن خان بھوپالی نے خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گمراہ لکھا ہے۔ | ۱۴ |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ | شیخین کو گالی دینے والے کے متعلق حکم شرعی۔ | 13 |
| ۱۶ | حنفی کی نماز، شافعی المذہب امام کے پیچھے جائز ہے یا نہیں؟ | 14 |
| ۱۷ | حنفیوں کی نماز، غیر مقلدین کے پیچھے جائز ہے یا نہیں؟ | 14 |
| ۱۸ | پیشوائے غیر مقلدین ''مولوی نذیر حسین'' کی گورنر حجاز کے حضور پیشی اور توبہ نامہ | 15 |
| ۱۹ | علمائے مکّہ معظّمہ کے سردار مولانا محمد سعید بابصیل کا اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کے نام خط اور آپ کے فتوی کی تصدیق۔ | 17 |
| ۲۰ | روافض کے گمراہ کن عقائد اور کفریات | 17 |
| ۲۱ | نیچریوں کا سنگِ بنیاد اور ان کے عقائد | 18 |
| ۲۲ | وہابیوں کے خیالاتِ باطلہ اور عقائدِ فاسدہ | 19 |
| ۲۳ | غیر مقلدین کے عقائد ونظریات | 19 |
| ۲۴ | اجماع و قیاس کی تعریفات اور ان کے احکام | 20 |
| ۲۵ | تقلید کی اقسام اور ان کے احکام | 20 |
| ۲۶ | ضروریاتِ دین کی تعریف اور ان کے احکام | 21 |
| ۲۷ | جن وشیاطین کے وجود کا انکار اور بدی کی قوت کا نام جن یا شیطان رکھنا کفر ہے۔ | 22 |
| ۲۸ | اللہ عزوجل کے لیے مکان و زمان یا جہت ماننا کفر ہے۔ | 23 |
| ۲۹ | تقویۃ الایمان کی چند گستاخانہ عبارتوں کا خلاصہ | 23 |
| ۳۰ | انبیاء کی شان میں ادنیٰ گستاخی بھی کفر ہے۔ | 24 |
| ۳۱ | کسی مسلمان مقلد کو مشرک کہنا کلمۂ کفر ہے۔ | 24 |
| ۳۲ | مسلمان کو بُرا کہنے والا فاسق ہے۔ | 25 |
| ۳۳ | بدعتی و فاسق کی امامت مکروہ ہے۔ | 25 |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 25 | لامذہبی فِسق ہے۔ | ۳۴ |
| 25 | بدعتی کی دینی تعظیم حرام ہے۔ | ۳۵ |
| 26 | غیرمقلدین کے پیچھے نماز، ناجائز ہونے کی وجہ | ۳۶ |
| 27 | فاسق کی اقتداء کس صورت میں جائز ہے اور اس جواز کے کیا معنٰی ہیں؟ | ۳۷ |
| 29 | بدعتی کے ساتھ میل جول سے ممانعت پر شرعی دلائل | ۳۸ |
| 29 | بدعتیوں کے ساتھ کھانا پینا، شادی بیاہ کرنا، ان کی عیادت کرنا اور ان کی نمازِ جنازہ پڑھنا منع ہے۔ | ۳۹ |
| 30 | مسلمان کسے کہتے ہیں؟ | ۴۰ |
| 30 | اُمّت کی قسمیں | ۴۱ |
| 31 | مسجد میں کس کا حق مقدم ہے؟ | ۴۲ |
| 31 | کسی مصلحت کے تحت مسلمان کو مسجد سے نکال دینا یا آنے سے روکنا جائز ہے یا نہیں؟ | ۴۳ |
| 32 | سنّیوں کی نمازِ باجماعت میں کسی غیر مقلّد کا شریک ہونا مذہبی حرج رکھتا ہے۔ | ۴۴ |
| 32 | شریعت کی رُو سے حنفیوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ غیر مقلدین کو اپنی مساجد میں آنے سے روکیں | ۴۵ |
| 33 | نصارٰیٔ نجران کا وفد مسجد شریف میں کس حیثیت سے داخل ہوا تھا اور حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں منع کیوں نہ فرمایا؟ | ۴۶ |
| 33 | کفار کا مساجد میں آنا فقہاء کی نظر میں کیسا ہے؟ | ۴۷ |
| 34 | کفار مستامن پر مدعیانِ اسلام کا قیاس صحیح ہوسکتا ہے یا نہیں؟ | ۴۸ |
| 34 | مستامن کسے کہتے ہیں؟ | ۴۹ |
| 35 | بانی مسجد یا اولاد بانی مسجد کے ہوتے ہوئے کوئی دوسرا شخص استحقاقِ امامت کا دعوٰی کرسکتا ہے یا نہیں؟ | ۵۰ |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| ۵۱ | امام کی تقرری میں جماعتِ کثیر کا اعتبار کیا جائے گا نہ کہ افضلیت کا۔ | 35 |
| ۵۲ | امام وخطیب کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے کوامامت وخطابت کا حق حاصل ہے یانہیں؟ | 35 |
| ۵۳ | ''اُولی الأمر'' سے کیا مراد ہے؟ | 36 |
| ۵۴ | غیر مقلدین سے اصل نزاع (جھگڑا) کس بات پر ہے؟ | 37 |
| ۵۵ | بلند آواز سے آمین کہنا کیسا ہے؟ | 37 |
| ۵۶ | رفع یدین کرنا کیسا ہے؟ | 38 |
| ۵۷ | شیعہ کے پیچھے نماز جائز ہے یانہیں؟ | 38 |
| ۵۸ | تبرائی کسے کہتے ہیں؟ | 39 |
| ۵۹ | جوشخص ضروریات دین کا منکر ہواس کے پیچھے نماز کا حکم۔ | 39 |
| ۶۰ | ''مفتیٰ بہا'' کسے کہتے ہیں؟ | 39 |
| | **سوالات جرح وجوابات** | 39 |
| ۶۱ | علم دین میں کون کون سی کتابیں ہیں؟ | 39 |
| ۶۲ | درسِ نظامی سے کیا مراد ہے؟ | 40 |
| ۶۳ | اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نے کون کون سی کتب احادیث درس فرمائی ہیں؟ | 40 |
| ۶۴ | مسلمانوں کے یہاں مذہبی کتابوں میں کس کتاب کواول درجہ حاصل ہے؟ | 41 |
| ۶۵ | قرآن مجید کے بعد کس کتاب کواول درجہ حاصل ہے؟ | 41 |
| ۶۶ | کتبِ احادیث کی درجہ بندی اور ترتیب کیا ہے؟ | 41 |
| ۶۷ | صحیح بخاری وصحیح مسلم میں کسے فوقیت حاصل ہے؟ | 42 |
| ۶۸ | ''تقلید کرنا'' کس مجبوری کے تحت ضروری ہے؟ | 43 |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| ۶۹ | آئمۂ اربعہ کس زمانے میں پیدا ہوئے اور کس زمانے میں انتقال فرمایا؟ | 44 |
| ۷۰ | مجتہد کسے کہتے ہیں؟ | 44 |
| ۷۱ | آئمۂ اربعہ مجتہد تھے یا نہیں؟ | 45 |
| ۷۲ | مجتہد کو تقلید جائز ہے یا نہیں؟ | 45 |
| ۷۳ | حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں عام مسلمانوں کا مذہب کیا تھا؟ | 46 |
| ۷۴ | حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں مسلمانوں کا مذہب حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی تھا یا نہیں؟ | 46 |
| ۷۵ | اشعریہ اور ماتریدیہ کون لوگ ہیں؟ | 46 |
| ۷۶ | ''شرح مسلم الثبوت'' سے متعلق ایک سوال | 47 |
| ۷۷ | سوادِ اعظم سے کیا مراد ہے؟ | 47 |
| ۷۸ | ''شرح مسلم الثبوت'' کی ایک عبارت کا جواب | 48 |
| ۷۹ | ''حجۃ اللہ البالغہ'' میں بطور تتمہ شامل کی جانے والی چند عبارتوں کی نشاندہی۔ | 50 |
| ۸۰ | اسلام میں ''قانونِ اصلی'' کیا ہے؟ | 52 |
| ۸۱ | حدیث، قانون اصلی نہیں بلکہ قرآن مجید کے تابع ہے۔ | 52 |
| ۸۲ | کسی امر میں نزاع اور اختلاف واقع ہونے کی صورت میں مسلمانوں کو ''قانونِ اصلی'' کی طرف رجوع کرنے کا حکم ہے۔ | 52 |
| ۸۳ | مسلمان کی کیا تعریف ہے؟ | 53 |
| ۸۴ | کیا مسلمان ہونے کے لئے ضروریاتِ دین پر ایمان لانا ضروری ہے، فقط ''کلمہ گوئی'' کافی نہیں ہے؟ | 53 |
| ۸۵ | ''صدقاً من قلبہ'' فرمانے کی وجہ؟ | 53 |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| ۸۶ | صحاح ستہ سے کیا مراد ہے؟ | 54 |
| ۸۷ | دینِ اسلام کس زمانے میں مکمل ہوا؟ | 55 |
| ۸۸ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النّبیّین ہیں، نہ ماننے والا کافر ہے۔ | 56 |
| ۸۹ | حدیث متواتر کسے کہتے ہیں؟ | 57 |
| ۹۰ | ''اہلسنت وجماعت'' کون لوگ ہیں؟ | 57 |
| ۹۱ | توضیح تلویح کی عبارت میں قطع وبرید کی نشاندہی اوراعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کا حافظہ | 59 |
| ۹۲ | ''غنیۃ الطالبین'' کے متعلق شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد کہ یہ حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی کتاب ہرگز نہیں۔ | 60 |
| ۹۳ | باطل مذہب والوں کی پہچان | 61 |
| ۹۴ | ''طحطاوی'' کی ایک عبارت میں قطع وبرید کی نشاندہی | 64 |
| ۹۵ | مسجد عام مسلمانوں کے لیے ہے یا نہیں؟ | 64 |
| ۹۶ | ازروئے قرآن وحدیث وہ کونسی مسجد ہے جس میں صرف ایک ہی فرقہ ومذہب کے مسلمان نماز پڑھ سکتے ہیں۔ | 64 |
| ۹۷ | آیتِ قرآنی کے ذریعے سائل کا ایک مغالطہ اوراس کا جواب | 65 |
| ۹۸ | ''ھدایۃ'' کی ایک عبارت کے ذریعے سائل کا ایک اور مغالطہ | 66 |
| ۹۹ | جولوگ ''کلمہ گو'' ہوں لیکن ضروریاتِ دین کے منکر ہوں ان کے ہاں شادی، بیاہ کرنا کیسا ہے؟ | 67 |
| ۱۰۰ | غیر مقلّد باپ کا ترکہ، مقلّد بیٹے کو ملتا ہے یا نہیں؟ | 67 |
| ۱۰۱ | مقلّد باپ کا ترکہ، غیر مقلّد بیٹے کو ملتا ہے یا نہیں؟ | 68 |
| ۱۰۲ | کافر کا ترکہ، مسلمان کو ملتا ہے یا نہیں؟ | 68 |
| ۱۰۳ | مسلمان کا ترکہ، کافر کو ملتا ہے یا نہیں؟ | 68 |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۴ | چاروں اماموں کی تقلید کا مذہب کس سے جاری ہوا؟ | 68 |
| ۱۰۵ | ''تفسیر مظہری'' کا ایک بے سند قول اوراس کے مخاطب | 69 |
| ۱۰۶ | حدیث سے فتوٰی دینا کیسا؟ | 70 |
| ۱۰۷ | امام شافعی کا ایک قول اوراس میں قطع و برید کی نشاندہی | 73 |
| ۱۰۸ | امام احمد بن حنبل کا تقلید سے متعلق ایک قول اوراس کے مخاطبین | 74 |
| ۱۰۹ | چاروں اماموں سے پہلے تقلیدی مذہب جاری تھا یانہیں؟ | 74 |
| ۱۱۰ | تقلید کے ثبوت میں قرآنی آیات | 75 |
| ۱۱۱ | امامت کا زیادہ مستحق کون ہے؟ | 78 |
| ۱۱۲ | مکہ معظّمہ میں چار مصلے کس نے قائم کیے، کیوں کئے اورکب قائم ہوئے؟ | 82 |
| ۱۱۳ | چار مصلّے قائم کرنے کے جواز پرایک دلیل | 83 |
| ۱۱۴ | اجماع کی تقلید واجب ہے۔ | 87 |
| ۱۱۵ | لزوم کفر اورالتزام کفر میں ایک نفیس فرق | 88 |
| ۱۱۶ | مکروہ یاحرام کے قول کوترک کرنے سے تھوڑا بہت ثواب ملتا ہے یانہیں؟ | 88 |
| ۱۱۷ | امر کے حقیقی معنٰی وجوب ہیں یانہیں؟ | 90 |
| ۱۱۸ | لفظ کے حقیقی معنٰی چھوڑ کر مجازی معنٰی مراد لینا کب جائز ہے؟ | 91 |
| ۱۱۹ | حقیقی ومجازی معنٰی کی تعریف | 91 |
| ۱۲۰ | صیغۂ امر ہمیشہ وجوب کے لیے نہیں ہوتا | 92 |
| ۱۲۱ | بصوت مجبوری، ممنوعہ امور کی رخصت مل جاتی ہے۔ | 93 |
| ۱۲۲ | صحیح بخاری کا ایک بے سند قول اوراسکی وضاحت | 95 |
| ۱۲۳ | فاسق ومبتدع کے پیچھے بلا مجبوری نماز پڑھنا گناہ ہے۔ | 96 |
| ۱۲۴ | ''تفسیر احمدی'' کی ایک بے سند حکایت اوراس کے مخاطب | 96 |
| ۱۲۵ | ماخذ ومراجع | 97 |


www.dawateislami.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

اعلیٰ حضرت، امام اہلسنّت، عظیم البرکت، پروانۂ شمعِ رسالت، مجددِ دین و ملت، الشّاہ امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ ایک ایسی شخصیت ہیں جو کسی تعارف کی محتاج نہیں، ایک ایسی جلیل القدر ہستی کہ جن کے فہم و فراست و علمی جلالت کو اپنے تو اپنے، غیروں نے بھی تسلیم کیا۔

ایسی یگانۂ روزگار ہستی کہ جسے تقریبا پچپن (۵۵) سے زائد علوم پر مکمل دسترس حاصل تھی، کسی بھی شعبہ ہائے زندگی خواہ تحریری ہو یا تقریری، علمی ہو یا ادبی، اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کی شخصیت نہ صرف یہ کہ دنیائے سنّیت کے لئے مشعل راہ ہے بلکہ غیروں اور بدمذہبوں کے لئے ہدایت کے ایک روشن منارے کی حیثیت رکھتی ہے۔

اعلیٰ حضرت تقریبا ایک ہزار سے زائد کتب کے مصنف بھی ہیں، ان کے افکار و خیالات نے جب کبھی الفاظ کا جامہ پہنا ان کے قلم نورِفزا نے علم و ادب کی روش پر ایسے خوشنما وخوش رنگ گل بوٹے کھلا دیئے ہیں کہ جن کی مہک سے کل عالم تا ابد معطر رہے گا۔

جب یہ نور برساتا قلم شاعری کی راہ پر گامزن ہوتا ہے تو ''حدائق بخشش'' کے نام سے ایک ایسا دیوان ترتیب پاتا ہے جس کا ہر ہر شعر اپنے اندر عشقِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گنجینہ لئے ہوئے ہے۔

جب اسی قلمِ نور سے افتاء نویسی کا کام ہوتا ہے تو ''فتاوٰی رضویہ'' کے نام سے بارہ (تخریج شدہ ۲۷) جلدوں میں گویا مسائلِ دینیہ کا ایک عظیم سمندر گویا کوزے

www.dawateislami.net

میں بند ہوتا محسوس ہوتا ہے۔

اور جب یہی قلم پُر نور ترجمۂ قرآن کا عزم باندھتا ہے تو گویا کوثر و تسنیم میں ڈُھلا ہوا ایک ایسا شاہکار ترجمہ ''کنزالایمان'' کے نام سے تراجمِ قرآن کے اُفق پر اُبھرتا ہے جو نہ صرف حقیقی معنٰی میں ایمان کا کنز (خزانہ) ہے بلکہ مقامِ الوہیت و رسالت کا بہترین محافظ بھی ہے۔

اور جب یہی کلکِ رضا خنجرِ خونخوار، برق بار بن کر گستاخان و شاتمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تعاقب میں چلتا ہے تو دشمنوں کے سینوں میں گہرا غار ڈال کر چھوڑتا ہے۔

زیرِ نظر رسالہ ''إظهار الحق الجلي'' (اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ الرحمٰن سے سوال جواب) درحقیقت غیر مقلّدین کے رد سے متعلق ہے، پوری امّت مسلمہ کا اس بات پر ''اجماع'' ہے کہ ''تقلید ضروریاتِ دین میں سے ہے''، اور ہر عام مسلمان کا مقلّد ہونا نہایت ضروری بلکہ واجب ہے، اور تمام مسلمان کم و بیش ایک ہزار سال سے بھی زائد عرصے سے تقلید کے قائل چلے آرہے ہیں، اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ الرحمٰن کے زمانہ میں ایک ایسے فتنے نے سر اُٹھانا شروع کیا جو خود کو ''اہل حدیث'' کہتے تھے، اس فرقے نے تقلید کا انکار کیا اور عوام میں اس بات کا پرچار کیا کہ '' قرآن و حدیث سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کے لئے کسی امام یا مجتہد کی تقلید ضروری نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو عقل سے نوازا ہے اور وہ اپنی فہم و فراست اور عقل کی بنیاد پر قرآن و حدیث کو سمجھنے اور اس سے مسائل استنباط کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے''، نتیجۃً ہر شخص دینی احکام کو اپنی عقل کے تابع کرنے لگا، جس سے اُمّت میں

www.dawateislami.net

انتشار پیدا ہوا اور تفرقہ بازی کی ہوا چل نکلی،اس سلسلے میں مرکزی کردار مولوی اسماعیل دہلوی نے ادا کیا،جس نے اپنی رسوائے زمانہ کتاب ''تقویۃ الایمان'' میں ترکِ تقلید کی ترغیب دی ۔قولاً اور فعلاً عوام کو یہ باور کروانے کی کوشش کی کہ قرآن وحدیث سمجھنے کے لئے کوئی خاص علم درکار نہیں ۔اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بروقت اس فتنہ کی سرکوبی فرمائی اور اپنی تحریر کے ذریعے مسلمانوں کو اس فرقۂ باطلہ سے خبردار کیا۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ردِّ غیر مقلدین پرکئی رسائل تصانیف فرمائے۔جو سب کے سب اس موجیں مارتے ہوئے سمندر کی طرح ہیں جو اپنی زد میں آنے والی ہر چیز کو تہس نہس کرکے رکھ دیتا ہے۔اس رضوی خنجر خوں خوار کے آگے جب غیر مقلّدین کو اپنی موت یقینی نظر آنے لگی تو انہوں نے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلاف انگریزی کورٹ میں مقدمہ کردیا،جب اس کیس کے سلسلے میں مزید پیش رفت ہوئی تو مجسٹریٹ کی جانب سے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کورٹ میں حاضر ہونے کے لئے کہا گیا۔چونکہ امامِ اہل سنّت،اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ انگریزی گورنمنٹ کی کورٹس میں حاضر ہونا،خلافِ شرع سمجھتے تھے،اس لئے آپ وہاں نہ گئے،اس پر مجسٹریٹ کی نمائندہ ٹیم آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی ، غیر مقلّدین اور دیگر عنوانات سے متعلق چند سوالات کیے۔آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خوش اسلوبی سے اپنے مؤقف کا اظہار کیااورنہایت مختصر مگر جامع انداز میں مدلل ومسکت جوابات ارشادفرمائے۔

سوال وجواب کے اس سلسلہ میں اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے

www.dawateislami.net

لئے لفظ ''مُظْہِر'' استعمال فرمایا ہے۔ یہ رسالہ صرف امام اہل سنّت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مبارک ملفوظات کا مجموعہ ہی نہیں بلکہ بیش بہا معلومات کا خزانہ بھی ہے۔ نیز دورانِ مطالعہ آپ پر یہ انکشافات حیرانگی کا باعث ہوں گے کہ غیر مقلّدین نے کس طرح اپنی خواہشات کے مطابق نہایت اہم کتب میں قطع و برید سے کام لیا ہے۔

الحمدلِلّٰہ علٰی احسانہٖ! عالم اسلام میں مجلس: ''المدینۃ العلمیۃ'' ہی کو یہ سعادت نصیب ہوئی کہ اس نے اس رسالہ پر نہایت عرق ریزی اور باریک بینی سے تخریج وحواشی کا کام پایۂ تکمیل تک پہنچایا، جس سے اسکی افادیت واہمیت میں چارچاند لگ گئے ہیں۔ عوام النّاس کے لئے یہ رسالہ بالعموم اور اہلِ علم حضرات کے لئے بالخصوص اہمیت کا حامل ہے۔ آپ کے ذوقِ مطالعہ کے معیار کا خیال کرتے ہوئے دورانِ کمپوزنگ کاماز، کالن، سیمی کالن اور بریکٹ وغیرہ بھی لگائے گئے ہیں، نیز پروف ریڈنگ کا بھی خاص خیال رکھا گیا ہے، قارئین کی سہولت کے لئے قرآنی آیات واحادیث اور عربی عبارات کا ترجمہ اور مشکل الفاظ کے معانی ومتعلقہ امور کو بھی حواشی میں لکھ دیا گیا ہے تاکہ مکمل بات سمجھنے میں آسانی رہے۔ نیز ان عبارتوں کے ساتھ ساتھ تخریج کا بھی اہتمام کیا گیا ہے تاکہ علماء کرام کو اصل ماخذ سے رجوع کرنے میں اپنا قیمتی وقت صرف نہ کرنا پڑے۔ اس سلسلے میں حواشی وتخریج کی خدمات مولانا عبدالرشید ہمایوں المدنی اور مولانا محمد یونس علی عطاری المدنی نے انجام دی ہیں، جبکہ مولانا عبدالرّزاق العطاری المدنی نے اس پر نظر ثانی فرمائی ہے۔ علاوہ ازیں یہ رسالہ اس حوالے سے بھی امتیازی حیثیت کا حامل ہے کہ امیرِ اہل سنّت، شیخِ طریقت، حضرت علامہ مولانا ابوبلال، محمّد الیاس عطار قادری،

www.dawateislami.net

رضوی، ضیائی دامت برکاتہم العالیہ نے، امامِ اہل سنّت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے بذاتِ خود اس کا اردو نام "اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال، جواب" تجویز فرمایا ہے، جو یقیناً اسم بامسمّٰی ہے۔ یاد رہے کہ "المدینة العلمیة" کا قیام امیرِ اہل سنّت دامت برکاتہم العالیہ ہی کی انقلابی سوچ کا نتیجہ ہے۔ جو "دعوتِ اسلامی" کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے زیرِ اہتمام کامیابی سے اپنی منزل کی جانب گامزن ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے روز افزوں ترقی نصیب فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مجلس: المدینة العلمیة (شعبۂ کتب اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

www.dawateislami.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْم

نقل اظہار حضور پُرنور، مرشد برحق، امام اہلسنّت، مجدد دین وملّت سیدنا اعلیٰ حضرت مولانا شاہ عبدالمصطفٰے احمد رضا خاں صاحب قبلہ فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ گواہ جانب مدعا علیہم بمقدمہ نمبر ۲۸ ۱۹۰۲ء حاجی الٰہی بخش وغیرہ مدعیان بنام ابوالبرکات وغیرہ مدعا علیہم محکمہ صاحب جج بہادر شہر آرہ نسبت مسجد ڈومرادل، منفصلہ ۱۷ جون ۱۹۰۳ء جو بذریعہ بند کمیشن کے ہوا۔

مسمّٰی بنام تاریخی ''إظهار الحق الجلي'' ۱۳۲۰ھ۔

## سوالاتِ چیف جانبِ مدعا علیہم مع جواب

سوال نمبر ۱:۔ نام، عمر، سکونت، پیشہ ؟

جواب:۔ مُظہِر (۱) کا نام مولوی حاجی احمد رضا خاں صاحب ولد حضرت مولانا مولوی نقی علی خاں صاحب، عمر ۴۸ سال، پیشہ زمینداری۔

سوال نمبر ۲:۔ آپ تمام علوم دینیات سے پوری طور پر واقفیت رکھتے ہیں ؟

جواب:۔ میں آبا واجداد سے علوم دین کا خادم ہوں۔ چوہتر (74) سال سے میرے یہاں سے فتوٰی جاری ہے۔ تمام ہندوستان اور کشمیر اور برما سے مسائل کے سوالات آتے ہیں۔ ابھی چین سے چودہ مسئلے دریافت کئے ہیں، چنانچہ لفافہ مرسلہ

---

۱۔ بیان کرنے والا۔ یہاں مراد اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ الرحمٰن ہیں۔

www.dawateislami.net

چین داخل کرتا ہوں۔

سوال نمبر۳: آپ کا مذہب کیا ہے؟

جواب: مسلمان سُنّی مقلّد۔

سوال نمبر۴: ہندوستان کے عام سنی مسلمانوں کا کیا مذہب ہے؟

جواب: یہی مذہب ہے جو میرا مذہب ہے۔

سوال نمبر۵: غیر مقلّد جو اپنے آپ کو اہل حدیث کہتے ہیں ہندوستان میں کب ظاہر ہوئے؟

جواب: ان کو پیدا ہوئے ابھی سو برس نہیں گزرے، ۱۲۳۳ھ میں دہلی کے ایک شخص اسمٰعیل نے یہ نیا مذہب نکالا (۱) اور ہندوستان کو دارالحرب بتا کر جہاد کا جھنڈا

---

۱۔صدر الشّریعہ بدرالطّریقہ مولانا امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ اس نئے مذہب کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں کہ ''یہ ایک نیا فرقہ ہے جو ۱۲۰۹ھ میں پیدا ہوا اس مذہب کا بانی محمد بن عبدالوھاب نجدی تھا جس نے تمام عرب خصوصًا حرمین شریفین میں بہت شدید فتنے پھیلائے ،علماء کو قتل کیا ، صحابہ کرام وآئمہ علماء وشہدا کی قبریں کھود ڈالیں ، روضۂ انور کا نام معاذ اللہ صنم اکبر رکھا تھا یعنی ''بڑا بت'' اور طرح طرح کے ظلم کئے جیسا کہ صحیح حدیث شریف میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ نجد (موجودہ نام ''ریاض'') سے فتنے اٹھیں گے اور شیطان کا گروہ نکلے گا،وہ گروہ بارہ سو برس بعد یہ ظاہر ہوا ،علامہ ابن عابدین شامی علیہ رحمۃ نے اسے خارجی بتایا، اس عبدالوھاب کے بیٹے نے ایک کتاب لکھی جس کا نام توحید رکھا،اس کا ترجمہ ہندوستان میں اسماعیل دہلوی نے کیا جس کا نام ''تقویۃ الایمان'' رکھا اور ہندوستان میں اسی نے وہابیت پھیلائی۔ان وہابیہ کا ایک بہت بڑا عقیدہ یہ ہے کہ جو ان کے مذہب پر نہ ہو وہ کافر ،مشرک ہے یہی وجہ ہے کہ بات بات پر محض بلاوجہ مسلمان پر حکمِ شرک وکفر لگایا کرتے اور تمام دنیا کو مشرک بتاتے ہیں۔ (ملخص از:۔بہار شریعت ،جہیز ایڈیشن حصہ اول ص ۵۵۔۵۴ مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی )

www.dawateislami.net

قائم کیا(۱)۔

ا۔کسی بھی دار السلام کے دار الحرب ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہاں احکامِ شرک اعلانیہ جاری ہوں اور اسلامی شعائر واحکام مطلقاً جاری نہ ہوں جبکہ ہندوستان میں ایسا ہرگز نہیں بلکہ مسلمانوں کو ہر طرح کی آزادی حاصل تھی اور ہے۔لیکن اسماعیل دہلوی نے ہندوستان کو دارالحرب قرار دے کر جہاد کا نعرہ بلند کیا جبکہ اس کے پسِ پردہ مقاصد کا حصول ''سستی شہرت اور سود کا جائز'' ہونا تھا کیونکہ شریعتِ مطہرہ کے اصول کے مطابق اگر کوئی مسلمان دارالحرب میں ہے تو اسے کفار سے زیادتی بلاعوض حاصل کرنا جائز ہے، مسلمان کے لئے وہ ہرگز سود میں شمار نہ ہوگا۔اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ الرحمٰن نے اسماعیل دہلوی کے رد میں ایک مستقل رسالہ ''اِعــلام الأعـلام بأن هندوستان دار السلام'' (یعنی بلاشک وشبہ ہندوستان دار السلام ہے)تحریر فرمایا جوکہ فتاوٰی رضویہ(جدید) کی چودھویں جلد میں موجود ہے۔دارالحرب میں رہنے والے مسلمانوں کو یہ بھی حکم ہے کہ اگر ان کو قدرت واستطاعت ہوتو وہ ہجرت کر کے دارالسلام جائیں تاکہ ان کو احکامِ شریعت پر عمل کرنے میں آسانی ہو۔مذکورہ بالا رسالہ میں اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ الرحمٰن نے اسماعیل دہلوی کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر ہندوستان دارالحرب ہے تو یہاں سے ہجرت کیوں نہیں کر جاتے جبکہ انگریز گورنمنٹ کی طرف سے کسی قسم کی روک ٹوک بھی نہیں ۔ ہندوستان کے دارالحرب نہ ہونے پر مزید دلائل دیتے ہوئے'' فصول عمادیہ'' کے حوالہ سے فرماتے ہیں کہ''دارالسلام میں جب تک کچھ بھی احکامِ اسلام باقی رہیں وہ دارالحرب نہ بنے گا اگرچہ وہاں اہل اسلام کا غلبہ ختم ہوجائے'' جبکہ اس کے برعکس صاحبِ درمختار کی ''المنتقی'' سے لکھا''کہ دارالحرب میں بعض اسلامی احکام نافذ ہوجائیں تو وہ دارالسلام بن جاتا ہے'' مزید برآں یہ کہ کسی ایسی جگہ پر'' جہاں احکام شرک واحکام اسلام دونوں نافذ ہوں (جیسا کہ فی الوقت تقریباً پوری دنیامیں ایسا ہی ہے) تو وہ دارالحرب نہیں ہوگا''(ملخص از'' فتاوٰی رضویہ'' (جدید)،ج۱۴،ص ۱۰۵تا۱۰۹،رضا فاؤنڈیشن لاہور)

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۶: اس سے پہلے سنّیوں میں ہندوستان کے تمام مسلمان کس مذہب پر تھے اور سلاطین کس مذہب پر تھے ؟

جواب: تمام مسلمان رعایا و سلاطین سب مقلّد، سنّی حنفی تھے۔ اسی لئے گورنمنٹ نے حنفی مذہب کو اس ملک کے سنّی مسلمانوں کا مذہب مان کر اسی مذہب کی کتابیں ''ھدایہ، قاضی خاں، عالمگیری، درمختار'' انگریزی میں ترجمہ کرائیں اور انہیں کتابوں پر مقدمات فیصل ہوتے ہیں۔ غیر مقلّد کی کوئی کتاب نہ ترجمہ ہوئی اور نہ اس پر فیصلہ ہوا۔

سوال نمبر ۷: سلطنت کی حالتِ قوت میں یہ فرقۂ غیر مقلّدین پیدا ہوا یا کب اور نکل کر اپنا نام کیا رکھا ؟

جواب: یہ فرقہ، ضعف سلطنت میں پیدا ہوا۔ اپنا نام موحد و محمدی و عامل بالحدیث رکھا اور اہلسنّت نے عرب و عجم میں ان کا نام وہابی اور غیر مقلّد (۱) اور لامذہب رکھا انھوں نے اہلسنّت ہونے کا دعوٰی کیا۔ مگر عرب و عجم کے اہلسنّت نے ان کو ''اہل بدعت'' جانا۔

---

۱۔ جو کسی کے پیرو کار نہ ہوں۔ مقلد کا معنی پٹہ ڈالنے یا اطاعت کرنے کے ہیں۔ آئمہ اربعہ یعنی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ، امام شافعی رضی اللہ عنہ، امام مالک رضی اللہ عنہ اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کی فقہ پر عمل کرنے والوں کو بالترتیب حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی مقلّد کہتے ہیں۔ اجماع امّت کی رو سے جو شخص ان چاروں آئمہ میں سے کسی ایک کا بھی مقلّد نہیں وہ گمراہ و بددین ہے۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کی تحریر ''الفضل الموھبی''، المعروف رد غیر مقلدین۔

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۸ :اس فرقہ کے ظاہر ہونے پر ہندوستان کے علمائے اہلسنّت نے اس کی تردید کی یا نہیں اور علمائے حرمین شریفین سے فتاوٰی اس مذہب کے بطلان پر آئے یا نہیں ؟

جواب : ہاں ۔

سوال نمبر ۹ :اس فرقۂ جدیدہ کا فتنہ، ہندوستان میں دفعتًا پھیلا یا آہستہ آہستہ اور ہر جگہ اور ہر مقام میں اس کی کثرت ہوئی یا کیا ؟

جواب :اس کا فتنہ بتدریج پھیلا ۔ بہت جگہ ابھی تک ان کا نام ونشان نہیں اور بعض جگہ چند سال سے گنتی کے لوگ اس مذہب کے ہوئے ہیں ۔

سوال نمبر ۱۰ : غیر مقلّدین، اہلسنّت میں داخل ہیں یا مبتدع [۱] ہیں اور مبتدع ہیں تو کس دلیل سے ؟

جواب : غیر مقلّدین مبتدع، گمراہ ہیں ۔علمائے عرب وعجم کا اس پر اتفاق ہے ۔دیکھو عرب شریف کا فتوٰی، ''فتاوی الحرمین'' [۲] جس پر علمائے مکہ و مدینہ کی مُہریں ہیں

۱۔دین میں نئی بات نکالنے والا ،بدعت کرنے والا ۲۔اعلٰی حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ''اکابرین دیوبند'' رشیداحمد گنگوہی ، قاسم نانوتوی،خلیل احمد انبیٹھوی اور اشرف علی تھانوی علیہم ماعلیہم کو ان کی کفریہ عبارات پر مطلع فرمایااور ان سے توبہ نامہ شائع کرنے کا مطالبہ فرمایالیکن انھوں نے توبہ کرنے کے بجائے حسبِ سابق ان کفریہ عبارات پر مشتمل کتب کی اشاعت کا سلسلہ جاری رکھا،اعلٰی حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ہر علمی میدان میں ان کفریہ عبارات کو چیلنج کیا اور مقابلے کی دعوت دی لیکن ''اکابرینِ دیوبند'' کی طرف سے کسی قسم کی پیش رفت نہ ہوئی۔جن کتابوں میں یہ کفریہ عبارات شائع ہوئیں ان کے نام یہ ہیں (i)تحذیر النّاس (ii)براہینِ قاطعہ ،(iii)حفظ الایمان ۔یہ کتب آج بھی اسی طرح ان کفریہ عبارات کے ساتھ =

www.dawateislami.net

اور کتاب ''فتح المبین'' اور ''جامع الشواھد'' جن پر عرب و ہند کے بہت سے علماء کی مہریں ہیں اور ''طحطاوی حاشیہ درمختار''(۱) میں ان کے بدعتی ہونے کی تصریح ہے۔

سوال نمبر ۱۱: فرقہ غیر مقلّدین کیوں کر مذاہب اربعہ(۲) اہلسنّت و جماعت سے خارج ہیں جو بدعتی اور ناری ہوئے بلکہ وہ تو بلاتعیّن چاروں اماموں کی تقلید کرتے ہیں؟

جواب: یہ غیر مقلّدین کا دھوکہ ہے ان کے یہاں تقلید شرک ہے۔ ان کے پیشوا اسمٰعیل دہلوی اور صدیق حسن خان بھوپالی اسے لکھ گئے ہیں، چاروں اماموں کو حدیث کا مخالف بتاتے ہیں۔ انہیں کی کتاب ''ظفر المبین'' اسی بیان میں ہے، یہ کوئی مسئلہ کسی امام کی تقلید سے نہیں مانتے، اتفاقیہ کوئی موافقت ہوجائے تو دوسری

---

=ان کے مکتبوں سے شائع ہورہی ہیں اور لوگوں کے ایمان میں خرابی کا باعث بن رہی ہیں۔ بہرحال اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے'' تحذیرالناس'' کی اشاعت کے تیس (30)سال بعد،''براھینِ قاطعہ'' کی اشاعت کے تقریباً سولہ (16)سال بعداور''حفظ الایمان'' کی اشاعت کے قریبًا ایک سال بعد ۱۳۲۰ھ میں مذکورہ بالا اشخاص پر ان کفریہ عبارات کی وجہ سے کفر کا فتوی صادر فرمایاجسکی تصدیق ''علمائے حرمین شریفین'' نے فرمائی، انہی تصدیقات کو ''فتاوی حرمین'' کہتے ہیں یہ تصدیقات ''حسام الحرمین'' کے نام سے اردو ترجمہ کے ساتھ مکتبۃ المدینہ (پرانی سبزی منڈی، فیضانِ مدینہ کراچی) پر بآسانی دستیاب ہیں۔

۱۔حاشیة الطحطاوي علی الدر المختار، کتاب الجهاد، باب البغاة، ج ۲، ص ۴۹۴، المکتبة العربیة، کوئٹه

۲۔(i)حنفیہ(ii)شافعیہ(iii)مالکیہ(iv)حنبلیہ

www.dawateislami.net

بات ہے اسے اتباع نہیں کہیں گے۔ دیکھو" توضیح و تلویح (۱)"۔

سوال نمبر۱۲: یہ بیان کیجئے کہ غیر مقلدین کے مسائل ایسے بھی ہیں جو مذاہب اربعہ اہلسنّت میں سے کسی کے نزدیک جائز نہ ہوں؟

جواب: بہت مسائل ہیں جیسے ایک جلسہ میں تین طلاقوں سے ایک ہی طلاق پڑنا، وضو میں سر کی جگہ پگڑی کا مسح، ان کی کتاب "تحفۃ المومنین" میں جو اُن کے پیشوا نذیر حسین کے شاگرد نے بعد نظر ثانی کے مطبع نولکشور میں دوبارہ چھپوائی اس کے صفحہ ۱۷ پر صاف لکھا ہے کہ پھوپھی کے ساتھ نکاح درست ہے ان کے یہاں خون اور شراب اور سور کی چربی ناپاک نہیں جیسا کہ ان کی "روضہ ندیہ" صفحہ۱۲ وغیرہ سے ثابت ہے۔

سوال نمبر۱۳: قیاس ابوحنیفہ کے خلاف و باطل کہنے والے کو کیا لکھا ہے ؟

جواب: "فتاوٰی عالمگیری (۲)" وغیرہ میں ہے "جو شخص امام ابوحنیفہ کے قیاس کو حق نہ مانے وہ کافر ہے"۔

**سوال نمبر۱۴: غیر مقلدین کے پیشواؤں نے بزرگان دین و فقہائے کرام و مقلدین مصلائے اربعہ (۳) کی نسبت اور نیز قبۂ**

---

۱۔توضیح تلویح،فصل في تقليد الصحابي رضي الله عنه، ج۲،ص ۴۹۴،۴۹۳،میر محمد کتب خانہ،کراچی۔

۲۔"الفتاوى العالمكيرية المعروفة "بالفتاوى الهنديه" مطلب موجبات الكفر الخ،ومنها ما يتعلق بالعلم و العلماء،ج۲،ص ۲۷۱ المكتبة الرشيديه کوئٹہ۔

۳۔ترکوں کے دَورِ حکومت میں حرم شریف میں چار مصلّے قائم کئے گئے تھے تاکہ حنفی،شافعی،مالکی اور حنبلی فقہ سے تعلق رکھنے والے مسلمان، اپنی اپنی فقہ کے مطابق مسجدِ حرام شریف میں نماز باجماعت ادا کرسکیں،حنفی مصلّٰی شمالی جانب،شافعی مصلّٰی جنوب مشرقی سمت میں،حنبلی مصلّٰی =

www.dawateislami.net

مبارک (۱) (حضور صاحب لولاک ) صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کیا لکھا ہے ؟

جواب :ان کے پیشوا صدیق حسن خاں وغیرہ نے شرک و بدعت ومشرک لکھا ہے۔

سوال نمبر ۱۵ :نواب صدیق حسن خاں نے خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں کیا بے ادبی کے کلمات لکھے ہیں ؟

جواب :اپنی کتاب ''انتقاد الرجیح'' کے غالبًا صفحہ ۶۲ پر صریح گمراہ بتایا ہے کہ'' انہوں نے جماعت تراویح کو رواج دیا اور خود اسے بدعت کہہ کر اچھا بتایا حالانکہ کوئی بدعت قابل ستائش نہیں، سب گمراہی ہے''۔

سوال نمبر ۱۶ :شیخینؓ کو جو گالی دینے والا ہے اس کے بارے میں اکابر اہلسنّت کی کیا رائے ہے ؟

جواب :جو شخص ابوبکر صدیق یا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو برا کہے بہت سے آئمہ نے اسے کافر کہا ہے ۔ اور اس قدر پر تو اجماع ہے کہ ایسا شخص بددین ہے (۲) دیکھو

---

= جنوب مغربی اور مالکی مصلّی مغرب کی سمت میں واقع تھا ،بعد ازاں نجدی حکومت نے ان مصلّوں کو اٹھوادیا تھا (حدیقہ ندیہ شرح طریقۂ محمدیہ باب وقد سئل بعض العلماء عن ھذہ المقامات الخ ، ج ۱،ص ۱۴۶، دارالطباعۃ عامرہ ،مصر)

۱۔حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مبارکہ کا گنبد شریف

۲۔اگر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرتِ عمر رضی اللہ عنہ کو گالی نکالتا ہے جب تو اس کے کافر ہونے میں کسی قسم کا شک وشبہ نہیں اور اگر صرف حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شیخین کریمین سے افضل بتائے تو پھر گمراہ ہے فتاوی بزازیہ علیٰ ھامش فتاوی الھندیہ ،نوع فیما یتصل بہا ج ۶ ،ص ۳۱۹ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ ،سرکی روڈ ،کوئٹہ ،فتاوٰی رضویہ جدید، کتاب السّیر ،ج ۱۴،ص ۲۵۲ رضا فاؤنڈیشن لاہور )

www.dawateislami.net

تنویر الابصار ،درمختار، فتاویٰ عالمگیری ، فتاوی خلاصہ، فتح القدیر ، اشباہ و بحرالرائق، غنیۃ [1]،عمودالدر یہ وغیرہ۔

سوال نمبر۱۷:ایسا کہنے والے کو احتیاطاً کافر نہ کہیں تو مبتدع کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب :ضرور مبتدع و گمراہ ہیں ۔

سوال نمبر۱۸:حنفیوں کی نماز شافعی المذہب کے پیچھے جائز ہے یانہیں ؟

جواب :اس میں بہت اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ شافعی نے اگر فرائض وشرائط حنفی کی رعایت نہ کی تو اسکے پیچھے حنفی کی نماز جائز نہیں،دیکھو ''بحرالرائق''اور ''ردالمحتار''[۲] وغیرہ، اور''فتاویٰ عالمگیری'' وغیرہ میں یہ بھی قید لگائی کہ وہ حنفی کے ساتھ تعصب [۳] نہ رکھتا ہو، ورنہ اس کے پیچھے نماز منع ہے [۴]۔

سوال نمبر۱۹:حنفیوں کی نماز، غیر مقلّدین کے پیچھے جائز ہے کہ نہیں؟

جواب : جائز نہیں ہے اس لئے کہ غیر مقلّدین اہل ہوا [۵] سے ہیں جس کا بیان ابھی گزرا، اور اہل ہوا کے پیچھے نماز جائز نہیں ہے۔''فتح القدیر شرح ہدایہ'' میں ہے

۱۔اسی طرح حضرت ابوبکر صدیق یا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت یا صحابیت کا انکار کرنے والا بھی کافر ہے۔ (غنية المستملي ،فصل الأولى ،باب الإمامة،ص ۵۱۵، سہیل اکیڈمی لاہور)

۲۔ ردّ المحتار على الدرّالمختار، كتاب الصّلاة،مطلب:في الاقتداء بشافعي،ج ۲،ص ۳٦۱، دارالمعرفة،بيروت ۳۔دشمنی،بغض

۴۔الفتاوٰی العالمكيريه، كتاب الصلاة، الفصل الثالث، الباب الخامس في الإمامة،ج ۱ص ۸۴،مكتبۂ رشيديه،سركی روڈ كوئٹه۔

۵۔بدمذہب،بدعتی،خواہشات نفسانیہ کی پیروی کرنے والوں میں سے ہیں۔

www.dawateislami.net

کہ امام محمد، امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف سے روایت فرماتے ہیں کہ اہل ہوا کے پیچھے نماز ناجائز ہے[1] اوران کے مذہبی مسئلے اس قدر مخالف ہیں کہ ہمارے مذہب میں نہ ان کی طہارت ٹھیک ہوتی ہے اور نہ نماز، کہ یہ مردار اور سور کی چربی تک کو ناپاک نہیں جانتے ہیں اور کٹورے بھر پانی میں چھ ماشہ پیشاب پڑ جائے تو اسے پاک سمجھتے ہیں ۔ ان کا مذہب یہ ہے کہ جب تک اتنی نجاست نہ پڑے کہ پانی کا رنگ ، مزہ ، بو بدل جائے اس وقت تک پانی پاک رہے گا۔ دیکھو غیر مقلّدین کی کتاب ''فتح المغیث'' صفحہ ۵ اور '' طریقہ محمدیہ'' صفحہ ۶، ۷۔

سوال نمبر ۲۰ : کیا حرمین شریفین میں چاروں مذہب کے اہلسنّت و جماعت غیر مقلّدوں کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں؟

جواب: یہ محض غلط ہے۔

سوال نمبر ۲۱: مولوی نذیر حسین پیشوائے غیر مقلّدین جب مکہ معظّمہ گئے تھے حاکم مکہ نے ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا تھا؟

جواب: نذیر حسین دہلوی ذوالحجہ ۱۳۰۰ھ میں مکہ معظّمہ گئے، وہاں مخبری ہوئی کہ یہ اور ان کا ایک ساتھی سلیمان جونا گڑھی غیر مقلّد ہیں اور مسجد الحرام میں غیر مقلّدین کے مسائل بیان کرتے ہیں، اس پر دوڑ آئی یہ دونوں غیر مقلّد اور ان کے ساتھی گرفتار ہوئے، تین دن حوالات میں رہے پھر دولتِ عثمان نوری پاشا، گورنر ملکِ حجاز کے حضور ان کی پیشی ہوئی وہاں انہوں نے توبہ کی اور حنفی حاکم نے ان سے توبہ نامہ

---

۱۔ فتح القدیر، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ج ۱، ص ۳۰۴، مکتبۃ رشیدیہ، سرکی روڈ، کوئٹہ

www.dawateislami.net

لکھوالیا، اس وقت رہائی ہوئی۔ یہ خبر میں نے معتبر علماء سے سنی جو اس واقعہ میں موجود تھے۔ پھر مکہ معظّمہ کے چھپے ہوئے اشتہار دیکھے جو وہاں کے مطبع میری میں چھپے تھے،وہ اشتہار پیش کرتا ہوں ۔ پھر دوسرا اشتہار مع ترجمہ وہیں مکہ معظّمہ میں چھپاوہ بھی پیش کرتا ہوں اور اسکے سوا ۱۲۹۵ھ میں کہ مُظْہِرْ (۱) حج کو گیا تھا، قافلہ کی داخلی کعبہ معظّمہ میں تھی، کعبہ معظّمہ کا دروازہ بہت بلند ہے، خادم اوپر بیٹھے لوگوں کا ہاتھ پکڑ کر داخلی کے لئے کھینچ رہے تھے، ایک مغل کی وضع پر افسر کو بدمذہبی کا شبہ ہوا، جب وہ داخلی کے لئے گیا خادم نے دھکا دیا،اس کے ساتھ کا ایک غیر مقلّد وہابی سفارش کو بڑھا، اَفسر کے حکم سے اس وہابی کے سر پر خادم نے اس زور سے چپت لگائی کہ تمام مسجد میں آواز پہنچی ہوگی، یہ میری آنکھ کا دیکھا ہوا ہے، یہ لوگ جب جاتے ہیں اپنا مذہب چھپاتے رہتے ہیں ورنہ سزا پاتے ہیں۔

سوال نمبر۲۲: غیر مقلّدین کے بارے میں ''فتاوی الحرمین'' آپ کے پاس ہیں ؟

جواب :اصل دوفتوے پیش کرتا ہوں، نیز ایک کتاب مطبوعہ بمبئ پیش کرتا ہوں۔

سوال نمبر۲۳: آپ تصدیق کرتے ہیں کہ یہ مہریں وہیں کے علماء کی ہیں ؟

جواب :میں تصدیق کرتا ہوں کہ جو مہریں ان فتووں میں ہیں، وہ وہیں کی ہیں۔

سوال نمبر۲۴: کیونکراور کس وجہ سے آپ تصدیق کرتے ہیں ؟

جواب :مُظْہِرْ نے یہ بڑا فتوٰی مکہ معظّمہ بھیجا تھا اور یہ دوسرا فتوٰی میرے دوست مولوی نذیر حسین احمد خاں صاحب مرحوم نے احمد آباد گجرات سے مدینہ شریف کو بھجوایا تھا وہاں کی مہریں ہوکر بذریعہ مولوی عبدالحق صاحب مجاور (یعنی مہاجر ) کے، ان کے

---

(۱) یعنی میں، (امام احمد رضا خاں علیہ رحمۃ الرحمٰن )

www.dawateislami.net

پاس آیا اور انہوں نے مجھے بھیجا۔ جدہ کا لفافہ موجود ہے اور اس میں سلطانی ٹکٹ (۱) لگے ہیں پیش کرتا ہوں۔ بڑا فتوٰی مکہ شریف کی مہریں ہوکر بذریعہ مولانا حاجی عبدالرزاق صاحب ''مطوف کعبہ معظّمہ'' کے، بمبئی مولوی عمرالدین صاحب کو اور ان کے واسطے سے مجھے پہنچا۔ جدہ کا لفافہ پیش کرتا ہوں اور اس کے ساتھ مولانا حاجی عبدالرزاق صاحب مکی کا یہ خط جو پیش کرتا ہوں، میرے نام آیا اور دوسرا خط اور پیش کرتا ہوں۔ یہ سردار علمائے مکہ معظّمہ مولانا محمد سعید بابصیل نے میرے نام اپنی مہر کے ساتھ مع اسی فتوٰی کے بھیجا۔ اس کی چند سطروں کا خلاصہ، ترجمہ یہ ہے:

''کہ یہ خط ہے حضرت اجل (۲) وافضل میرے سردار اور میرے بھائی اور میرے معزز حضرت احمد رضا قادری محمدی حنفی کو کہ ان کی سعادت اور جلالت ہمیشہ رہے۔ وہ آداب جو آپ کے رتبہ کے لائق ہیں ہدیہ بھیج کر عرض ہے کہ آپ کا عجالہ (۳) جو آپ نے رافضیوں (۴)،

---

۱۔ حکومتی ٹکٹ ۲۔ جلیل القدر، بہت بزرگ ۳۔ رسالہ

۴۔ رافضی کی جمع روافض ہے، مراد اس سے شیعہ حضرات ہیں، یہ انتہائی گستاخ اور بے باک فرقہ ہے، ان لوگوں نے اپنی نفسانی خواہشات کی تکمیل کی خاطر شرعی احکام کو توڑ موڑ کر اور احادیث میں ردوبدل کرکے اپنی فقہ ایجاد کرلی ہے، ان کے عقائد گمراہ کن اور کفریات پر مبنی ہیں مثلاً ''(i) مُردے دوبارہ دنیا میں آئیں گے، (ii) روح دوسرے بدن میں آئے گی (iii) اللہ تعالیٰ کی روح، آئمۂ اہل بیت میں منتقل ہوئی ہے (iv) امام باطن خروج کریں گے (v) امام باطن کے خروج تک امرونہی احکام معطل رہیں گے (vi) حضرت جبریل علیہ السلام سے حضرت علی کے مقابلے میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی لانے میں غلطی ہوئی ہے'' (معاذاللہ) انہی کفریہ عقائد کی بناء پر ان کی تکفیر نہایت ضروری ہے۔ یہ لوگ ملّتِ اسلامیہ سے خارج ہیں اور مرتدین کے احکام ان پر لاگو ہوں گے۔ (ماخوذ از ''فتاوی رضویہ'' جدید، ج ۱۴، ص ۱۲۸، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

www.dawateislami.net

نیچریوں (۱)،

---

ا۔ یہ فرقہ، مولوی اسماعیل دہلوی کے معتقدین ومتبعین کا ایک مخصوص ٹولہ ہے اس کا سنگ بنیاد سرسید احمد خان علی گڑھی نے رکھا تھااس کا مرکز'' علی گڑھ کالج'' قرار پایاموصوف کے معاونین میں سر آغاخان،خواجہ الطاف حسین حالی،علامہ شبلی نعمانی اور مولاناسمیع اللہ خاں دہلوی وغیرہ حضرات تھے۔مذہبی معاملات میں ان کے مشن کو مولوی چراغ علی ،رائٹ آنریبل،سید امیر علی چنسوری،وقارالملک (نواب مشتاق حسین )محسن الملک (سید مہدی علی خاں )اور ڈپٹی نذیر احمد وغیرہ نے پروان چڑھانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی ، بلکہ ہمہ وقت نیامذہب گھڑنے اور مقدس اسلام کو ذبح کرنے میں مصروف رہے۔ یہ فرقہ،عقیدۂ رسالت اوراحادیث مطہرہ کے خلاف ایک چیلنج ہے۔قرآنی تعلیمات کے علمبردار ہونے کا مدعی لیکن کلام الٰہی کے خلاف پراسرار سازش ہے، دعوٰی مسلمان ہونے کا ہےلیکن ان کے نظریات اسلامی تعلیمات کومسخ کرتے ہیں، نیچری فرقے کے چند عقائد ملاحظہ فرمائیں۔(i) قرآن کی کوئی آیت یا اس کا حکم کسی دوسری آیت سے منسوخ نہیں ۔(ii) اجماع وقیاس حجت شرعی نہیں ۔(iii) تقلید واجب نہیں ۔(iv) شیطان یا ابلیس سے مراد کوئی وجود نہیں بلکہ انسان کے نفسِ امارہ یاقوتِ بہیمیہ کا نام ہے ۔(v) چونکہ خبرِ واحد صدق و کذب کا احتمال رکھتی ہے اس لئے اسلام،خبر احاد کی بناء کئے جانے والے اعتراضات کا جوابدہ نہیں ۔(vi) کفار کی وضع وقطع اختیار کرنا شرعاً ممنوع نہیں ۔(vii) معراج اور شقِ صدر کے واقعات خواب میں پیش آئے ۔(viii) حضرت آدم علیہ السلام ،ملائکہ اور ابلیس کا جو قصہ قرآن میں ذکر ہوا وہ کسی واقعہ کی خبرنہیں بلکہ ایک تمثیل ہے۔(ix) معجزہ، نبوت کی دلیل نہیں ہوسکتا۔ (x) رؤیتِ باری تعالیٰ کسی طرح بھی ممکن نہیں ۔(xi) پرامیسٹری نوٹوں پر سود لینا جائز ہے۔ (xii) شہدا زندہ نہیں ہوتے۔(xiii) حضرت عیسٰی علیہ السلام کا بن باپ کے پیدا ہونا کسی آیت سے ثابت نہیں ۔(xiv) چور کے لئے ہاتھ کاٹنے کی سزا جوقرآن میں بیان ہوئی،ضروری نہیں۔ (xv) قرآن میں ذکر کردہ جِنّات سے مراد صحرائی لوگ ہیں نہ کہ دیو،بھوت وغیرہ ( ملخص از برطانوی مظالم کی کہانی عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری کی زبانی ،جنرل پرنٹرز،لاہور )

www.dawateislami.net

وہابیوں (۱)، غیر مقلّدوں (۲) گمراہ فرقوں کے رد کے لئے تالیف کیا، یہاں پہنچا مجھے نہایت پسند آیا اور میں نے اس کے آخر میں وہ لکھ دیا جو اس کے لئے لازم تھا۔ تحریر ۲۲ ربیعُ الاوّل ۱۳۱۷ھ محمد سعید بن بابصیل

مفتیِٔ شافعیّہ سردار علمائے مکّہ معظّمہ

---

۱۔ محمد بن عبدالوھاب نجدی کے ماننے والوں کو وھابی یا نجدی کہتے ہیں اس فرقہ کے لوگ، خیالاتِ باطلہ اور عقائدِ فاسدہ رکھتے ہیں، ابن عبدالوھاب نجدی نے اہل سنت وجماعت سے قتل وقتال کو جائز قرار دیا، ان کی عورتوں کو لونڈیاں بنانا بھی جائز کہا۔ سلف صالحین کی شان میں گستاخی وبے ادبی کو اپنا وطیرۂ خاص بنایا، تمام مسلمانانِ عالم کو مشرک قرار دیا اور ان سے ان کے اموال چھین لینا حلال اور جائز بلکہ واجب قرار دیا، اسی طرح انبیاء کرام علیہم السلام کے بارے میں کہا کہ ''وہ مر کر مٹی ہوگئے'' ان کو کچھ خبر نہیں''، ''نبی علیہ السلام کا نماز میں خیال آجائے تو نماز ٹوٹ جاتی ہے اور بیل گدھے کا آئے تو نہیں ٹوٹتی''۔ ''شیطان کا علم، حضور علیہ السلام کے علم سے بڑھ کر ہے''۔ ''خدا جھوٹ بول سکتا ہے کیونکہ وہ ہر چیز پر قادر ہے'' وغیرہ وغیرہ
(ملخص از تاریخ نجد وحجاز از مفتی محمد عبدالقیوم قادری قدس سرہٗ، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور)

۲۔ غیر مقلدیت بھی وہابیت کی ایک شاخ ہے چند عقائد کے علاوہ باقی تمام عقائد میں شریک ہیں اور ان حال کے، اشد دیوبندی کفروں میں بھی وہ یوں شریک ہیں کہ ان قائلوں کو کافر نہیں جانتے اور ان کی نسبت حکم ہے کہ جو ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے، غیر مقلدین حضرات نے چاروں مذہبوں سے جدا تمام مسلمانوں سے الگ ایک نئی راہ نکالی ہے کہ تقلید کو حرام وبدعت کہتے ہیں اور آئمہ دین کو گالیاں دیتے ہیں لیکن حقیقتاً یہ تقلید سے خالی نہیں کیونکہ یہ آئمہ دین کی تقلید تو کرتے نہیں مگر شیطان لعین کے ضرور مقلِد ہیں اسی طرح یہ لوگ قیاس کے بھی منکر ہیں اور حکم شرعی کی رو سے قیاس کا مطلقاً انکار کفر ہے۔
(ملخص از بہار شریعت جہیز ایڈیشن، حصہ اول، ص ۶۱، مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی)

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۲۵: غیر مقلّدین کی بدعت لزوم کفر تک پہنچی ہے یا نہیں؟

جواب: بہت وجہ سے پہنچی ہے، تین وجہیں یہ کہ غیر مقلّدین، اجماع (۱) اور قیاس (۲) اور تقلید (۳) کے مُنکِر ہیں جیسا کہ ان کی کتابوں سے ظاہر ہے اور ان کے

۱۔اجماع کا لغوی معنی پختہ اور اتفاق ہے اصطلاحِ شرع میں اس کا معنی یہ ہے کہ ہر زمانے کے عادل ومجتہد علماء اہل سنت کا کسی حکم پر متفق ہوجانا ،اجماع 'ضروریات دین'' میں سے ہے اور اس پر عمل کرنا واجب ہے، اس کا منکر کافر ہے۔ (ملخص از فتاوی رضویہ، جدید، کتاب السّیر ،ج۱۴، ص ۲۸۸ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

۲۔قیاس کا لغوی معنی: اندازہ لگانا ہے اور اصطلاحِ شرع میں قیاس یہ ہے کہ کسی منصوص علیہ (جس کے بارے میں قرآن پاک یا حدیث شریف میں واضح حکم ہو) کے حکم کو اس معنٰی کی بنیاد پر جو اس حکم کے لیے علّت بنتا ہے غیر منصوص کے لئے ثابت کیا جائے۔مثلاً نص سے ثابت ہے کہ غلاموں کے لئے گھر میں آنے جانے کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں کیونکہ اس میں حرج پیدا ہوتا ہے تو اس پر قیاس کرتے ہوئے بلّی کے جھوٹے کو ناپاک قرار نہیں دیا بلکہ مکروہ کہا کیونکہ اس کا بھی گھروں میں آنا جانا ہے۔''فتاوی رضویہ'' میں ہے قیاس حجت شرعی ہے اور اس کا مطلقاً انکار کفر ہے (ملخص از فتاوی رضویہ، جدید، کتاب السّیر ج۱۴،ص۲۹۲ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

۳۔تقلید کی دو قسمیں ہیں (i) تقلید محض (ii) تقلید شخصی۔

(i) تقلید محض: (یعنی تقلید مطلق) کو آئمہ کرام نے ضروریاتِ دین میں شمار فرمایا، (انظر فتاوی رضویہ، جدید، کتاب السّیر ،ج۱۴،ص۲۹۰۔۲۹۱)، اور ضروریاتِ دین کا منکر مسلمان نہیں،(واللّٰـہ أعـلـم بـالـصـواب و رسـولـه أعلم) (ii) تقلید شخصی: یعنی کسی غیر مجتہد شخص کو آئمہ اربعہ، امام اعظم ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم میں سے کسی ایک امام کی تقلید اس طرح واجب ہے کہ وہ اس امام کے تمام احکام میں اس کا مقلد ہو، مقلد شخص کے لئے کسی مسئلہ میں ایک امام کی تقلید کرنا اور کسی مسئلہ میں دوسرے امام کی تقلید کرنا حرام ہے۔تقلید شخصی کا=

www.dawateislami.net

پیشوا نواب صدّیق حسن خاں نے لکھا ہے کہ: ''قیاس باطل واجماع بے اثر آمد''۔ اور ہمارے آئمہ تصریح فرماتے ہیں کہ'' اجماع ،قیاس و تقلید ضروریاتِ دین (۱)

=انکار مکروہ تحریمی اور اس کا منکر گمراہ ہے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں کہ'' کسی غیر مجتہد (یعنی عام آدمی) کو یہ اختیار نہیں کہ اپنی رائے سے کسی حدیث متعلقِ احکامِ فرعیہ مرویہ کتب حدیث پر عمل کرے'' (عقائدِ حقہ اہل سنّت و جماعت ،صفحہ ۱۳، رضا اکیڈمی بمبئی)

۱۔ضروریاتِ دین وہ مسائل ہیں جن کو ہر خاص و عام جانتے ہیں، جیسے اللہ عزّ وجل کی وحدانیت، انبیاء (علیہم السلام) کی نبوت ، جنت و نار، حشر و نشر وغیر ہا (بہار شریعت جہیز ایڈیشن، حصہ اول، عقائد کا بیان، ایمان و کفر کا بیان، ج 1، ص ۴۴ مکتبہ رضویہ، آرام باغ کراچی)، مذکورہ مسائل میں سے کسی میں بھی شک و شبہ یا تاویل کی گنجائش ہرگز نہیں، جو شخص ان چیزوں کو تو حق کہے اور ان لفظوں کا اقرار کرے مگر ان کے لئے نئے معنی گھڑے مثلاً یوں کہے کہ جنت و دوزخ و حشر و نشر و ثواب و عذاب سے ایسے معنی مراد ہیں جو ان کے ظاہر الفاظ سے سمجھ میں نہیں آتے یعنی ثواب کے معنی اپنے حسنات (نیکیوں) کو دیکھ کر خوش ہونا اور عذاب، اپنے برے اعمال کو دیکھ کر غمگین ہونا ہے یا یہ کہ وہ روحانی لذتیں اور باطنی معنی ہیں، وہ یقیناً کافر ہے کیونکہ ان امور پر قرآن پاک اور حدیث شریف میں کھلے ہوئے ارشادات موجود ہیں۔ یونہی یہ کہنا بھی کفر ہے کہ پیغمبروں نے اپنی اپنی امتوں کے سامنے جو کلام، کلامِ الٰہی بتا کر پیش کیا وہ ہرگز کلامِ الٰہی نہیں تھا بلکہ وہ سب انہیں پیغمبرں کے دلوں کے خیالات تھے جو فوارے کے پانی کی طرح ان کے قلوب سے جوش مار کر نکلے اور پھر انہیں کے دلوں پر نازل ہوگئے۔

یونہی یہ کہنا کہ نہ دوزخ میں سانپ، بچھو اور زنجیریں ہیں ،اور نہ وہ عذاب، جن کا ذکر مسلمانوں میں رائج ہے، نہ دوزخ کا کوئی وجود خارجی ہے بلکہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے جو کلفت (تکلیف) روح کو ہوئی تھی بس اسی روحانی اذیت کا اعلیٰ درجہ پر محسوس ہونا اسی کا نام دوزخ اور جہنم ہیں یہ سب کفر قطعی ہے۔ یونہی یہ سمجھنا کہ نہ جنت میں میوے ہیں نہ باغ، نہ محل=

www.dawateislami.net

سے ہیں''۔ دیکھو ''کشف الاسرار''امام عبدالعزیز بخاری (۱) مطبع قسطنطنیہ اور ''فصول البدائع'' مطبع استنبول اورمواقف وشرح مواقف اور فواتح وغیرہ، اور ضروریات دین کا منکر مسلمان نہیں ہے۔ دیکھوتنویرالابصاراور درمختاراور شرح فقہ اکبر اور ادلام امام ابن حجراور بحرالرائق اور ردالمحتار (۲) وغیرہ وغیرہ۔ چوتھے یہ کہ ان کے امام اسمٰعیل دہلوی نے ایضاح الحق میں اللہ تعالیٰ کو مکان وجہت سے پاک ماننے کے عقیدۂ دینی کو بدعت حقیقی بتایا (۳) اور یہ کلمہ کفر ہے۔ دیکھو فتاویٰ قاضی

---

= ہیں، نہ نہریں ہیں، نہ حوریں ہیں، نہ غلمان ہیں، نہ جنت کا کوئی وجو دِخارجی ہے بلکہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی جو راحت روح کو ہوئی تھی بس اسی روحانی راحت کا اعلیٰ درجہ پر حاصل ہونا اسی کا نام جنت ہے، یہ بھی قطعاً کفر ہے۔ یونہی یہ کہنا کہ اللہ عزوجل نے قرآن عظیم میں جن فرشتوں کا ذکر فرمایاہے، نہ ان کا کوئی اصل وجود ہے، نہ ان کا موجود ہونا ممکن ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ہر مخلوق میں جومختلف قسم کی قوتیں رکھی ہیں جیسے پہاڑوں کی سختی، پانی کی روانی، نباتات کی فراوانی، بس انہیں قوتوں کا نام فرشتہ ہے، انسان میں جو نیکی کرنے کی قوتیں ہیں بس وہی اس کے فرشتے ہیں یہ بھی بالقطع والیقین کفر ہے۔ یونہی جن وشیاطین کے وجود کا انکار اور بدی کی قوت کا نام جن یا شیطان رکھنا کفر ہے اور ایسے اقوال کے قائل یقیناً کافر اور اسلامی برادری سے خارج ہیں۔ (ماخوذ از اعتقادالاحباب فی الجمیل، المعروف دس عقیدے، از اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ الرحمٰن، ص ۷۷ تا ص ۸۱، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور)

۱۔(انظر التخاریج والدلائل فی الفتاوی الرضویه، جدید، ج۱٤، ص۲۸۸ تا۲۹۳)

۲۔ ''التنویر والدر ورد المحتار''، کتاب الجهاد، باب المرتد، ج۶، ص۳۴۲۔ و''بحر الرائق''، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین، ج۵، ص۲۰۲۔

۳۔ایضاح الحق (از اسماعیل دہلوی) صفحہ ۳۶،۳۵ مطبع فاروقی میں ہے''تنزیہ اوتعالیٰ از زمان ومکان جہت واثبات رویت بلاجہت ومحاذات ہمہ ازقبیل بدعات حقیقہ است''(یعنی=

www.dawateislami.net

خاں وفتاویٰ عالمگیری[1] وغیرہ۔ پانچویں،ان کے امام مذکور نے'' تقویۃ الایمان''[2]
میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان میں سخت گستاخی کے کلمے لکھے اور یہ

---

=اللہ تعالیٰ کوزمان ومکان وجہت سے پاک جاننا اوراس کا دیدار بلاکیف ماننا بدعت وگمراہی ہے )
صدرالشریعہ، بدرالطریقہ مولانا امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ ارشادفرماتے ہیں کہ:'' اللہ کا دیدار بلاکیف ماننا اور زمان ومکان وجہت سے پاک جاننا، تمام اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے تواس قائل (اسماعیل دہلوی)نے تمام پیشوایانِ اہل سنت کو گمراہ وبدعتی قرار دیا،بحرالرائق ،درمختار، عالمگیری میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لئے جو مکان ثابت کرے کافر ہے۔
(بہارشریعت جہیزایڈیشن،حصّہ اول،ج ا،ص ۵۵،مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی )

ا۔ الفتاوی العالمکیریہ، کتاب السیر،الباب التاسع في أحکام المرتدین،ومنھا ما یتعلق بذات اللہ تعالٰی،ج ۲،ص ۲۵۹،المکتبۃ الرشیدیۃ،سرکی روڈ ، کوئٹہ۔

۲۔ ''تقویۃ الایمان''نہایت متنازعہ اور رسوائے زمانہ کتاب ہے،یہ درحقیقت محمد بن عبدالوھاب نجدی کی تصنیف'' کتاب التوحید'' کا ایمان سوز ترجمہ ہے جو کہ اسماعیل دہلوی کا سیاہ کارنامہ ہے اس'' تقویۃ الایمان'' ہی کی وجہ سے پاک وہند میں نئے نئے فرقوں نے جنم لیا اور لے رہے ہیں اس کی چند ایک عبارتوں کا خلاصہ ملاحظہ فرمائیں۔(i) جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں (ii)حضور علیہ السلام مرکرمٹی میں مل گئے (iii)حدیث شریف میں جس ہوا کے متعلق ارشاد فرمایا گیا تھا کہ ایک ہوا چلے گی اور سارے مسلمانوں کو اٹھالے گی وہ ہوا چل چکی ہے لہٰذا اب دنیا میں کوئی مسلمان نہ رہا (لیکن اس نے یہ نہ سوچا کہ اس صورت میں تو خود بھی کافر ہوگیا)(iv)انبیاء کرام واولیائے عظام کو چوہڑے وچمار سے تشبیہ دیتے ہوئے لکھا کہ ان سے کسی حاجت روائی کی توقع نہیں رکھنی چاہیئے۔(v)رزق میں وسعت ،تندرستوں کو بیمار اور بیماروں کوتندرست کرنا اورمشکل کشائی، یہ سب اللہ کی شان ہے کسی نبی ،ولی یا بھوت ، پری کی=

www.dawateislami.net

کفر ہے۔ دیکھو ''شفا شریف'' قاضی عیاض[1] اور ''سیف المسلول'' امام سبکی وغیرہ۔ چھٹی اسی ''تقویۃ الایمان'' میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق مر کر مٹی میں مل جانا[2] لکھا ہے اور اماموں نے تصریح فرمائی ہے کہ یہ ''کفر'' ہے۔ دیکھو ''شرح مواہب'' علامہ زرقانی، مطبع مصر۔ ساتویں یہ کہ سارا فرقہ تقلید کو شرک اور مسلمان مقلّدین کو مشرک کہتا ہے اور یہ کلمہ کفر ہے۔ دیکھو درمختار و درر و غرر و مجمع الانہر و عالمگیری[3] و شرح فقہ اکبر وغیرہ۔

سوال نمبر ۲۶: ایسے مبتدع کے پیچھے نماز جائز ہے یا کیا ؟

جواب: محض باطل ہے۔ دیکھو شرح فقہ اکبر و فواتح شرح مسلّم، وفتح القدیر شرح ہدایہ[4] وغیرہ۔

---

=یہ شان نہیں جوان کے لیے ایسا تصرف مانے وہ مشرک ہے۔ (vi) حرمِ مدینہ کے ادب واحترام کو شرک قرار دیا (vii) حضور علیہ السلام کے دور میں بھی کافر بتوں کو اللہ کے برابر نہیں سمجھتے تھے۔ ان کی نذر و نیاز کرتے اور منتیں مانگتے تھے اس لئے وہ مشرک ٹھہرے سو جو آج بھی کوئی کسی کو سفارشی سمجھے یا کسی سے مدد چاہے گو اس کو اللہ کا بندہ سمجھے، ابوجہل کے برابر مشرک ہے۔ (xx) اللہ عزوجل کے سوا کسی کو غیب کا علم نہیں۔ (ملخص از بہارشریعت، حصہ اول، وہابیہ کے عقائد وکفریات)

۱۔ الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم، فصل فی بیان ما ھو من المقالات کفر، ج ۲، ص ۲۴۶، عبد التّواب اکیڈمی، ملتان

۲۔ تقویۃ الإیمان، ص ۸۱، شمع بُك ایجنسی، اردو بازار، لاہور

۳۔ الفتاوٰی العالمگیریۃ

۴۔ فتح القدیر، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ج ۱، ص ۳۰۴، مکتبۃ رشیدیہ، سرکی روڈ، کوئٹہ

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۲۷: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے کہ نہیں اور مسلمان کو برا کہنے والا فاسق ہے کہ نہیں؟

جواب: فاسق ہے "صحیح بخاری شریف" میں اس کی حدیث (۱) ہے۔

سوال نمبر ۲۸: بدعتی و فاسق کی امامت مکروہ وممنوع ہے یا نہیں۔ اس کی کیا سندیں ہیں ؟

جواب: ہاں مکروہ ہے۔ دیکھو طحطاوی درمختار اور طحطاوی مراقی الفلاح اور تبیین الحقائق امام زیلعی اور ردالمحتار اور غنیۃ (۲) اور صغیری اور فتح المبین وغیرہ۔

سوال نمبر ۲۹: لامذہبی فسق ہے یا نہیں ؟

جواب: لامذہبی ہر فسق سے بدتر فسق ہے کہ یہ بدمذہبی ہے۔ دیکھو "غنیۃ" (۳)۔ طبع قسطنطنیہ۔

سوال نمبر ۳۰: امام بنانا دینی تعظیم ہے کہ نہیں ؟ اور مبتدع کی دینی تعظیم حرام ہے یا نہیں ؟

جواب: ہاں۔ دیکھو ردالمحتار اور فتح وطحطاوی (۴) اور زیلعی وغیرہ اور مشکوٰۃ شریف

---

۱۔ صحیح البخاري کتاب الإیمان، باب خوف المؤمن من أن یحبط ألخ، ج ۱، ص ۳۰، رقم الحدیث: ۴۸، دار الکتب العلمیة، بیروت

۲۔ ردالمحتار مع الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: البدعة خمسة أقسام، ج ۱، ص ۶۰۴، دار الفکر، بیروت

۳۔ "غنیة المستملي" المشتهر بحلبي کبیر، فصل الإمامة، بحث: الأولی بالإمامة، ص ۵۱۴، سہیل اکیڈمی لاھور۔

۴۔ ردالمحتار علی الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الإمامة ج ۲، ص ۳۵۵۔۳۵۶، دارالمعرفة، بیروت، لبنان

www.dawateislami.net

وغیرہ میں حدیث ہے کہ ''جو کسی بدعت والے کی تعظیم کرے بے شک اس نے اسلام کے ڈھانے میں مدد دی''(۱)۔

سوال نمبر ۳۱: کوئی حدیث صحیح پیش کرسکتے ہیں جس سے ظاہر ہو کہ مبتدع فاسق کی امامت مکروہ ونادرست ہے ؟

جواب: ایک حدیث صحیح جو ابھی گزری اور صحاح ستہ سے سنن ابن ماجہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا: لَا یؤمُّ فاجرٌ مومناً إلا أن یقهره بسلطان، یخاف سیفه وسوطه(۲) کوئی فاسق کسی مسلمان کی امامت نہ کرے مگر اس حالت میں کہ وہ اپنی سلطنت کے زور سے اسے دبائے کہ یہ اس کی تلوار اور تازیانے کا خوف رکھتا ہو۔

سوال نمبر ۳۲: جس طرح نماز حنفی کی، شافعی کے پیچھے جائز ہے تو اسی طرح غیر مقلّدوں کے پیچھے کیوں نہیں جائز ہے اگر وہ بھی رعایت مذہب مقتدی کرلیویں ؟

جواب: شافعیہ اہلسنّت ہیں، ان پر غیر مقلّدوں کا قیاس نہیں ہوسکتا۔ یہیں دیکھئے، حضرت مولانا محمد سعید بابصیل سردار علمائے مکہ معظّمہ شافعی المذہب ہیں انہوں نے اور دیگر مذاہب اہلسنّت کے مفتیان عرب نے ان غیر مقلّدوں کو بالاتفاق ''گمراہ'' لکھا ہے، ابھی میں شافعیہ کی نسبت بھی فتاویٰ عالمگیری کا حوالہ دے چکا ہوں کہ حنفی

---

۱۔ مشکاۃ المصابیح، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنّة، ص ۳۱، قدیمی کتب خانه، آرام باغ، کراچی

۲۔ سنن ابن ماجة، کتاب: إقامة الصلاة، باب في فرض الجمعة، ج ۲، ص ۵، رقم الحدیث: ۱۰۸۱، دار المعرفة، بیروت۔

www.dawateislami.net

سے تعصب رکھیں تو ان کے پیچھے بھی نماز منع ہے نہ کہ غیر مقلّدین کہ بدمذہب ہیں اور بدمذہب بھی ایسے جن میں بہت کفریہ بدعتیں ہیں اور حنفیہ سے تعصب اتنا کہ ان کو ''مشرک'' کہتے ہیں۔

سوال نمبر۳۳: بعض عبارات فقہا میں، مثل شامی وغیرہ کے جو مذکور ہے کہ نماز، برّ وفاجر کی اقتدا میں جائز ہے۔علی ھذا حدیث ''صلوا خلف کل بِرّ و فاجر''(۱) اس جواز سے کیا مراد ہے ؟

جواب: یہ جواز اس معنٰی پر ہے کہ فرض اتر جائے گا، نہ یہ کہ کوئی کراہت نہیں ۔ میں انہیں شامی کے دو اقوال سے بیان کر چکا کہ'' فاسق ومبتدع کے پیچھے نماز مکروہ ومنع ہے''۔اصل بات یہ ہے کہ نمازِ عام کی امامتِ سلاطین خود کرتے ہیں یا وہ ، جسے وہ مقرر کریں اور بعض وقت حُکّام بد مذہب یا فاسق بھی ہوئے، اُن کے پیچھے نماز پڑھنے سے وہی اندیشہ تھا تلوار اور تازیانہ کا، جو حدیث میں گزرا۔اسی بنا پر یہ حدیث آئی ہے کہ ضرورت کے وقت ان کے پیچھے پڑھ لے۔اور علماء نے فرمایا ہے کہ'' یہ حکم اس صورت میں ہے کہ اس کا فسق حدِ کفر تک نہ پہنچا ہو اور کوئی مردصالح موجود نہ ہو''۔ دیکھو'' اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ''(۲)اور پھر اس حدیث کے نیچے

---

۱۔حدیث کا ترجمہ: ہر نیک وفاسق کے پیچھے نماز پڑھو(کشف الخفاء،الجزء الثاني،ص۲٦،رقم الحدیث:۱٦۰۹،دارالکتب العلمیة، بیروت)

۲۔أشعة اللمعات، کتاب الصلاة ،باب الإمامة،ج ۱،ص۵۱۷،مکتبۂ رشیدیه،سرکی روڈ ، کوئٹه

www.dawateislami.net

صاف لکھ دیا ہے کہ ''ان کے پیچھے نماز مکروہ'' ہے۔ دیکھو ''مرقات شرح مشکوٰۃ''[۱] علاوہ بریں اس حدیث کی صحت میں بھی علمائے محدثین، مثل دارقطنی وغیرہ کو کلام ہے اور اس حدیث کا شروع کا ٹکڑا یہ ہے۔ ''جاھدوا مع کل براً کان أو فاجراً''[۲] یعنی ہر سلطان کے ساتھ جہاد کرو چاہے وہ نیک ہو یا بد۔ اسی سے پتہ چلتا ہے کہ یہاں بادشاہوں کا ذکر ہے۔ مگر غیر مقلّدین اس حدیث پر اپنی خاص غرضوں کیلئے زور دیتے ہیں کہ اگر چہ مبتدع اور فاسق ہیں مگر ان کے پیچھے نماز پڑھنی واجب ہے اور ان کے پیشوا اسمٰعیل دہلوی نے بھی یہی حدیث لوگوں کو وعظ میں سنا کر جہاد پر ابھارا تھا۔

سوال نمبر ۳۴: جواز کا اطلاق، مکروہ[۳] پر بھی آتا ہے یا نہیں ؟

جواب: آتا ہے، دیکھو! ''ردالمحتار''[۴]۔

سوال نمبر ۳۵: مسجد جو اہلسنّت بنائیں، وہ خاص اپنے فرقے کیلئے بناتے ہیں یا عام

---

۱۔مرقاۃ شرح المشکاۃ، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ج۳، ص۲۰۱، رقم الحدیث: ۱۱۲۵، دارالفکر، بیروت۔

۲۔التحقیق في أحادیث الخلاف، ،لم نجد فیه إلا بلفظ ''وجاھدوا مع کل بر و فاجر''، الحدیث الثالث، طریق ثالث، ج۱، ص۴۷۵، دار الکتب العلمیة، بیروت

۳۔مکروہ، فقہ کی ایک اصطلاح کا نام ہے جس کا مطلب ہے ''ناپسندیدہ کام''۔ جواز پر مکروہ کی مثال جیسے طلاق دینا جائز ہے مگر بلاوجہ شرعی ہو تو ''مکروہ'' ہے۔

۴۔ردالمحتار علی الدرالمحتار، کتاب الطھارۃ، مطلب: قد یطلق الجائز علی ما لا یمتنع شرعاً ألخ، الجزء الأول، ص۱۳۱، دار الفکر، بیروت۔

www.dawateislami.net

کلمہ گویوں کے واسطے ؟

جواب: خاص اپنے فرقے کیلئے کہ اُن کی مذہبی مسئلہ سے مبتدعوں کے ساتھ نماز پڑھنے کی ممانعت ہے دیکھو عرب شریف کا فتاویٰ صفحہ ۸۰ (۱) جو میں نے داخل کیا ہے۔

سوال نمبر ۳۶: مبتدع کے ساتھ میل جول کرنے سے منع ہونے کے ازروئے شرع کیا دلائل ہیں ؟

جواب: قرآن مجید میں ہے ﴿وَاِمَّا یُنْسِیَنَّکَ الشَّیْطٰنُ فَلاَ تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰی مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ﴾ (۲)، اور اگر تجھے بھلادے شیطان تو یاد آنے پر ظالموں کے پاس نہ بیٹھ۔ تفسیر احمدی میں ہے کہ ظالموں سے مراد کافر مبتدع اور فاسق سب ہیں "والقعود مع کلھم ممتنع" (۳) یعنی ان سب کے پاس بیٹھنا منع ہے۔

سوال نمبر ۳۷: اور کوئی روایت ایسی بھی ثابت ہے جس سے مبتدعین کے جنازے کی نماز پڑھنی اور انکے ساتھ نماز پڑھنی منع ہے ؟

جواب: فتاوی الحرمین کے صفحہ ۸۰ پر یہ حدیث ہے۔ "إن مرضوا فلا تعودوھم و إن ماتوا فلا تشھدوھم" (۴) اور یہ حدیث ہے۔ "لا تجالسوھم ولا

---

۱۔ فتاوٰی الحرمین برجف ندوۃ المین، فصلِ اوّل، عام بدمذہبوں اور خاص الخ ص۶، ناشر رضا اکیڈمی بمبئی۔

۲۔ پ ۷، الانعام: ۶۸

۳۔ التفسرات الأحمدیة، پ۷، الأنعام: ۶۸، ص۳۸۸، مکتبہ اکرمیہ، محلہ جنگی، عقب، قصّہ خوانی بازار، پشاور۔

۴۔ کشف الخفاء، الجزء الأول، ص ۳۹۱، رقم الحدیث ۱۴۳۹ دارالکتب العلمیہ، بیروت

www.dawateislami.net

تشاربوهم ولا تؤاكلوهم ولا تناكحوهم"(۱) اور یہ حدیث ہے۔ "لاتصلوا علیهم ولا تصلوا معهم"(۲) یعنی مبتدع لوگ بیمار پڑیں تو ان کو پوچھنے کو نہ جاؤ اور اگر مر جائیں تو ان کے جنازے پر نہ جاؤ اور ان کے ساتھ نہ بیٹھو اور ان کے ساتھ کھانا پینا، شادی بیاہ نہ کرو، ان کے جنازے کی نماز نہ پڑھو، ان کے ساتھ نماز نہ پڑھو۔

**سوال نمبر ۳۸:** کیا مسجد میں سب مسلمانوں کا حق ہوتا ہے اور مسلمان کسے کہتے ہیں ؟

**جواب:** مسلمان وہ ہے جو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امّت ہو۔ امّت کے دو معنٰی ہیں۔ **امّتِ دعوت**، جنہیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حق کی طرف بلایا۔ یوں تو تمام عالم، ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امّت ہیں اور **امّت اجابت**، وہ جنہوں نے بُلا نا قبول کیا اور حق کو پورا مانا، جب امت مطلق بولتے ہیں۔ یہی دوسرے معنٰی مراد ہوتے ہیں۔ اس معنٰی پر جو مسلمان ہے اس کے لئے مسجد میں حق ہے مگر مبتدع اس معنٰی میں داخل نہیں ۔ دیکھو"توضیح" امام صدرالشریعہ(۳) اور "تلویح"(۴) امام تفتازانی ۔

---

۱۔کتاب الضعفاء، باب الألف ،رقم الحدیث ۱۵٤ ،الجزء الأوّل، ص ۱٤٤، دارالصمیعي السّعودیة ۲۔العلل المتناهیة، کتاب السنة و البدع، باب ذم الرافضة،الجزء الأوّل، ص ۱۲۸ ،دارالکتب العلمیة،بیروت

۳۔صدرالشریعہ سے مراد یہاں عبیداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ ہیں

۴۔التوضیح والتلویح،الرکن الثالث في الإجماع،ج ۲،ص ۵۲۸،میر محمد کتب خانہ کراچی۔

سوال نمبر ۳۹: کیا سب مسلمان جوامت اجابت ہوں یعنی اہلسنّت ہوں، ان سب کا حق مسجد میں برابر ہے ؟

جواب: ان سب کا حق بھی برابر نہیں ۔ بلکہ جو مسجد جس قبیلے کے لئے بنے، اس کا حق اس میں مقدم ہے ۔ وہ وقتِ حاجت، اوروں کو اس میں نماز پڑھنے سے روک سکتے ہیں ۔ دیکھو درمختار(۱)۔

سوال نمبر ۴۰: کسی وجہ اور کسی مصلحت سے مسلمان کو، جس کا حق مسجد میں تھا، نکال دینا جائز ہے یا نہیں؟ اور روکنے والا بموجب آیت شریف ﴿وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ﴾ الآیۃ(۲) کے، ظالم کہلائے گا یا نہیں ؟

جواب: بہت سی صورتوں میں مسلمان کو مسجد سے روکنا اور نکال دینا شریعت نے جائز رکھا ہے بلکہ حکم دیا ہے، ازاں جملہ لہسن اور کچی پیاز کھانے والا اور حدیث میں ہے ''من وجب سعة ولم يضح فلا يقربن مصلانا''(۳)۔ جو گنجائش پائے اور قربانی نہ کرے، وہ ہمارے مصلے کے پاس نہ آئے۔ دیکھو ابن ماجہ۔ فقہ میں حکم ہے کہ موذی شخص کو مسجد سے نکال دیا جائے۔ جس کے آنے سے برہمی پیدا ہوتی ہے ۔ دیکھو اشباہ اور درمختار، عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری(۴) اور آیت شریف

---

۱۔الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة، ج ۲، ص ۵۲۸، دار المعرفة، بيروت،

۲ ۔ترجمہ کنزالایمان: اور اس سے بڑھ کر کون ظالم جو اللہ کی مسجدوں کو روکے(پ۱، البقرہ:۱۱۴)

۳۔ ابن ماجة، كتاب الأضاحي، باب: الأضاحي واجبة ألخ، رقم الحديث: ۳۱۲۳، الجزء الثالث، ص ۵۲۹، دار المعرفة بيروت

۴۔الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب مايفسد=

www.dawateislami.net

میں فاسق (۱) بلا وجہ شرعی مسجدوں سے لوگوں کو باز رکھ کرانہیں ویران کردینے کی برائی کا بیان ہے، ورنہ خود اسی آیت میں مفسدوں کی نسبت فرمایا ہے کہ انہیں مسجد میں آنے کا حق نہیں ہے مگر ڈرتے ہوئے (۲)۔

سوال نمبر ۴۱: غیر مقلّدین اگر سنّیوں کی جماعت میں آکر شریک ہوں تو سنّیوں کا کوئی مذہبی حرج ہے؟

جواب: کئی حرج ہیں۔ ایک تو یہ کہ سنّیوں کے مذہبی مسئلے سے ان کے ساتھ نماز منع ہے۔ دیکھو ''فتاویٰ الحرمین'' صفحہ ۸۰ (۳)۔ دوسرے یہ کہ سُنّیوں کو مشرک اور ان کے اماموں کو برا کہتے ہیں، تو نماز میں ان کا پاس ہونا، انہیں غیظ آنے کا باعث ہوتا ہے اور اصل مقصود نماز کہ ذکر الٰہی ہے اس میں خلل پڑتا ہے۔ تیسرے، غیر مقلّدین جب اپنے طریقے سے وضو کریں اور نماز پڑھیں تو ہمارے مذہب میں وہ نماز سے باہر ہیں کیونکہ ان کی نماز اور وضو ٹھیک نہیں اور جو نماز سے باہر ہو اسے نماز کی صفوں میں کھڑا کرنا گناہ ہے۔

سوال نمبر ۴۲: کیا حنفیوں کو استحقاق (۴) اپنے مذہبی مسئلے کی رو سے ہے کہ غیر مقلّدوں کو اپنی مساجد میں آنے سے روکیں؟

جواب: ہاں، کئی وجہ سے استحقاق ہے۔ **اول:** ان کے آنے سے فتنہ ہوتا ہے کہ جس

---

=الصلاۃ، ج ۲، ص ۵۲۶، دار المعرفۃ، بیروت

۱۔ اعلانیہ گناہوں میں مبتلا رہنے والا　　۲۔ پ ۱، البقرۃ: ۱۱۴

۳۔ فتاویٰ الحرمین برجف ندوۃ المین، فصلِ اوّل، عام بدمذہبوں اور خاص الخ ص ۶، ناشر رضا اکیڈمی بمبئی　　۴۔ حق

www.dawateislami.net

کے سبب ملک میں بکثرت فوجداری (۱) کے مقدمے ہوئے اور مچلکوں (۲) وغیرہ تک نوبت پہنچی اور فتنہ کا بند کرنا، عقل وشرع وقانون سب میں واجب ہے۔ دوم: ان کے آنے سے نمازیوں کونفرت ہوتی ہے اور جووجہ نفرت ہو مسجد سے روکا جائے گا۔جیسے جذامی یا وہ جس کا بدن پیپ ہوگیا ہو، حالانکہ ان کا اپنا کوئی قصور بھی نہیں تو بدمذہب بدرجۂ اولیٰ روکا جائے گا۔سوم: اُن کے فتنہ کے خوف سے نمازی مسجد کو چھوڑ بیٹھے تو مسجد ویران ہوئی اور نہ چھوڑا اور فتنہ اٹھے تو جیل ،آباد ہوئے۔ مسجدیں یوں بھی ویران ہوئیں اورغم وغصہ کھایا تو نماز خراب ہوئی۔

سوال نمبر۴۳: نصاریٰ نجران کا وفد بخدمت حضور سرورعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد شریف میں آنا کس حیثیت سے تھا اور حضور نے منع کیوں نہ فرمایا؟

جواب: نصاریٰ نجران امان لے کر حاضر ہوئے تھے اور جوامان لے کرآئے اس سے تعرض جائز نہیں،اس لئے باوجود اس کے کہ صحابۂ کرام نے ان کو روکنا چاہا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔دیکھو ''زرقانی شرح مواہب''۔

سوال نمبر۴۴: مسجد حرام، خواہ اورمساجد میں کفار کا آناامام شافعی وامام مالک وامام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نزدیک جائز ہے کہ نہیں ؟

جواب: امام مالک تو مطلقاً اجازت نہیں دیتے اورامام شافعی وامام احمد مسجد الحرام میں منع کرتے ہیں اور امام محمد کا بھی یہی مذہب ہے اور یہ اختلاف ذمیوں کے بارے میں ہے، جوسلطنتِ اسلام میں مطیعِ اسلام ہوکر رہیں ۔دیکھو جامع صغیر امام محمد،

---

۱۔لڑائی جھگڑا یا فساد ۲۔تحریری معاہدے

www.dawateislami.net

ہدایہ و درمختار(۱)۔

سوال نمبر ۴۵: امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک کفار کا مسجد میں حقدار بن کر آنا جائز ہے یا نہیں ؟

جواب: نہیں جائز ہے، دیکھو ہدایہ(۲)۔

سوال نمبر ۴۶: کفار مستامن پر مدعیان اسلام کا قیاس صحیح ہوسکتا ہے یا نہیں ؟

جواب: ہرگز نہیں۔ ابھی حدیثوں سے گزرا کہ مستامن(۳) کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد میں آنے سے نہ روکا اور نماز پڑھنے دی اور کچا لہسن اور پیاز کھانے والے مسلمان کو مسجد سے منع فرمایا اور قربانی چھوڑنے والے کو حکم ہوا کہ ہمارے مصلّے کے پاس نہ آئے اور منافقین کلمہ گو مدعیان اسلام کو خاص جمعہ کے مجمع میں ایک ایک کا نام لے کر مسجد اقدس سے نکلوادیا کہ " اُخْرُجْ یَافُلَانٌ فَاِنَّکَ مُنَافِقٌ۔ اُخْرُجْ یَا فُلَانٌ فَاِنَّکَ مُنَافِقٌ " (۴) نکل جا! اے فلاں کہ تو منافق ہے۔ نکل جا! اے فلاں کہ تو منافق ہے۔

---

۱۔الهداية، كتاب الكراهية / مسائل متفرقة،الجزء الرابع،ص ۳۷۹،دار إحياء التراث والعربي،بيروت، الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحظر و الإباحة،فصل في البيع،ج ۶،ص ۷۰۵،دار الفكر، بيروت ۲۔ الهداية

۳۔ امن چاہنے والا، پناہ مانگنے والا۔ یہ فقہ کی ایک اصطلاح ہے جس میں مسلم حکومت کی طرف سے عائد کردہ شرائط کی پابندی کرنے سے کوئی غیر مسلم یا غیر ملکی اس کی پناہ میں آجاتا ہے پھر اس کے جان و مال،عزت،آبرو کی حفاظت حکومت کے ذمہ ہوجاتی ہے۔

۴۔مجمع الزوائد، كتاب التفسير،الباب ۱۰،رقم الحديث:۱۱۵۳۰،الجزء السابع، ص ۱۱۱،دارالفكر بيروت

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۴۷: کسی شخص کا دعوٰی استحقاقِ امامت کا بانیٔ مسجد یا اولاد بانیٔ مسجد کے ہوتے ہوئے قابل اعتبار ہے یا باطل ہے اور اولاد بانیٔ مسجد کو حق، امام وموذن وغیرہ کا حاصل ہے یا اوروں کو؟

جواب: اوروں کو دعوٰی بانیٔ مسجد یا اس کی اولاد کے آگے، خلاف فقہ ہے۔ دیکھو عالمگیری وقاضی خان [1]۔ اور امام ومؤذن قائم کرنے کا حق بانیٔ مسجد کو ہے اور وہ نہ ہو تو اس کی اولاد کو۔ دیکھو ''حموی شرح اشباہ''[2]۔

سوال نمبر ۴۸: تقرر امام میں بحالت اختلاف، قلت رائے کا اعتبار ہے یا کثرت کا؟

جواب: کثرت رائے کا اعتبار ہے یہاں تک کہ اگر جماعت کثیر جسے چاہے، اس سے وہ افضل ہو جسے جماعت قلیل چاہے تو وہی مقرر ہوگا جسے جماعتِ کثیر نے چاہا، دیکھو عالمگیری وغیرہ۔

سوال نمبر ۴۹: مسجد جامع میں امام وخطیب کے رہتے ہوئے دوسرے کو امامت و خطابت کا حق حاصل ہے یا نہیں ؟

جواب: نہیں۔ بلکہ اس کی بغیر اجازت کے خطبہ پڑھے یا امامت کرے تو نماز ہی نہ

---

۱۔ الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع، فصل كره غلق باب المسجد، ج ۱، ص ۱۱۰، المكتبة الرشيدية، كوئٹه، الفتاوٰى الخانية، كتاب الصلاة، باب الأذان، فصل فيمن يصح الاقتداء ألخ، أولين، ص ۴۵، مكتبة حقانيه، پشاور۔

۲۔ غمز العيون، شرح الأشباه للحموي

www.dawateislami.net

ہوگی۔ دیکھو عالمگیری وردالمحتار وفتاوٰی سراجیہ(۱) وغیرہ۔

سوال نمبر۵۰:قولہ تعالی : ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ﴾ (۲) سے اجماع وقیاس کا ثبوت ہے یا اس کا رد ؟

جواب:ثبوت ہے۔ دیکھو "تفسیر کبیر"(۳) امام رازی وغیرہ۔

سوال نمبر۵۱:اس آیت میں "اُولِی الْاَمْرِ" سے کیا مراد ہے اور "فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ" کے مخاطب کون لوگ ہیں ؟

جواب: مجتہدین۔ دیکھو "تفسیر کبیر"(۴)۔

سوال نمبر۵۲:"اُولِی الْاَمْرِ" کے اندر وہ مفسرین ومحدثین جو رتبۂ اجتہاد تک نہیں پہنچے ہیں وہ بھی داخل ہیں یا نہیں؟ان کی بھی اطاعت وتقلید واجب ہے کہ نہیں ؟

جواب:نہیں۔ دیکھو "تفسیر کبیر"(۵)۔

---

۱۔الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة،الباب الخامس في الإمامة،الفصل الثاني في بیان من هو أحق بالإمامة،ج ۱،ص۸۴، المکتبة الرشیدیة، کوئٹہ۔

۲۔اے ایمان والو! حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ان کا جو تم میں حکومت والے ہیں پھر اگر تم میں کسی بات کا جھگڑا اٹھے تو اسے اللہ اور رسول کے حضور رجوع کرو (پ۵،النساء:۵۹)

۳۔التفسیر الکبیر للإمام الرازي، پ۵، النساء:۵۹،ج۴،ص۱۱۲،دار إحیاء التراث العربي،بیروت

۴۔التفسیر الکبیر، پ ۵، النساء:۵۹،ج۴،ص۱۱۳،دارإحیاء التراث العربي،بیروت

۵۔التفسیر الکبیر،پ۵،النساء:۵۹،ج۴،ص۱۱۷،دارإحیاء التراث العربي،بیروت

www.dawateislami.net

سوال نمبر۵۳: پھر ایسے حضرات کس حکم میں داخل ہیں ؟

جواب: اُن پر بھی تقلید واجب ہے ۔ دیکھو تفسیر کبیر(۱) اور مسلّم الثّبوت اور فصول البدائع وغیرہ۔

سوال نمبر۵۴: ان سے نزاع، صرف آمین بالجہر ورفع یدین پر ہے یا کیا؟

**جواب: غیر مقلّدوں سے اصل نزاع اس پر ہے کہ وہ تقلید کے منکر ہیں، قیاس کے منکر ہیں، مقلّدین کو مشرک کہتے ہیں انبیاء و اولیاء کی جناب میں گستاخیاں کرتے ہیں ۔ یہ آمین بالجہر(۲) و**

---

۱۔التفسیر الکبیر، پ۵،النساء: ۵۹،ج۴،ص ۱۱۷ ،دارإحیاء التراث العربي،بیروت

۲۔بلند آواز سے آمین کہنا۔احناف کے نزدیک ہر نمازی خواہ امام ہو یا مقتدی یا اکیلا اور نماز جہری ہو یا سرّی آمین آہستہ کہے مگر غیر مقلدوہابیوں کے نزدیک جہری نماز میں امام ومقتدی بلندآواز سے آمین کہیں۔آہستہ آمین کہنا حکمِ خدا ورسول (عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم) کے موافق ہے چیخ سے آمین کہنا قرآن کریم کے بھی خلاف ہے اورسنت کے بھی مخالف ہے۔رب تعالیٰ فرماتا ہے "اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعاً وَّخُفْيَةً" ترجمۂ کنزالایمان: "اپنے رب سے دعا کروگڑگڑاتے اور آہستہ" (پ ۸،الاعراف: ۵۵) چونکہ آمین بھی دعا ہے۔لہٰذا یہ بھی آہستہ کہنی چاہیے،رب تعالیٰ تو اپنے علم وقدرت کے اعتبار سے ہماری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے پھر چیخنے کی کیا ضرورت ہے ۔بخاری ومسلم،احمد، مالک ،ابو داؤد،ترمذی ،نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ فرمایارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو کیونکہ جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہوگی اس کے گزشتہ گناہ بخش دیئے جائیں گے ۔اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گناہ کی معافی اس نمازی کے لئے =

www.dawateislami.net

رفع یدین(۱) کرنا ان کا بھی، کسی امام کی تقلید سے نہیں کہ یہ تو تقلید کے قائل نہیں۔

سوال نمبر۵۵: کیا شیعہ کے پیچھے نماز جائز ہے کہ نہیں ؟

جواب: شیعہ میں جو صرف تفضیلی ہے کہ سب صحابہ کو اچھا جانتا ہے۔ اہلسنّت سے فقط اتنی مخالفت رکھتا ہے کہ مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے افضل جانتا ہے۔اس کے پیچھے نماز ''سخت مکروہ'' ہے۔ دیکھو ''ارکان اربعہ''۔ اور

---

= ہے جس کی آمین فرشتوں کی آمین کی طرح ہوگی اور ظاہر ہے فرشتے آہستہ آمین کہتے ہیں ہم نے ان کی آمین آج تک نہ سنی تو چاہیۓ کہ ہماری آمین بھی آہستہ ہوتا کہ فرشتوں کی موافقت ہو اور گناہوں کی معافی ہو، جو لوگ چیخ کر آمین کہتے ہیں وہ فرشتوں کی آمین کی مخالفت کرتے ہیں۔(ماخوذ از جاء الحق، مفتی احمد یارخاں نعیمی علیہ الرحمۃ، ص۵۱۸، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز کراچی)

۱۔ہاتھوں کے اٹھانے کو کہتے ہیں احناف اہل سنت کے نزدیک رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت دونوں ہاتھ اٹھانا خلافِ سنّت اور ممنوع ہے مگر وہابی غیر مقلد ان دونوں وقتوں میں رفع یدین کرتے ہیں اور اس پر بہت زور دیتے ہیں۔امام ابو داؤد نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ''کہ رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع فرماتے تھے تو اپنے ہاتھ اپنے کانوں کے قریب تک اٹھاتے تھے (پھر نماز سے فارغ ہونے تک) نہ اٹھاتے تھے''(سنن أبي داوٗد ،کتاب الصلاۃ،باب من لم یذکر الدفع عند الرکوع ،الجزء الأول ،ص ۲۹۲، داراحیاء التراث العربی، بیروت) طحاوی شریف میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی پہلی تکبیر میں ہاتھ اٹھاتے تھے پھر نماز کی کسی حالت میں ہاتھ نہ اٹھاتے تھے۔(شرح معانی الآثار، کتاب الصلوٰۃ، باب التکبیر للرکوع الخ ،ج ۱،ص ۲۸۸،دارالکتب العلمیہ بیروت ) علاوہ ازیں جن احادیث میں رفع یدین کا حکم ہے وہ تمام منسوخ ہیں (ماخوذ از جاء الحق)

www.dawateislami.net

جوتبرّائی [1] ہے، اس کے پیچھے نماز بحکم فقہائے کرام ''محض باطل'' ہے۔ دیکھو خلاصہ، عالمگیری [2] وغیرہ اور جو ضروریات دین سے کسی بات کا منکر ہے وہ کسی کے نزدیک ''مسلمان نہیں''۔اس کے پیچھے نماز بالیقین سب کے نزدیک ''باطل'' ہوگی۔

سوال نمبر ۵۶:اور ہر شیعہ کے پیچھے جائز ہے کہ تفریق ہے اور جائز بلا کراہت ہے یا بہ کراہت تحریمی ؟

جواب:نمبر ۵۵ میں اس کا جواب آ گیا۔

سوال نمبر ۵۷: قابلِ عمل مسئلہ، مفتیٰ بہا [3] ہوتا ہے کہ غیر مفتیٰ بہا ؟

جواب:مفتیٰ بہا،دیکھو ''درمختار'' [4]۔

## سوالاتِ جرح وجوابات

## ازحضور پُرنور اعلیٰ حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال نمبر ۱:علم دین میں کون کون سی کتابیں ہیں ؟

جواب:ہزارہا کتابیں ہیں۔

---

۱۔حضراتِ شیخین ابوبکر صدیق وعمر فاروق رضی اللہ عنہما کو گالیاں بکنے والے کو تبرّائی کہتے ہیں۔

۲ الفتاوی العالمکیریة ۳۔جس قول پر فتویٰ دیا جاتا ہو

۴۔الدر المختار مع رد المحتار، مقدمة، المجلد الأوّل، ص۷۸، دار الفکر، بیروت

www.dawateislami.net

سوال نمبر۲: آپ نے علم دین کی کون کون سی کتابیں درس کی ہیں ؟

جواب: تمام درس نظامی (۱)۔

سوال نمبر۳: قرآن مجید وحدیث شریف بھی علوم دین کی کتابوں میں داخل ہیں یا نہیں ؟

جواب: ہیں۔

سوال نمبر۴: حدیث شریف میں کون کون سی کتابیں ہیں ؟

جواب: بے شمار کتابیں ہیں۔

سوال نمبر۵: آپ نے قرآن مجید درس کیا ہے یا نہیں ؟

جواب: ہاں! کیا ہے و الحمد اللہ۔

سوال نمبر۶: آپ نے حدیث شریف کی کتابوں میں کون کون سی کتابیں درس کی ہیں؟

جواب: مسند امام اعظم و موطا امام محمد وکتاب الآ ثار امام محمد وکتاب الخراج امام ابو یوسف وکتاب الحج امام محمد وشرح معانی الآ ثار، امام طحاوی وموطا امام مالک ومسند امام شافعی ومسند امام احمد وسنن دارمی و بخاری ومسلم وابوداؤ د وترمذی ونسائی وابن ماجہ وخصائص نسائی ومنتقٰی ابن الجارود وعلل متناہیہ ومشکوٰۃ، جامع کبیر وجامع صغیر وذیل جامع صغیر ومنتقٰی ابن تیمیہ وبلوغ المرام وعمل الیوم واللیلۃ ابن السُنی وکتاب الترغیب وخصائص کبرٰی وکتاب الفرج بعد الشدۃ وکتاب الاسماء و الصفات وغیرہ، پچاس

---

۱۔علومِ اسلامیہ پر مشتمل آٹھ سالہ مروجہ کورس جو کہ تقریباً تمام مکاتب فکر میں رائج ہے۔اسے عالم کورس بھی کہا جاتا ہے۔

www.dawateislami.net

سے زائد کتبِ حدیث، میرے درس و تدریس و مطالعہ میں رہیں۔

سوال نمبر ۷: آپ قرآن مجید و حدیث شریف سے پوری طرح سے واقفیت رکھتے ہیں یا نہیں؟

جواب: لفظی ترجمہ، بالائی مطلب، غیر اجتہادی احکام، ہر خاص و عام اپنی استعداد کے لائق سمجھتا ہے، احکامِ اجتہادیہ سمجھنے پر مجتہد کے سوا کوئی قادر نہیں۔

سوال نمبر ۸: مسلمانوں کے یہاں مذہبی کتابوں میں قرآن مجید سب سے اول درجہ کی کتاب ہے یا نہیں ؟

جواب: ہے۔

سوال نمبر ۹: مسلمانوں کے یہاں قرآن مجید کے علاوہ دینی کتابوں میں سب سے اول درجہ کی کتاب، حدیث کی کتاب ہے یا نہیں ؟

جواب: متبرک کے اعتبار سے ایسا ہی ہے اور تحصیل علم کی نظر سے اول درجہ، کتب عقائد ہیں، پھر کتب فقہ، لہٰذا علماء نے فرمایا ہے کہ عام مسلمانوں کو فقہ کے بعد حدیث کی حاجت نہیں۔ ''حدیقہ ندیہ'' علامہ عبد الغنی نابلسی جلد اول[1]۔

سوال نمبر ۱۰: مسلمانوں کے یہاں حدیث کی کتابوں میں درجہ کی ترتیب یعنی یہ کہ حدیث کی کتابوں میں کون اول درجہ کی کتاب ہے۔ کون دوم درجہ کی، کون سوم درجہ کی، وعلیٰ ھذا القیاس؟

جواب: کوئی ترتیب صحابہ و تابعین کے یہاں نہ تھی، نہ اس وقت تک یہ کتابیں تصنیف

---

۱۔ حدیقة الندیة

www.dawateislami.net

ہوئی تھیں، تصنیف کے بعد بعض لوگوں نے اپنے خیال کے مطابق مختلف ترتیبیں ٹھہرالیں جو محققین کو تسلیم نہیں۔دیکھو ''فتح القدیر شرح هدایه ''(۱)وغیرہ۔

سوال نمبر ۱۱:مسلمانوں کے یہاں حدیث کی کتابوں میں اول درجہ کی کتاب کون ہے۔ پھر کون ، پھر کون ؟

جواب :ابھی بیان ہو چکا ہے۔

سوال نمبر۱۲:مسلمانوں کے یہاں سب سے اول درجہ کی کتاب ''صحیح بخاری'' پھر ''صحیح مسلم'' ہے یا نہیں ؟

جواب :بخاری ومسلم بھی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ڈھائی سو برس بعد تصنیف ہوئیں۔مسلمانوں کے بہت سے فرقے انہیں مانتے ہی نہیں اور اس کے سبب وہ اسلام سے خارج نہ ہوئے ،ماننے والوں میں بہت سے لوگ کسی خاص کتاب کو سب سے اول درجہ کی نہیں کہتے ، اس کا مدار صحتِ سند پر رکھتے ہیں ۔بعض جو ترتیب رکھتے ہیں وہ مختلف ہیں ۔مشرقی ''صحیح بخاری'' کو ترجیح دیتے ہیں اور مغربی ''صحیح مسلم کو''، اور حق یہ ہے کہ جو کچھ بخاری یا مسلم اپنی تصنیف میں لکھ گئے سب کو بے تحقیق مان لینا، ان کی بری تقلید ہے جس پر غیر مقلّدین جمع ہوئے ہیں حالانکہ تقلید کو حرام کہتے ہیں،انہیں خدا اور سول یاد نہیں آتے ۔ خدا اور رسول نے کہاں فرمایا ہے کہ جو کچھ ''بخاری'' یا ''مسلم''میں ہے سب صحیح ہے۔

سوال نمبر۱۳: آپ نے جو اپنا مذہب بیان فرمایا ہے ۔اس مذہب کی ابتدا کب

---

۱۔ فتح القدیر،

www.dawateislami.net

سے ہے؟

جواب: جب سے اسلام آیا اور احکام اترے۔

سوال نمبر۱۴: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ میں یہ مذہب تھا یانہیں؟

جواب: تھا۔

سوال نمبر ۱۵: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یہی مذہب تھا یانہیں؟

جواب: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر مذہب حق کے مبداء ومآخذ (۱) ہیں، ان کا مذہب پوچھنا علماء کے نزدیک کمال حماقت ہے۔ دیکھو ''تحفۂ اثناء عشریہ'' صفحہ نمبر ۸۵ میں یہ بھی لکھا ہے کہ ''فقہا صحابہ بھی مآخذ مذہب'' ہیں۔ غرض یہ کہ یہ مذہب ان کے ہیں نا کہ وہ ان مذہبوں کے، نہریں دریا کی ہیں نہ کہ دریا نہروں کے۔

سوال نمبر۱۶: آپ مقلّد ہیں یا غیر مقلّد ؟

جواب: مقلّد (۲)۔

سوال نمبر ۱۷: آپ تقلید کیوں کرتے ہیں، یعنی کس مجبوری سے آپ کو تقلید کرنی پڑی؟

جواب: جس مجبوری سے ایک لاکھ سے زائد صحابی مقلّد ہوئے اور اس زمانہ میں عام مسلمان مقلّد ہوئے یعنی منصب اجتہاد حاصل نہ کیا۔ دیکھو فتح القدیر وفتاوٰی خیریہ (۳)۔

---

۱۔ ابتداء کرنے والے اور پکڑنے والے

۲۔ آئمہ اربعہ میں کسی بھی ایک امام کی تقلید کرنے والے کو مقلِّد کہتے ہیں۔

۳۔ فتح القدیر،

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۱۸: آئمۂ اربعہ کس زمانے میں پیدا ہوئے اور ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب :امام ابوحنیفہ اور امام مالک ،زمانۂ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں پیدا ہوئے اور زمانۂ تابعین میں انتقال فرمایا اور امام شافعی اور امام احمد، زمانۂ تابعین میں پیدا ہوئے اور زمانہ تبع تابعین میں انتقال فرمایا۔

سوال نمبر ۱۹: مجتہد کس کو کہتے ہیں؟

جواب: جو آیات و احکام و اصابتِ احکام وطرقِ حدیث وشذوذ و نکارت ونقدِ رجال، اسباب جرح وتعدیل وعللِ غامضہ و وجوہِ نظم وصنوحِ معنٰی وجمیع مبادئ ادبیہ و اصولیہ و ناسخ ومنسوخ ومناہجِ ترجیح وتطبیق ومناشئ حکم و مقاصدِ شرح ومصالحِ زمن وعوائدِ اُمم ومضانِ حکم و اقاویل صحابہ ومواضعِ اجماع ومشارعِ خلاف وعللِ مؤثرہ وجوامعِ مُغیرہ و مساعہ تعدیہ وموارِدِ قصروغیرہا وجمِع موارِدِ حصر کی معرفت میں دریائے ذخار، نا پیدا کنار ہو اور اس کے ساتھ ذہنِ ثاقب وفکر صائب وطبعِ نقاد، عقل ومقادو توفیقِ خداداد رکھتا ہو کہ جملہ مالہ، وماعلیہ کے لحاظ سے منصوص سے مسکوت کا حکم اپنی رائے سے قائم کر سکے۔ (۱)

---

۱۔مجتہد وہ ہے جس میں اس قدر علمی لیاقت اور قابلیت ہو کہ قرآنی اشارات ورموز سمجھ سکے اور کلام کے مقصد کو پہچان سکے اور اس سے مسائل نکال سکے، ناسخ ومنسوخ کا پورا علم رکھتا ہو، علم صرف ونحو وبلاغت وغیرہ میں اس کو پوری مہارت حاصل ہو، احکام کی تمام آیتوں اور احادیث پر اس کی نظر ہو اس کے علاوہ ذکی اور خوش فہم ہو، جو اس درجہ پر نہ پہنچا ہو، وہ مجتہد نہیں۔مجتہد کے چھے طبقے ہیں (i) مجتہد فی الشرع (ii) مجتہد فی المذہب (iii) مجتہد فی المسائل (iv) اصحابِ تخریج (v) اصحابِ ترجیح (vi) اصحاب تمییز (i) مجتہد فی الشرع: وہ حضرات ہیں جنہوں نے اجتہاد کرکے قواعد واصول بنائے جیسے چاروں آئمہ، امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام مالک، امام=

www.dawateislami.net

**سوال نمبر۲۰: چاروں امام مذکورہ بالا، مجتہد تھے یا نہیں؟**

**جواب: تھے۔**

**سوال نمبر۲۱: مجتہد کو تقلید جائز ہے یا نہیں ہے؟**

**جواب: اس میں مجتہدین کا اختلاف ہے۔**

---

=احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم اجمعین ۔(ii) **مجتہد فی المذہب**: وہ حضرات ہیں جو ان اصول میں ان کی تقلید کرتے ہیں اور ان اصول سے مسائلِ شرعیہ فرعیہ خود استنباط کرسکتے ہیں جیسے امام ابویوسف، امام محمد، ابن مبارک (رحمہم اللہ علیہم اجمعین) کہ یہ قواعد میں حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مقلد ہیں اور مسائل میں خود مجتہد (iii) **مجتہد فی المسائل**: وہ حضرات ہیں جو قواعد اور مسائل فرعیہ دونوں میں مقلد ہیں مگر وہ مسائل جن کے متعلق آئمہ کی تصریح نہیں ملتی ان کو (قرآن وحدیث) وغیرہ دلائل سے نکال سکتے ہیں جیسے امام طحاوی اور قاضی خاں، شمس الآئمہ سرخسی وغیرہم ۔(iv) **اصحاب تخریج**: وہ حضرات ہیں جو اجتہاد تو بالکل نہیں کرسکتے، ہاں آئمہ میں سے کسی کے مجمل قول کی تفصیل فرماسکتے ہیں جیسے امام کرخی علیہ الرحمۃ وغیرہ (v) **اصحاب ترجیح**: وہ حضرات ہیں جو اپنے امام صاحب کی چند روایات میں سے بعض کو ترجیح دے سکتے ہیں یعنی اگر کسی مسئلہ میں حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے دو قول روایت میں آئے تو ان میں سے کس کو ترجیح دیں؟ یہ حضرات وہ کرسکتے ہیں اسی طرح جہاں امام صاحب اور صاحبین کا اختلاف ہو تو کس کے قول کو ترجیح دے سکتے ہیں کہ یہ بہتر ہے یا وہ، وغیرہ جیسے صاحب قدوری اور صاحب ہدایہ وغیرہ ۔(iv) اصحاب تمییز: وہ حضرات ہیں جو ظاہر مذہب اور روایات نادرہ، اسی طرح قول ضعیف اور قوی اور اقوی میں فرق کرسکتے ہیں کہ اقوال مردودہ روایاتِ ضعیفہ کو ترک کردیں اور صحیح روایات اور معتبر اقوال کو لیں جیسے کہ صاحبِ کنز اور صاحبِ درمختار۔ جن میں ان چھ وصفوں میں سے کچھ بھی نہ ہو وہ مقلد محض ہیں جیسے ہم اور ہمارے زمانے کے عام علماء کہ ان کا صرف یہی کام ہے کہ کتاب سے مسائل دیکھ کر لوگوں کو بتادیں ۔(ماخوذ از جاء الحق)

www.dawateislami.net

سوال نمبر۲۲: مجتہد کو تقلید جائز نہیں تو کیوں جائز نہیں ؟

جواب: اپنا حال مجتہدین جانیں، ہمیں اس سے کیا بحث۔

سوال نمبر۲۳: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام کے زمانہ میں، عام مسلمانوں کا کیا مذہب تھا؟

جواب: دین، دینِ اسلام تھا۔عقائد، عقائدِ اہل سنت، اصل اعمال میں گنتی کے صحابہ مجتہد تھے باقی سب مقلّد۔

سوال نمبر۲۴: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام کے زمانہ میں عام مسلمانوں کا مذہب حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی تھا یانہیں مع سند بیان فرمایئے ؟

جواب: ان چاروں مذہب کے مآخذ وہی مذہب ہیں جو زمانہ رسالت وصحابہ میں تھے۔اگرچہ کوئی اصطلاحی نام بعدکوحادث ہوجیسے عقائدمیں اشعری(۱)، ماتریدی(۲)۔غیر مقلّدین اپنے آپ کواہل حدیث کہتے ہیں اور دعوٰی کرتے ہیں کہ یہی مذہب، صحابہ کے زمانہ میں تھا۔حالانکہ اس وقت کوئی مذہب اپنے نام سے نہ پکارا جاتا تھا۔

---

۱۔حضرت امام شیخ ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ کی پیروی کرنے والوں کو''اشعریہ'' کہتے ہیں۔

۲۔امام الھدٰی، حضرت ابومنصور ماتریدی کے ماننے والوں کو''ماتریدیہ'' کہا جاتا ہے۔احناف، عقائدِ فرعیہ میں انہیں کے مقلد ہیں۔صدرالشریعہ، بدرالطریقہ مولانا امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ ارشادفرماتے ہیں کہ'' دونوں جماعتیں (اشعریہ، ماتریدیہ)اہل سنت ہی کی ہیں اور دونوں حق پر ہیں آپس میں صرف بعض فروع کا اختلاف ہے، ان کا اختلاف حنفی، شافعی کا سا ہے کہ دونوں اہل حق ہیں کوئی کسی کی تذلیل وتفسیق نہیں کرسکتا۔(بہار شریعت جہیز ایڈیشن، حصہ اول، ج ۱، ص ۴۶ مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی)

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۲۵: کتاب ''شرح مسلم الثبوت'' کو آپ جانتے ہیں اور یہ آپ کی کتاب ہے یا نہیں؟

جواب: مسلم الثبوت کی کئی شرحیں ہیں اور ان میں ہماری کوئی تصنیف نہیں اور اگر یہ مراد ہے کہ ان میں جو کچھ لکھا ہے وہ سب ہمیں تسلیم ہے یا نہیں تو اس کا یہ حال ہے کہ ہم اپنے امام سے مقلّد ہیں ان مصنفوں کے مقلّد نہیں، ہم ہمیشہ جمہور سواد اعظم (۱) کے پیرو ہیں، جو بات جس مصنف کی خصوصاً حال کے لوگوں، خصوصاً ہندی مولویوں کی، جمہور کے خلاف ہو، ہمیں تسلیم نہیں ہو سکتی۔

سوال نمبر ۲۶: ''شرح مسلم الثبوت'' میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں ؟

"لاواجب إلا ما أوجب اللہ تعالٰی ولہ الحکم ولم یوجب علی أحدٍ أن یتمذھب برجل من الأئمة فإیجابه تشریع شرع جدید" ۔یعنی واجب وہی ہے جس کو اللہ تعالٰی نے واجب فرمایا اور حکم اسی کو سزاوار ہے اور اللہ تعالٰی

---

۱۔ بڑا گروہ، مسلمانوں کی سب سے بڑی جماعتِ حقہ کو سوادِ اعظم کہتے ہیں۔حدیث شریف میں ہے۔سَتَفْتَرِقُ أُمَّتِي ثَلٰثًا و سَبْعِيْنَ فِرْقَةً كُلُّهُمْ فِي النَّارِ اِلّا وَاحِدَةً (یعنی میری) ''یہ امت تہتر فرقے ہوجائے گی ایک فرقہ جنتی ہوگا باقی سب جہنمی'' صحابہ نے عرض کی مَنْ هُمْ یارسول اللّٰه (صلی اللّٰه علیه وسلم) ''وہ ناجی (نجات پانے والا) فرقہ کون ہے یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)''۔آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ارشاد فرمایا مَا اَنَا عَلَيْهِ وَاَصْحَابِي ''وہ جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں'' (یعنی سنت کے پیروکار) دوسری روایت میں '' هُمُ الجماعة '' وہ جماعت ہے یعنی مسلمانوں کا بڑا گروہ جسے سوادِ اعظم فرمایا اور فرمایا جو اس سے الگ ہوا جہنم میں الگ ہوا، اسی وجہ سے اس ناجی فرقہ کا نام اہل سنت و جماعت ہوا۔(بہارِ شریعت جہیز ایڈیشن، حصہ اول، ج ۱، ص ۴۸ مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی)

www.dawateislami.net

نے کسی پر یہ واجب نہیں فرمایا کہ اماموں میں سے کسی ایک امام کے مذہب کولازم پکڑے،پس ایک امام کا مذہب پکڑنے کو واجب کرنا، ایک نئ شرع قائم کرنا ہے۔

جواب: ''مسلّم الثبوت''میں یہ قول ''قیل'' کرکے لکھا ہے یعنی بعض لوگوں نے یوں کہااور درمختار اور فتاوٰی خلاصہ اور بحر الرائق اور فتاوٰی خیریہ وعقود الدریہ واحیاء العلوم وغیرہ بکثرت کتب معتمدہ سے ثابت ہے کہ جمہور علماء اس کے خلاف پر ہیں (۱)۔ بلکہ امام حجۃ الاسلام غزالی نے احیاء العلوم کی نویں کتاب کے تیسرے باب میں تصریح فرمائی ہے کہ تمام علماء کاملین میں کوئی اس طرف نہ گیا(۲)۔

سوال نمبر ۲۷: اور''شرح مسلّم الثبوت'' میں عبارت ذیل درج ہے یانہیں۔

لیس للا تباع بمذهب واحد موجبٌ شرعیٌ یعنی''کوئی شرعی دلیل ایسی نہیں ہے جس سے ثابت ہوکہ ایک مذہب کا پیرو ہوجانا واجب ہے''۔

جواب: یہ بھی بعض کے قول میں یوں لکھا ہے کہ مقلّد جہاں قول امام کی تقلید کر چکا اب اس سے نہیں پھر سکتا، ورنہ جس کی چاہے تقلید کرے۔ سائل نے ناقص بات نقل کی ۔ پوری بات یہ تھی اوراس میں ہر طرح غیر مقلّدوں کا رد تھا، بعد تقلید نہیں پھرسکتا۔ یہ تو صاف غیر مقلّدوں کا رد ہے اوراس کے قبل جس کی چاہے تقلید کرے۔ یہ اور زیادہ غیر مقلّد ہی کا رد ہے ۔ کیونکہ ہر مسئلے میں اللہ جل جلالہٗ ورسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا حکم ایک ہی ہوگا۔ وہ مختلف حکم نہ فرمائیں گے کہ ایک ہی چیز کو جائز بھی فرمادیں اور ناجائز بھی یاواجب بھی فرمادیں اورحرام بھی ۔مگر مجتہدین، یہ

---

۱۔الدر المختار، مقدمة، مطلب:طبقات الفقهاء، ج ۱،ص ۸۳ دارالفکر،بیروت۔

۲۔إحیاء علوم الدین

www.dawateislami.net

آپس میں مختلف ہیں تو جن میں بعض نے اختیار دیا کہ جس کے قول پر چاہے عمل کرے۔اس کا صاف مطلب غیر مقلّدوں کے نزدیک یہ ہوا کہ ''جائز ہے''، چاہے خدا ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موافق چلے چاہے مخالف ،توان میں بعض نے غیر مقلّدوں کے طور پر ہر مجتہد کو اللہ ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا اصل حاکم بنالیا کہ کسی مجتہد کا قول دیکھ لو اور عمل کرلو۔چاہے خدا ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موافق ہو یا مخالف،تو یہ بعض جو غیر مقلّدین کے نزدیک مقلّدین، امام واحد سے بھی بڑھ کر مشرک ہیں،ان کے قول سے سند لانا محض دھوکہ ہے ایک ہی قول پر ہمیشہ عمل ہو تو یقینی مخالفت خدا ورسول عزوجل و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نہ ہوئی ۔ممکن ہے اس کے سب قول،مطابق حکم خداورسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہو،لیکن جب اختیار دیا گیا کہ ہر بات میں جس قول پر چاہو عمل کرو اور ان میں مطابق حکم خدا ورسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہی ہوگا ۔باقی مخالف ہیں تو دیدہ ودانستہ، قصداً خداورسول جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مخالفت کی اجازت ہوئی۔

سوال نمبر ۲۸: کتاب ''حجة اللہ البالغہ'' کوآپ جانتے ہیں اور یہ اہلسنّت و جماعت کی کتاب ہے یانہیں؟

جواب: جواب مطابق نمبر ۲۵۔

سوال نمبر ۲۹: ''حجة اللہ البالغہ'' میں عبارت ذیل درج ہے۔

''علم أنَّ الناس ما کانوا قبل المائة الرابعةِ مجتمعین علی التقلید الخالص لمذهب واحدٍ''۔یعنی لوگ چوتھی صدی کے قبل کسی ایک

www.dawateislami.net

خاص مذہب کی خالص تقلید پر متفق نہ تھے؟

جواب: یہ عبارت ''حجة اللہ البالغہ'' کے اکثر نسخوں میں نہیں ہے۔ صرف ایک نسخے میں ہے جو کہ تتمہ[1] بنا کر الحاق کی گئی ہے، چھاپنے والے نے اُسے حاشیہ پر ظاہر کردیا ہے اور یہ عبارت خود انہی مصنف کی کتاب مسمّٰی بہ ''انصاف'' کے خلاف ہے۔ دوصدی کے بعد ایک امام معیّن کا مذہب لینا مسلمانوں میں شائع ہوا، کم کوئی ایسا نہ کرتا اور اس وقت وہی واجب تھا، اور اتنا تو اس ''حجة اللہ البالغہ'' کی اس عبارت سے بھی ظاہر ہے کہ تیسری صدی تک بھی تقلید شخصی خالص موجود تھی گو اس پر اجماع نہ تھا پھر تو اس پر سب کا اجماع ہوگیا۔

سوال نمبر۳۰: اور حجة اللہ البالغہ میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟ ''ثم بعد ھذا القرون کان النّاس آخرون ذھبوا یمیناً و شمالاً وحدث فیھم أمورٌ''۔ یعنی پھران زمانوں کے لوگ ہوئے جو داہنے اور بائیں چل نکلے اور اُن میں کئی باتیں پیدا ہوگئیں؟

جواب: یہ بھی اسی تتمہ میں ہے، جس سے اکثر نسخے خالی ہیں۔

سوال نمبر۳۱: اور ''حجة اللہ البالغہ'' میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟

''منھا انھم بالتقلید فی صدورھم ربیب النمل وھم لا یشعرون''۔

جواب: یہ بھی اسی تتمہ میں ہے۔ یہ عبارت بھی سائل نے ناقص نقل کی ہے، اس کے بعد جو امور مصنف نے لکھے ہیں، اُن سے ظاہر ہے کہ خالص تقلید شخصی کو وہ دینی

---

[1] ضمیمہ۔ بقیہ حصہ

www.dawateislami.net

ضرورت جانتے ہیں اور یہ کہ ان کے اعتراضوں کا تصفیہ اور مقدمات کا انصاف کے ساتھ فیصلہ ظلم کا انسداد ہے اور مصنف نے رسالہ ''انصاف'' میں تصریح کی ، یہ ایک رازخدا کا ہے کہ علماء کے دل میں ڈال دیا اور علماء کو اس کا پیروکردیا ،اور اپنے دوسرے رسالے ''عقد الجید'' میں ایک باب اس لئے لکھا ہے کہ '' پیروئ مذاہب اربعہ پرتاکید اوران سے باہر ہونے کی سخت ممانعت ہے''اور لکھا ہے کہ ان چاروں مذہبوں سے روگردانی کرنے میں بڑا فساد ہے تو انہی مصنف کے کلام سے ثابت ہوتا ہے کہ غیر مقلّدین بڑے مفسد ہوتے ہیں ۔

سوال نمبر۳۲: جن لوگوں کا مذہب ہر ہر مسئلہ میں قرآن وحدیث یعنی جن لوگوں کا مذہب یہ ہے جو مسئلہ قرآن مجید یا حدیث شریف سے ثابت ہوتا ہے اسی کو وہ مانتے ہیں اوراسی کولائق پابندی جانتے ہیں اور کسی رسم ورواج کو یا کسی کے قول وفعل کو جس کی سند قرآن مجید وحدیث شریف سے نہ ہو،نہیں مانتے اور نہ لائق پابندی جانتے ہیں، اُن کے اس مذہب کی ابتدا کب سے ہے؟

جواب :یہ مذہب کہ ہرشخص اپنی سمجھ پرقرآن وحدیث سے مسئلے لے کرامام کے قول کی سندنہ مانے ، یہ قرآن وحدیث سب کے خلاف ہے ۔ یہ مذہب نہ زمانۂ رسالت میں تھا، نہ زمانہ صحابہ میں اور نہ زمانۂ تابعین میں بلکہ نئے منکر جاہلوں کے کان میں شیطان نے پھونکا کہ تم کیا کم ہو جوایسے صحابہ وآئمہ کی پیروی کرو، قرآن سمجھنے کو کچھ علم درکار نہیں، ہر جاہل اپنی گڑھت پر چلے ۔

سوال نمبر۳۳: ایسے لوگ جن کا مذہب جواب نمبر۳۲ میں درج کیا گیاہے مسلمان اہلسنّت وجماعت ہیں یانہیں ؟

جواب :ایسے لوگ ہرگز سنی مسلمان نہیں ۔

سوال نمبر۳۴:اسلام میں اصلی قانون کیا ہے ؟

جواب:فقط کلام اللہ شریف ۔

سوال نمبر۳۵:اسلام میں اصلی قانون قرآن مجید وحدیث شریف ہے یانہیں؟

جواب:حدیث بھی اصلی قانون نہیں بلکہ قرآن مجید کی تابع ہے ۔کلام مجید ہی نے حکم فرمایاہے کہ حدیث واجماع وآئمہ کی اطاعت کرو،اسی لئے چار اصول ٹھہرے ۔

سوال نمبر۳۶:جب مسلمانوں میں کسی امر میں نزاع اور اختلاف واقع ہوتو ایسی حالت میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اصلی قانون کی طرف رجوع کرنے کاحکم دیا ہے یانہیں؟

جواب:قانون اصلی اور قانون تابع دونوں کی طرف رجوع کاحکم دیاہے اور وہ بھی حقیقتاً قانون اصلی ہی کی طرف رجوع ہے کہ قانون تابع ، قانون اصلی کی طرف رجوع کرتا ہے۔قرآن مجید میں فرمایا: ﴿وَلَوْرَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ﴾(۱)۔دیکھواس آیت نے قانون تابع ، مجتہدین کی طرف رجوع کاحکم دیا اور قیاس آئمہ کو ثابت کیا ہے۔دیکھو ''معالم التنزیل (۲)''وغیرہ۔غیرمقلّدین اس قانون تابع کی طرف رجوع کے منکر ہوکر خاص،حکم قانون اصلی کے منکر ہو بیٹھے۔

---

۱۔ترجمۂ کنزالایمان:اگراس میں رسول اوراپنے ذی اختیار لوگوں کی طرف رجوع لاتے توضرور ان سے اسکی حقیقت جان لیتے (پ۵،النساء:۸۳)

۲۔تفسیر البغوي المسمّی ''معالم التنزیل'' پ۵،النساء:۸۳،ج ۱، ص۳۶۳،دارالکتب العلمیۃ ،بیروت

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۳۷: مسلمان کی کیا تعریف ہے اور مسلمان کس کو کہتے ہیں ؟

جواب: جو تمام ضروریات دین کو مانتا ہو اور کوئی علامت، تکذیب کی نہ رکھتا ہو، دیکھو ''مواقف شرح''[1]۔

سوال نمبر ۳۸: یہ بات ٹھیک ہے یا نہیں کہ جو شخص لا إلٰـہ إلا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ کا اقرار کرے اور صدق دل سے اس پر اعتقاد رکھے وہ مسلمان ہے ؟

جواب: ہاں! صدق دل سے مانے تو ضرور مسلمان ہے اور وہ یوں ہی ہوگا کہ ضروریات دین سے کسی چیز کا انکار نہ کرے ورنہ نری کلمہ گوئی کافی نہیں۔

سوال نمبر ۳۹: مسئلہ نمبر ۳۸، حدیث شریف کا مسئلہ ہے یا نہیں ؟

جواب: حدیث شریف میں سارا کلمہ اور لَا اِلٰـہَ اِلّا اللّٰہ دونوں آئے ہیں اور مراد وہی ہے جو اس سے پہلے نمبر میں گزری۔

سوال نمبر ۴۰: حدیث ذیل صحیح بخاری و صحیح مسلم کی حدیث ہے یا نہیں۔ ''ما من أحدٍ شھد أن لا اِلـٰہَ اِلا اللّٰہ وأن محمد رسول اللّٰہ صدقا من قلبہٖ إلا حرّمہ اللّٰہ علی النار یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص **لااِلٰـہ إلا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ** کا اقرار کرے اور صدق دل سے اس پر اعتقاد رکھے، اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ کی آگ پر حرام کردے گا۔

جواب: ہے[2] اور ''صدقا من قلبہ'' اس لئے فرمایا، نری کلمہ گوئی مسلمان

---

۱۔شرح المواقف، ۲۔ صحیح البخاري، کتاب العلم، باب من خص بالعلم ألخ، رقم الحدیث ۱۲۸، الجلد الأول ص ۶۷، دار الکتب العلمیۃ بیروت ، قد وجدنا فی البخاری بلفظ ''ویشھد''

www.dawateislami.net

ہونے کو کافی نہیں۔

سوال نمبر۴۱: جو شخص مسئلہ ۳۸ پر ثابت قدم رہے، چاہے اس کے دیگر افعال کیسے ہی ہوں وہ مسلمان ہے یا نہیں ؟

جواب: جواب اوپر کے انہیں نمبروں میں گزرا ہے۔

سوال نمبر۴۲: ابوداؤد صحاح ستہ میں سے ہے یا نہیں ؟

جواب: ہے (۱)۔

سوال نمبر۴۳: صحاح ستّہ، اہلسنّت وجماعت کی کتابوں میں سے ہیں یا نہیں ؟

جواب: اہل سنت کی کتب حدیث میں سے صحاح ستہ بھی ہیں۔

سوال نمبر۴۴: حدیث ذیل ''سنن ابوداؤد'' میں ہے یا نہیں ؟

ثلٰثٌ من أصل الإیمان الکف عمن قال لااِلٰہَ اِلّا اللہ ولا تکفروہ بذنب ولا تخرجوہ من الإسلام بعمل یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تین باتیں ایمان کی جڑ ہیں۔جن میں ایک بات یہ ہے کہ جو شخص لا إلٰہ إلا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لے، اس کے بارے میں روکو زبان کو، اس کو نہ تو اس کے کسی گناہ کی وجہ سے کافر کہو، نہ اس کو کسی فعل کی وجہ سے اسلام سے خارج کرو۔

---

۱۔ صحاح ستہ سے مراد حدیث کی چھ صحیح ترین کتب ہیں جن کے نام یہ ہیں۔(i) بخاری شریف ازابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری، (ii) مسلم شریف ازابوالحسین امام مسلم بن الحجاج القشیری (iii) ترمذی شریف ازابوعیسٰی محمد بن عیسٰی ترمذی (iv) نسائی شریف از ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی (v) ابوداؤد شریف از سلیمان بن اشعث سجستانی (vi) ابن ماجہ شریف از ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ

www.dawateislami.net

جواب: یہ انہیں حدیثوں میں سے ہے[1] جن کا بیان دوتین نمبر اوپر ہو چکا کہ یہاں فقط لا إِلٰــہ إلااللہ محــمــد رسـول اللہ کا ہی ذکر نہیں، اور مراد وہی تصدیق جمیع ضروریات دین ہے۔

سوال نمبر ۴۵: دینِ اسلام، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت میں مکمل ہو چکا تھا یا نہیں؟

جواب: بے شک، اور یوں ہی ہوا کہ کچھ احکام قرآن وحدیث میں مذکور ہوئے باقی نہیں۔حق تعالیٰ نے راہِ اجتہاد کھولی اور مجتہدین پیدا کیے اور ان کا اِتباع فرض کیا۔ اگر یہ نہ ہوتا تو لاکھوں احکام سے قرآن وحدیث خالی رہتے اور دین نامکمل ٹھہرتا۔

سوال نمبر ۴۶: آیتِ کریمہ: ﴿اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ﴾ سب کے پیچھے نازل ہوئی یا نہیں۔یعنی اس آیت کے بعد بھی کوئی نیا حکم نازل ہوا یا نہیں؟

جواب: یہ آیت سب کے بعد نازل نہ ہوئی۔اس کے بعد اور احکام بھی اُترے جیسے آیت ربا، آیت دین، آیت میراث اور شاید کوئی اور ہے[2] اس وقت میری یاد میں نہیں۔دیکھو تفسیر اتقان، صحیح بخاری، صحیح مسلم[3] وغیرہ۔

---

۱۔سنن أبي داود، کتاب الجهاد، باب(في) الغزو مع أئمة الجور، رقم الحديث: ۲۵۳۲، الجزء الثالث ص۲۶، دار احیاء التراث بیروت، **قد وجدنا فيها بلفظ: "لا نُكَفِّرُهُ، ولا نخرجه".**

۲۔آیت وَاتَّقُوْا یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ اِلَی اللّٰهِ جو کہ وعظ ونصیحت پر مشتمل ہے، بھی بعد میں نازل ہوئی۔(خزائن العرفان ص۹۳، پاک کمپنی لاہور)

۳۔ تفسیر "الاتقان"

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۴۷: حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر پیغمبری ختم ہوگئی یا نہیں؟ اور اللہ تعالیٰ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیین فرمایا ہے یا نہیں ؟

جواب: بے شک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بنصِ قطعی قرآن نبوّت ختم ہوگئی، اب کوئی نبی نہیں ہوسکتا[1]۔ لہٰذا ضروری ہوا کہ آپ کے دین میں مجتہدین ہوں اور مسلمانوں پر مجتہدوں کی پیروی فرض ہو کہ وہ وقائع[2] جن کا ذکر قرآن مجید وحدیث شریف میں نہیں اپنی رائے سے ان میں حکم شرعی قائم فرمالیں۔ ورنہ یہ احکام، مجمل رہ جاتے کہ قرآن وحدیث میں ذکر نہیں۔ اور کوئی تازہ[3] نبی ہو نہیں سکتا تو مجتہدین اگر نہ ہوتے یا ان کا حکم، حکم شرع نہ ٹھہرتا تو یہ احکام کیوں کر معلوم ہوسکتے۔

---

۱۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ وَلٰـكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا (پ ۲۲ ،احزاب: ۴۰) ترجمۂ کنزالایمان شریف: ”ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں کے پچھلے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے“ اس آیت کے تحت مفسرِ شہیر مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا آخر الانبیاء ہونا قطعی ہے، نصِ قرآنی بھی اس میں وارد ہے اور صحاح کی بکثرت احادیث جو حدِّ تواتر تک پہنچتی ہیں ان سب سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے آخری نبی ہیں، آپ کے بعد کوئی نبی ہونے والا نہیں جو حضور علیہ السلام کی نبوت کے بعد کسی اور کو نبوت ملنا ممکن جانے ، وہ ختم نبوت کا منکر اور کافر، خارج از اسلام ہے (کنزالایمان مع تفسیر خزائن العرفان، ص ۶۳، مطبوعہ پاک کمپنی لاہور)

۲۔ واقعات

۳۔ نیا

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۴۸: اہلسنّت و جماعت کی کیا تعریف ہے ؟

جواب: جو سواد اعظم مسلمین کے پیرو ہیں، جس کے اتباع کا متواتر(۱) حدیثوں میں حکم ہے، اور حدیث نے مذہب حق کی عام فہم تعریف بیان فرمائی ہے۔ ''اتبعوا السوادالأعظم فإنه من شذ شذ في النار''(۲)۔ ''مسلمانوں کے بڑے گروہ کی پیروی کرو، جو اس سے جدا ہوا، وہ جہنم میں جدا ہوا''۔ ہر شخص جانتا ہے کہ مسلمانوں کا بڑا گروہ مقلّد ہے غیر مقلّدین بہت قلیل ہیں۔ خود ''حجة اللہ البالغة'' کی اسی عبارت میں، جس کے چند ناقص ٹکڑے سائل نے نقل کئے، صاف لکھا ہے کہ ان چار مذہبوں کی تقلید درست ہونے پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے، اگر کوئی اس کا مخالف ہے بھی تو ایسا کہ وہ کسی گنتی شمار میں نہیں''۔

سوال نمبر ۴۹: ''شرح عقائد نسفی'' کو آپ جانتے ہیں یا نہیں ؟ اور یہ آپ کی کتاب ہے یا نہیں؟

جواب: ہاں! اور اصل کلی مطابق نمبر ۲۵۔

سوال نمبر ۵۰: ''شرح عقائد نسفی'' میں اہلسنّت و جماعت کی تعریف ذیل کے مطابق لکھی ہے یا نہیں؟ القاب خادمه السنة ومضٰی علیه الجماعة فسموا

---

۱۔ حدیث متواتر: وہ حدیث جسے ایک جماعت سے دوسری جماعت نقل کرے اور وہ جماعت اتنی بڑی ہو کہ ان کا کسی جھوٹ پر متفق ہونا متصور نہ ہو اور یہ سلسلہ ہم تک اسی طرح چلا آتا ہو مثلاً (i) قرآن پاک کا منتقل ہونا (ii) رکعاتِ نماز کی تعداد (iii) مقدارِ زکوٰۃ وغیرہ وغیرہ (تلخیص اصول الشاشی، ص۳۰، مکتبہ اسلامیہ سعیدیہ مانسہرہ)

۲۔ مشکوٰۃ شریف، کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، الفصل الثانی، ص۳۰، قدیمی کتب خانہ کراچی)

www.dawateislami.net

أهـل السـنة و الـجماعة یعنی ’’اہلسنّت وجماعت کا نام،اس وجہ سے اہل سنت وجماعت ہوا کہ انھوں نے سنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وجماعت صحابہ کی پیروی کی‘‘۔

جواب: پوری عبارت دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ اس میں کچھ لفظ رہ گئے ہیں [1] اور یہ وجہ تسمیہ ہے،تعریف نہیں اور جماعت کے ترجمہ میں صحابہ کی قید سائل نے اپنی طرف سے لگادی ہے۔پھر غیر مقلدّین صحابہ کی بھی تقلید نہیں کرتے، نہ اجماع کو مانتے ہیں، تو یوں بھی اہلسنّت کے مخالف ہوئے۔

سوال نمبر ۵۱: ’’توضیح وتلویح‘‘ کو آپ مانتے ہیں یا نہیں ؟اور یہ آپ کی کتاب ہے یانہیں ؟

جواب: ہے۔بدستور نمبر ۲۵۔

سوال نمبر ۵۲: ’’توضیح وتلویح‘‘ میں اہلسنّت کی تعریف ذیل لکھی ہے یانہیں؟

اهـل السـنة والـجـمـاعة هم الذين طريقهم طريق رسول الله ۔یعنی اہلسنّت وجماعت وہ لوگ ہیں جن کا طریقہ،طریقۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔

جواب: یہ عبارت اس طرح ’’توضیح وتلویح‘‘ میں نہیں ۔جہاں تک مجھے یاد ہے یہ کلام

---

۱۔اصل عبارت یوں ہے’’اثبـات مـاورد بـه الـسـنة ومـعـنٰی علیه الجماعة فسمّوا أهـل الـسـنة والجماعة ‘‘ جو چیز سنت اور صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کے عمل سے ثابت ہو اس پر ثابت قدم رہنے والے لوگوں کو اہل سنت وجماعت کا نام دیا گیا۔(شرح عقائد نسفی، ص ۷،قدیمی کتب خانہ کراچی )

www.dawateislami.net

ثبوت اجماع میں لکھا ہے اور کتاب میں اس کے بعد و أصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنھم بھی ہے جسے سائل نے ساقط کردیا (۱)۔ تو اس عبارت کی رو سے بھی غیر مقلّدین کہ طریقہ صحابہ کو حجّت نہیں مانتے اور اہلسنّت سے خارج ہوئے۔

سوال نمبر ۵۳: کتاب ''حجة الله البالغه'' جس کا بیان نمبر ۲۸ میں ہو چکا ہے، اس کتاب میں اہل سنت و جماعت کی تعریف ذیل ہی ہے یا نہیں؟

لما ظهر أعجاب كل ذی رأی برأيه وتشعبت بهم السبل اختار قوم ظاهر الكتاب والسنة وعضوا بنواجذهم على عقيدة السلف وهم أهل السنة یعنی ''جب لوگوں کے طریقے مختلف ہو گئے اور ہر اہل رائے کا اپنی رائے پر خوش ہونا ظاہر ہو گیا تو ایک قوم نے صاف صاف قرآن و حدیث کو اختیار کیا اور سلف کے عقائد کو مضبوط پکڑا یہی لوگ اہل سنت ہیں''

جواب: یہ عبارت اس وقت میرے خیال میں نہیں، معلوم نہیں سائل نے اس میں کچھ قطع و برید (۲) کی ہو، پھر بھی اس سے غیر مقلّدوں کا اہلسنّت سے خارج ہونا ثابت،

---

۱۔ توضیح تلویح میں اصل تعریف یوں ہے کہ ''أهل السنة والجماعة وهم الذين طريقتهم طريقة الرسول عليه السلام واصحابه رضی الله عنهم دون أهل البدع (توضيح تلويح بحث الركن الثالث "الاجماع''، ص ۵۲۸، ج ۲، مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی) اعلیٰ حضرت، امام اہل سنت علیہ رحمۃ الرحمٰن کے حافظہ کا کیا کہنا، جیسے آپ نے ارشاد فرمایا ویسا ہی کتاب میں بھی لکھا ہوا پایا۔

۲۔ حجۃ اللہ البالغہ میں اہل سنت و جماعت کی تعریف ایک جگہ پر یوں ملتی ہے کہ ''الفرقة الناجية (أي: أهل السنة و الجماعة) هم الآخذون في العقيده و العمل جميعا بما ظهر من الكتاب و السنة وجرى عليه جمهور الصحابة والتابعين'' =

www.dawateislami.net

کہ سلف کے عقائد سے تسلیمِ اجماع وقیاس وتقلید بھی تھی، غیر مقلّدوں نے انہیں نہ پکڑا، یک لخت چھوڑا۔

سوال نمبر۵۴:''غنیۃ الطالبین'' کوآپ جانتے ہیں یانہیں اور یہ کتاب، حضرت پیران پیر یعنی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے یانہیں ؟

جواب:اس کتاب کی تصنیف حضور پرنور رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہونے میں شبہ ہے۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ یہ، ہرگز ثابت نہیں۔

سوال نمبر۵۵:''غنیۃ الطالبین'' میں اہلسنّت وجماعت کی یہ تعریف لکھی ہے یانہیں؟فعلی المومن اتباع السنۃ و الجماعۃ فالسنۃ ماسنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وجماعۃ ما اتفق علیہ أصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یعنی''ہر مسلمان پر لازم ہے کہ سنّت وجماعت کی پیروی کرے۔سنت سے مراد طریقۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے اور جماعت سے مراد وہ طریقہ ہے جس پر کُل صحابۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متفق ہوں''؟

جواب: یہ عبارت بھی اس وقت مظہر کو یاد نہیں اور اس قدر سے غیر مقلّدین کا اہلسنّت سے نہ ہونا ثابت ہے کہ اس میں تقلیدِ جماعت لازم، اجماعِ صحابہ کو حجت (۱)

=یعنی''اہل سنت وجماعت وہ لوگ ہیں جو عقائد واعمال میں قرآن وسنت کی پیروی کرتے ہیں اور انہی عقائد واعمال پر تمام صحابہ وتابعین کا بھی عمل رہا۔(حجۃ اللّٰہ البالغۃ حصہ اول، باب الاعتصام بالکتاب و السنۃ، ص ۱۷۱، مکتبہ نور محمد کتب خانہ کراچی )

۱۔دلیل

www.dawateislami.net

ماننالازم، غیرمقلّدین ان دونوں باتوں کے منکر ہیں، یوں کہ وہ قرآن وحدیث کے سواکسی کی سند مانتے ہی نہیں۔

سوال نمبر ۵۶: مذہب کے حق ہونے کی کوئی شناخت ہے یانہیں؟

جواب: ہے۔

سوال نمبر ۵۷: اگر مذہب کے حق ہونے کی شناخت ہے تو کیا ہے ؟

جواب: سوادِاعظم مسلمین کی مطابقت، جس کا بیان اوپر گزرا۔

سوال نمبر ۵۸: مذہب کے حق ہونے کی یہ بھی کوئی شناخت ہے یانہیں کہ ایک زمانہ میں ایک ملک کے باشندگان اور اس ملک کی سلطنت کا، وہ مذہب ہو یا وہ مذہب رہاہو ؟

جواب: جس ملک کے لوگ اہل سنّت ہوں اور قدیم سے اس میں ایک عقیدہ رہاہواور اب لوگ اس کی مخالفت کریں اور خصوصاً جبکہ وہ مخالفت، سلطنت اسلام جانے کے بعد ہوتو یہ ضرور دلیل ہے کہ یہ نئی مخالفت، باطل ہے اور مذہب حق وہی تھا۔ جو قدیم سے چلاآتا تھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں باطل مذہب والوں کی یہی پہچان بتائی کہ "یأتونکم من الأحادیث بما لم تسمعوا أنتم ولآ اٰبائکم" (۱) "وہ باتیں تمہارے پاس لائیں گے جو نہ تم نے سُنیں اور نہ تمہارے باپ دادا نے" اور فرمادیا کہ " فإیاکم و إیاھم لا یضلّونکم

---

۱۔ الصحیح لمسلم، باب النھی عن الروایۃعن الضعفاء والاحتیاط فی تَحَمّلھا، رقم الحدیث ۷، ص ۹، دار ابن حزم، بیروت۔

www.dawateislami.net

ولا یفتنونکم۔ (۱)''ان سے دور بھا گو! انھیں اپنے سے دور کرو! کہیں وہ تمہیں بہکانہ دیں کہیں وہ تمہیں فتنے میں نہ ڈال دیں''۔ دیکھو''صحیح مسلم'' یہ حدیث بھی حکم فرمارہی ہے کہ اہلسنّت، غیرمقلّدوں سے دور رہیں، ان کے مجمع میں خود نہ جائیں، اپنی مسجدوں میں انہیں نہ آنے دیں کہ فتنے نہ اٹھیں،عوام خراب نہ ہوں۔

سوال نمبر ۵۹:''مشکوٰۃ شریف'' کو آپ جانتے ہیں یا نہیں ؟اور یہ، اہلسنّت وجماعت کی حدیث کی کتاب، ہے یانہیں؟

جواب: ہے۔

سوال نمبر ۶۰:''مشکوٰۃ شریف'' میں ایک حدیث ہے، مذہب حق کی شناخت کے بیان میں، یہ ہے یانہیں؟ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:''ما أنا علیه و أصحابی'' یعنی''حق مذہب وہ طریقہ ہے جو میرا اور میرے کل اصحاب کا طریقہ ہے''؟

جواب: ہے (۲) اور اس کی پہچان کی رو سے بھی غیر مقلّدین، اہل حق سے نہیں۔ کہ اجماع وقیاس وتقلید کا اثبات جو طریقہ صحابہ کا تھا، یہ اس سے منکر ہیں۔

سوال نمبر ۶۱:''طحطاوی'' کو آپ جانتے ہیں یانہیں؟ اور یہ آپ کی کتاب ہے یانہیں؟

جواب: ہے۔ مطابق نمبر ۲۵۔

---

۱۔الصحیح لمسلم،باب النهی عن الروایة عن الضعفاء والاحتیاط فی تحملها،رقم الحدیث ۷،ص ۹،دارابن حزم، بیروت۔

۲۔مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان،باب الاعتصام بالکتاب والسنة،الفصل الثانی ص ۳۰،قدیمی کتب خانہ کراچی۔

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۶۲: ''طحطاوی'' میں یہ عبارت ذیل، دربارۂ شناخت حقیقت مذہب کے درج ہے یا نہیں؟ فان قلت: ماوقومك على أنك على صراط مستقيم وكل واحدمن هذه الفرق يدعي أنه عليه، قلت: ليس ذالك بالإ دعاء بل بالنّقل عن جهابذة الصحابة وعلماء أهل الحديث الذين جمعوا صحاح الأ حاديث فى أمور رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم وأحواله وأقواله وحركاته وسكناته وأحوال أصحابه والذين اتبعوهم باحسان، مثل الإمام البخاري ومسلم وغيرهما من الثّقات المشهورين الذين اتفق أهل المشرق والمغرب على صحة مارووه فى كتبهم من أمورالنبى صلى الله تعالى عليه وسلم واصحابه (إلى آخره) یعنی ''اگرتو یہ سوال کرے کہ تو یہ کیوں کر جان سکتا ہے کہ راہ راست پر تو ہی ہے، حالانکہ ہر ایک فرقہ اپنے راہ راست پر ہونے کا دعوٰی رکھتا ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ کسی فرقے کے، مجرد (۱) ایسا دعوٰی کر دینے سے اس فرقے کا راہ راست پر ہونا ثابت نہیں ہوسکتا بلکہ راہ راست پر ہونا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ صحیح صحیح حدیثیں، جن کو امام بخاری و امام مسلم وغیرہ ہی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حالات، میں اپنی کتابوں میں جمع کیں ان پر پیش کئے جائیں، پھر دیکھا جائے کہ ان حدیثوں کے مطابق اصول وفروع میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا کون پیرو ہے اور کون نہیں۔ جو پیرو ہے، وہ حق ہے اور جو ایسا نہیں

---

۱۔ اکیلا

www.dawateislami.net

ہے، وہ باطل ۔

جواب: یہ بات تو یقیناً یوں نہیں ہے، اس میں سائل نے بڑی قطع و برید کی ہے۔اس کے متصل بلا فاصلہ اس سے قبل، کتاب میں ہے کہ آج اہل سنّت ان چار مذاہب[1] حنفی ،شافعی ،مالکی، حنبلی میں مجتمع ہیں جو اِن چار سے خارج ہے، بدمذہب جہنمی ہے اور خود اتنے ٹکڑے میں، جو ابھی سائل نے ذکرکیا ،تقلید صحابہ کا ذکر موجود ہے نیز صحیح حدیثیں اور سیرت صحابہ اور اجماع وقیاس وتقلید کی نسبت ہیں اور غیر مقلّدین اس کے منکر ،یوں بھی اہلسنّت سے خارج ہیں ۔

سوال نمبر۶۳:مسجد عام مسلمانوں کے واسطے ہے یانہیں ؟

جواب :نہیں! کہ بچہ اور مجنون اور مجذوم اور برص اور بدبو کے زخم والے اور کچالہسن، پیاز کھانے والے اور مفسد[2] اور موذی یہ سب بھی مسلمانوں میں داخل ہیں اور شرع نے انہیں مسجد میں آنے کا حق نہ دیا بلکہ مسجد سے دور کرنے کا حکم دیا۔

سوال نمبر۶۴:مسجد میں عام مسلمان نماز ادا کرسکتے ہیں یانہیں ؟

جواب :اس کا جواب ابھی بیان ہو چکا ہے۔

سوال نمبر۶۵:مسجد واسطے عبادت عام کے ہیں یانہیں ؟

جواب : جواب بشرح صدر۔

سوال نمبر ۶۶:ازروئے قرآن وحدیث ایسی کوئی مسجد ہے یانہیں جس میں صرف ایک ہی فرقہ ومذہب کے مسلمان نماز پڑھ سکتے ہوں ؟

جواب :اہلسنّت کی سب مسجدیں ایسی ہی ہیں جس میں ان کے غیروں ،مفسدوں،

---

ا۔طحطاوي ۲۔فساد کرنے والے

www.dawateislami.net

موذیوں اور ایسے لوگوں کو، جن کے آنے سے مسجد کے نمازیوں کو نفرت ہو یا فتنہ فساد اٹھے، آنے تک کی اجازت نہیں، نماز پڑھنا تو بڑی بات ہے۔

سوال نمبر ۶۷: از روئے قرآن وحدیث ایسی کوئی مسجد ہے یا نہیں جس میں کسی کو نماز پڑھنے اور عبادت الٰہی بجالانے سے روک سکتے ہیں ؟

جواب: جواب بار بار گزرا۔

سوال نمبر ۶۸: عبارت ذیل قرآن مجید کی آیت ہے یا نہیں؟

﴿وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ یُّذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ﴾ یعنی "اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ کی مسجدوں سے، یعنی اس بات سے کہ ان میں خدا کا ذکر کیا جائے، منع کرے"؟

جواب: سائل نے پوری آیت نقل نہ کی اور ترجمہ میں بھی مغالطہ دیا ہے، آیت میں اس کے بعد یہ فرمایا ہے: ﴿وَسَعٰی فِیْ خَرَابِهَا اُولٰٓئِکَ مَا کَانَ لَهُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْهَا اِلَّا خَآئِفِیْنَ﴾ (۱) اور اس کا ترجمہ یوں ہے کہ "اس سے بڑھ کر ظالم کون؟ جو خدا کی مسجدوں کو، ان میں خدا کا نام لئے جانے سے روک دے اور ان کے ویران کرنے میں کوشش کرے، ان لوگوں کو نہیں پہنچتا تھا کہ مسجدوں میں جائیں مگر ڈرتے ہوئے" سائل نے ترجمہ یہ کیا کہ "مسجدوں سے روکے" حالانکہ آیت میں یہ ارشاد ہوا کہ "مسجدوں کو روکے"۔ کسی شخص کو روکنا اور بات ہے اور مسجدوں کو یادِ خدا سے روک دینا اور بات۔ اگر بعض اشخاص کسی وجہ شرعی کے سبب مسجدوں سے روکے گئے اور صدہا نمازی ان میں نماز پڑھ رہے ہیں تو یہاں ان شخصوں کا

---

۱۔ پ ۱، البقرۃ: ۱۱۴

www.dawateislami.net

روکنا ہوا، مسجدوں کا روکنا نہ ہوا، جس کا اس آیت میں ذکر ہے کہ مسجدوں میں تو یاد خدا ہورہی ہے، مسجدوں کا روکنا اس وقت ہو کہ کسی کو ان میں عبادت نہ کرنے دیں۔''مسجدوں کی ویرانی میں کوشش کرنے والے'' وہی لوگ ہیں جو اپنی مسجد ہوتے ہوئے دوسروں کی مسجد پر قبضہ چاہیں اور فتنہ اٹھائیں کہ اس کے انجام میں جو فریق قید میں پہنچے گا اس کی مسجد ویران ہوگی۔ ہر فریق اپنی اپنی مسجد میں نماز پڑھا کرتا تو سب مسجدیں امن وامان سے آباد رہتیں۔

سوال نمبر۶۹:''ہدایہ'' کو آپ مانتے ہیں یا نہیں اور یہ آپ کی کتاب ہے یا نہیں ؟

جواب: ہے۔

سوال نمبر۷۰: ہدایہ میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟

لأن المسجد مالا يكون كأحد فيه حق المنع ۔یعنی''مسجد ایک ایسی جگہ ہے جس میں کسی کو عبادت الٰہی سے روکنے کا حق نہیں''؟

جواب: یہاں بھی سائل نے پوری بات ذکر نہ کی۔ یہاں اس کا ذکر ہے کہ آدمی اپنے گھر کے وسط کو مسجد کرے اور چاروں طرف اپنی مِلک رکھے جس کے سبب اسے ممانعت عام کا اختیار ہو کہ اصلاً کسی کو نہ آنے دے(۱) ،ایسا حق مسجد میں کسی کو نہیں ہوتا(۲)۔

---

۱۔ الهداية، كتاب الوقف،فصل و إذا بنى مسجداً لم يزل ملكه عنه ألخ،ج۳،ص۲۱، دارإحياء التراث العربي،بيروت۔

۲۔مسجد کے متعلق مکمل احکام جاننے کے لئے اعلیٰ حضرت ،امام اہل سنت علیہ رحمۃ الرحمٰن کا رسالہ ''التحریر الجید فی حق المسجد'' ملاحظہ فرمائیں

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۷۱: ''فتح القدیر'' اور'' شامی'' کو آپ جانتے ہیں یانہیں اور یہ آپ کی کتابیں ہیں یانہیں؟

جواب: ہیں، بدستور نمبر ۲۵۔

سوال نمبر۷۲: ''فتح القدیر'' اور'' شامی'' میں عبارت ذیل درج ہے؟

لأنہ یشبہ المنع من الصلاۃ وھو حرام، قال تعالٰی ﴿وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ یُّذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ﴾۔ یعنی'' مسجد کے دروازے کو قفل لگانا اس لئے مکروہ ہے کہ یہ قفل لگانا گویا مسجد میں نماز سے روکنا ہے اور یہ حرام ہے۔ اللہ تعالٰی فرماتا ہے: اوراس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ کی مسجدوں سے یعنی اس بات سے کہ ان میں خدا کا نام ذکر کیا جائے منع کرے''۔

جواب: یہ بھی منع کلی کا ذکر ہے کہ جب قفل پڑا،کوئی نہ آسکے گا اوراصل بات یہ ہے کہ نماز سے روکنے کی نیت اور بات ہے، اور فتنہ فساد کو وہاں سے روکنے کی نیت اور۔ وہ منع ہے اوراس کا حکم جواز ہے۔

سوال نمبر۷۳: مقلّدین اور غیر مقلّدین میں باخود ہا شادی بیاہ ہوتا ہے یانہیں ؟

جواب: جوکلمہ گوہوکر ضروریات دین کا منکر ہواس سے شادی بیاہ کسی طرح نہیں ہوسکتا [۱]۔کوئی جاہل اگر کر بیٹھا تو اس کی سند نہیں کہ لوگ تو زنا تک کرتے ہیں۔

سوال نمبر۷۴: غیر مقلّد باپ کا ترکہ،مقلّد بیٹے کو ملتا ہے یانہیں ؟

جواب: ہاں مل سکتا ہے،بطریق ارث [۲] خواہ بروجہ فئے جبکہ فئے [۳] میں اس کا

---

۱۔مکمل منع کر دینا ۲۔وراثت

۳۔فئی: سے مراد وہ مال جو مشرکین سے بغیر جنگ کے حاصل ہو مثلا جنگ کرنے گئے تھے=

www.dawateislami.net

حق ہو یا فقیر یا عالم وغیرہ۔

سوال نمبر ۷۵:مقلّد باپ کا ترکہ غیر مقلّد بیٹے کو ملتا ہے یانہیں؟

جواب :بحکم فقہ نہیں پہنچ سکتا ہے کہ جس کی بدعت کفریہ ہو، وہ مرتد (۱) کے حکم میں ہے۔دیکھو هدایه و درر و غرر و مجمع الأنهر (۲) وغیرہ۔

سوال نمبر ۷۶:مسلمان اور کافر میں شادی بیاہ ہوتا ہے یانہیں ؟

جواب :ہاں ہوتا ہے جبکہ عورت، صاحب کتاب ہو۔

سوال نمبر ۷۷: کافر کا ترکہ مسلمان کو ملتا ہے یانہیں؟

جواب :ملتا ہے جبکہ وہ کافر، مرتد ہو کہ اب اس کا کسبِ اسلام مسلمان وارثوں کو پہنچے گا۔اور کسب ردّت (۳) فقرائے مسلمین کو۔

سوال نمبر ۷۸:مسلمان کا ترکہ کافر کو ملتا ہے یانہیں ؟

جواب :نہیں ۔

سوال نمبر ۷۹: چاروں اماموں کی تقلید کا مذہب، کس سے جاری ہوا ؟

جواب : اصل مذہب، صحابہ کے ہیں اور ان کی اصل، حدیث اور اس کی اصل، قرآن۔اماموں کی تقلید، بعینہ انہیں کا اتباع ہے جو زمانۂ رسالت سے جاری ہے،

---

= لیکن انہوں نے صلح کرلی یا میدانِ جنگ میں اپنا مال واسباب چھوڑ کر بھاگ جائیں (تفسیر نعیمی، پارہ نمبر۱۰،سورۃ الانفال،زیرآیت نمبر۴۱)

۱۔اسلام سے پھر جانے والا ۲۔ الهداية، كتاب السير، باب أحكام المرتدين، ج ۲، ص ۴۰۷، دارِإحياء التراث العربي، بيروت

۳۔مرتد ہو جانے کے بعد جو مال کمایا

www.dawateislami.net

اس قسم کااعتراض رافضیوں نے ہم اہلسنّت پر کیا تھا۔اور'' تحفہ اثنا عشریہ'' میں اہلسنّت کی طرف سے اس کا یہی جواب دیا دیکھو'' کید نمبر ۸۵''۔

سوال نمبر۸۰:خود چاروں ائمہ اور ان کے شاگردوں نے تقلید کے بارے میں کچھ فرمایاہے یانہیں؟

جواب :ہاں! غیر مجتہد کو ہمیشہ تقلید کا حکم دیا ہے،عبارت مذکورہ'' حجة اللّٰہ البالغہ'' یہی جسکے ناقص ٹکڑے سائل نے نقل کیئے، اس کی تصریح ہے ۔ نیز ائمہ کا لاکھوں مسائل نکالنا اور مدون کرنا، جن کی انہیں خود بھی حاجت نہ پڑتی ،اگر دوسروں کے عمل کے لئے نہ تھا تو کیا معاذ اللہ لغو حرکت تھی،جس میں انہوں نے اپنی تمام عمر گراں بہا کو صرف فرمایا۔

سوال نمبر۸۱:خود چاروں اماموں نے اپنی اپنی تقلید کرنے سے منع فرمایا ہے یانہیں؟

جواب :ہرگز نہیں،ہاں اپنے شاگردوں میں جو منصب اجتہاد تک پہنچے، انہیں اجتہاد کاحکم دیا ہے۔

سوال نمبر۸۲:تفسیر مظہری میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کاقول ذیل مذکور ہے یانہیں؟اترکوا قولي بخبر رسول اللّٰہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وقول صحابتہ ۔یعنی'' میرے قول کو بمقابلہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقول صحابہ کے چھوڑ دو''۔

جواب : یہ قول بے سند ہے اور اس کے مخاطب وہی تلامذہ تھے جو منصب اجتہاد تک پہنچے، جیسے ابو یوسف ومحمد وزفر وحسن بن زیاد۔

www.dawateislami.net

سوال نمبر۸۳: تفسیر مظہری میں امام ابوحنیفہ کا قول مذکور ذیل ہے یانہیں ؟

إذا صح الحديث فهو مذهبي (۱)۔ یعنی ''جب حدیث صحیح ثابت ہوجائے تو وہی میرا مذہب ہے''۔

جواب :صحت سے مراد صحت فقہیّہ ہے، جس کی رو سے بربنائے حدیث اسے فتوٰی دینے کا اختیار ہو۔ ''حجة الله البالغه'' کی اسی عبارت میں ہے کہ جو چار لاکھ حدیثیں جمع کر چکا ہو، وہ بھی حدیث سے فتوٰی دینے کے لائق نہیں اور پانچ لاکھ میں بھی صرف لیاقت کی امید ہے، یقین نہیں، غیر مقلّدین کہ حدیث سے فتوٰی دیا چاہتے ہیں۔اگر ہندوستان بھر کے جمع ہوجائیں تو یاد رکھنا کیسا، اپنے پاس کی تمام کتابیں اکٹھا کر کے بھی ایک لاکھ حدیث صحیح نہیں گنا سکتے، پانچ لاکھ تو بہت ہیں۔

کتاب کے ورقوں میں لکھا ہونا کافی نہیں، اپنے لئے نظر ہونا ضروری ہے اس کا حال امتحان سے کھل سکتا ہے کہ سب کتابیں درکنار فقط صحاح ستہ بلکہ ان میں سے ایک ہی کتاب کی سب حدیثیں بھی ایک وقت میں پیش نظر ہونی دشوار ہیں، اگلے علماء کو اکثر بارہا دھوکے ہوئے کہ سب سے مشہور تر کتاب ''صحیح بخاری'' میں حدیث موجود تھی، ان کی نظر نہ پہنچی تو آج کل کے ناقصوں کا کیا ٹھیک ہے۔

سوال نمبر۸۴: ''حجة الله البالغه'' جس کا بیان، نمبر ۲۸ میں ہوچکا ہے، اس میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول ذیل مذکور ہے یانہیں؟ لا ينبغي لمن لم يعرف دليلي أن يفتي بكلامي۔ یعنی ''جو شخص میری دلیل کو نہ جانے، اس کو لائق نہیں کہ میرے قول کے موافق فتوٰی دے''

---

۱۔ تفسیر مظہری

www.dawateislami.net

جواب: یہ عبارت بھی اسی تتمہ کی ہے جو صرف ایک نسخے میں ہے اور میں اپنی یقینی یاد سے کہتا ہوں کہ اس کی نقل میں سائل نے بہت قطع و برید کی۔ یہاں یہ بیان ہے کہ مجتہد مطلق استنباط کرے گا یعنی خود احکام نکالے گا اور مخرج کہ وہ بھی ایک قسم کا مجتہد ہے، مجتہد مطلق کے نکالے ہوئے مسائل میں ترجیح پر نظر کرے گا، ان کے سوا تمام لوگ صرف تقلید کریں گے، آئمہ نے اسی کی وصیّت کی ہے۔ اس کے بعد امام ابوحنیفہ کا یہ قول ہے اور اس کے سوا امام شافعی، امام مالک، امام احمد اور شاید امام ابو یوسف وغیرہ، ہمارے امام کے بعض شاگردوں کے اقوال بھی اس معنٰی میں نقل کئے ہیں، جس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ اقوال، مجتہد کے لئے ہیں نہ کہ عام لوگوں کیلئے۔ جنہیں خود لکھا کہ تمام آئمہ ان کو تقلید کی وصیّت فرماتے رہے اور خصوصاً اس قول میں تو لفظ ''افتاء'' موجود ہے اور اس زمانہ میں مفتی کہتے تھے، مجتہد کو ہی دیکھو مسلم الثبوت وفتح القدير و رد المحتار(۱)۔

سوال نمبر۸۵: اور ''حجة اللہ البالغہ'' میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا قول ذیل درج ہے یا نہیں؟ مامن أحدٍ إلا وما خوذ من كلامه ومردودٌ عليه إلا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم (۲)۔ یعنی ''بجز (۳) رسول اللہ

۱۔ ردالمحتار، مقدمة، مطلب: في طبقات الفقهاء، ج ۱، ص ۸۳، دارالفکر، بیروت

۲۔ حجة اللہ البالغة، فصل في عدة أمور مشكلة من التقليد ألخ، الكلام على حال النّاس ألخ، ج ۱، ص۱۵۷، نور محمد کتب خانہ، کراچی

۳۔ ماسوائے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام

www.dawateislami.net

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کوئی ایسا نہیں ہے جس کی ساری باتیں قبول یا ساری باتیں قابل تردید ہوں''۔ یعنی صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسے ہیں جن کی ساری باتیں قابل قبول ہیں، دوسرا کوئی ایسا نہیں۔

جواب : یہ امام کا وہ قول ہے جس کا ذکر ابھی ہوا اور یہ ضرور صحیح ہے، اسی لئے ''مفتی بہ'' قول پر عمل ہوتا ہے۔

سوال نمبر ۸۶:اور ''حجۃ اللہ البالغہ'' میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ذیل مذکور ہے یا نہیں؟إذ صح الحديث فهو مذهبي و إذ رأيتم كلامي يخالف الحديث فعملوا بالحديث و اضربوا الكلامي الحائط ولا تقلد ني في كل ماأقول و انظر في ذالك بنفسك فإنه دين ولا حجة في قول أحدٍ دون رسول اللہ صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و إن كثروا ولا في قياس ولا في شيءٍ وما ثمه إلاطاعة اللہ و رسول اللہ بالتسليم ۔ یعنی ''جب حدیث صحیح ثابت ہو جائے تو وہی میرا مذہب ہے اور جب میرے کلام کو حدیث کے خلاف دیکھو تو حدیث ہی پر عمل کرو اور میرے کلام کو دیوار پر مار دو اور ہر بات میں میری تقلید نہ کرو، تو خود ہی اپنے سے، اس میں غور کرے، اس لئے کہ یہ دین ہے اور بجز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اور کسی کا قول حجت نہیں اگر چہ اس قول کے قائل بہت ہوں اور نہ کسی کا قیاس حجت ہے اور نہ کوئی چیز حجت ہے، یہاں تو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فرمانبرداری ہے اور بس''۔

جواب: یہ امام شافعی کا وہی قول ہے جس کا ذکر اگلے نمبر میں گزرا اور اگر میری یاد غلطی

نہیں کرتی ہے تو اس میں سائل نے ایک کارروائی اور کی ہے، مجھے یاد ہے کہ یہاں لاتقلدني سے پہلے یاإبراهیم کالفظ تھا جسے سائل نے اڑادیا[1]۔اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ خطاب اپنے شاگرد مجتہد، امام ابراہیم مدنی سے ہے نہ کہ زید و عمر سے۔اور بے شک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کاارشاد حجت ہے۔اس لئے اجماع وقیاس حجت ہوئے کہ انہیں کے ارشاد سے ثابت ہیں اوراسی لئے قول صحابہ اورقول آئمہ حجت ہوا اور انہوں نے ان کی اتباع کا حکم پہنچایااور فرمایا،اور یہ قیاس جس کی اس قول امام شافعی میں نفی ہے قیاس غیر شرعی ہے جوغیرمجتہد کاقیاس ہے۔

ورنہ خودامام شافعی، قیاس فرماتے ہیں جس کی اسی عبارت "حجة الله البالغه" میں تصریح ہے۔علاوہ بریں جب یہاں کلام، مجتہد میں ہے تو ضرور ایک مجتہد کا قیاس دوسرے مجتہد پر حجت نہیں۔امام شافعی کا یہی مذہب ہے اور بے شک اللہ اور رسول کے سوا کسی کی اطاعت نہیں،انہیں کے حکم سے صحابہ اور آئمہ وحکّام کی اطاعت واجب ہوئی غیر مقلّدین ایسے اقوال سے یہ چاہتے ہیں کہ اماموں کے مطیع رہیں نہ حاکموں کے مطیع ،مگر یہ خود اطاعت خدا ورسول کے خلاف ہے۔

سوال نمبر۸۷:اور "حجة الله البالغه"،میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کاقول درج ذیل ہے یانہیں؟لیس لأحد مع الله و رسوله كلام ولا تقلدني

1-حجة الله البالغه کے حصہ اول ،ص۱۵۷ پر یہ عبارت ویسے ہی ہے جیسا کہ اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ الرحمٰن نے ارشادفرمائی کہ اس سے پہلے "یاابراھیم" کالفظ تھا۔

(حجة الله البالغه حصه اول، ص۱۵۷، باب الكلام على حال الناس قبل المائة الرابعة، مطبوعہ نورمحمد کتب خانہ کراچی)

ولا تقلدن مالكا ولا الأوزاعي و لا النخعي ولا غير هم وخذ الأحكام من حيث أخذ وا من الكتاب و السنة (١)۔یعنی"اللہ تعالیٰ ورسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقابلے میں کسی کا کوئی قول معتبر نہیں، نہ تو میری تقلید کر، نہ مالک کی، نہ اوزاعی کی اور نہ نخعی کی اور نہ کسی اور کی ۔ احکام کو وہیں سے لے، جہاں سے انہوں نے لیے ہیں"۔

جواب: یہ امام احمد کا وہی قول ہے جس کا ذکر دویا تین نمبر پر پیشتر کر چکا ہوں،" اور تو بھی وہیں سے احکام لے جہاں سے اگلے مجتہدین نے لئے" صاف دلیل ہے کہ خطاب مجتہد سے ہے۔

سوال نمبر ۸۸: اور "حجۃ اللہ البالغہ" میں امام ابو یوسف اور امام زفر رحمہما اللہ کا قول ذیل مذکور ہے یا نہیں؟ لا یحل لأحد أن یفتٰی بقولنا مالم یعلم من أین قلنا (٢) یعنی "کسی کو حلال نہیں کہ ہمارے قول کے مطابق فتوی دے، جب تک یہ نہ جان لے کہ ہم نے کہاں سے یعنی کس دلیل سے کہا ہے"۔

جواب: اس کا بیان بھی اُسی نمبر میں گزرا ہے۔

سوال نمبر ۸۹: چاروں اماموں سے پہلے بھی کوئی تقلیدی مذہب جاری تھا یا نہیں؟ اگر جاری تھا تو کس امام کی تقلید کا مذہب جاری تھا اور اس امام کی تقلید کس نام سے

---

١۔حجة اللہ البالغة،فصل في عدة أمور مشكلة من التّقليد ألخ،الكلام على حال النّاس ألخ،ج ١،ص١٥٧،نور محمد كتب، خانه كراچی۔

٢۔حجة اللہ البالغة،فصل في عدة أمور مشكلة من التّقليد ألخ،الكلام على حال النّاس ألخ،ج ١،ص ١٥٨،نور محمّد كتب خانه، كراچی

www.dawateislami.net

پکاری جاتی تھی اور اب اس امام کی تقلید جائز ہے یا نہیں ، اگر نہیں جائز ہے، تو کس نے منع کیا اور کب منع کیا اور کیوں منع کیا ؟

جواب : چاروں اماموں سے پہلے اور بعد ہمیشہ تقلید ہوا کی اور ہوتی ہے ۔ چاروں مذہب کا اتباع بعینہٖ اتباع صحابہ ہے کہ یہ مذاہب انھیں سے ماخوذ ہیں اور ان کی اتباع سے نہ ممانعت تھی نہ ہے، اسی عبارت ''حجة اللہ البالغه'' میں تصریح ہے کہ مذہب امام ابوحنیفہ کی اصل، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فتاوٰی اور حضرت مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے اصحاب کے فیصلے ہیں اور یہ کہ وہ، اس راہ سے جدا نہ ہوئے ۔ چاروں اماموں سے پہلے اہلِ حق کسی ایسے خاص نام سے نہ پکارے جاتے تھے، نہ وہ محمدی یا اہل حدیث کہلاتے، بلکہ اہلسنّت وجماعت کے نام سے بھی مشہور نہ تھے، یہ نام بھی کئی صدی کے بعد غالبًا امام ابوالحسن اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے سے شائع ہوا ہے ۔ دیکھو ''شرح عقائد نسفی''(۱) وغیرہ، تو حنفی شافعی ناموں کا حدوث(۲) ایسا ہے جیسا اشعری، ماتریدی، حالانکہ عقیدے یقیناً وہی ہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ سے ماخوذ ہیں ۔

سوال نمبر۹۰: تقلید کے بارے میں اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی کچھ فرمایا ہے یا نہیں؟

جواب : ہاں ! بہت آیتوں اور حدیثوں میں حکم دیا ہے۔ پہلی آیت: ﴿یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ

---

۱۔شرح عقائد النسفي،مبحث تقسيم الأحكام الشرعية ألخ،ص۷،قديمى كتب خانه ،آرام باغ ، كراچى

۲۔ظاہر ہونا

www.dawateislami.net

آمَنُوْا اَطِیْعُوا اللہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنکُمْ﴾ (۱)۔''اے ایمان والو!حکم مانو اللہ کا اور فرمانے پر چلو رسول اللہ اور اپنے علماء کے''۔صحیح یہ ہے کہ اس آیت میں ''اولی الامر'' سے مراد ''علماء'' ہیں۔دیکھو ''زرقانی شرح مواہب''

دوسری آیت:﴿وَلَوْرَدُّوْهُ اِلَی الرَّسُوْلِ وَاِلٰی اُولِی الْاَمْرِ مِنْھُمْ لَعَلِمَہُ الَّذِیْنَ یَسْتَنْبِطُوْنَہٗ مِنْھُمْ﴾ (۲)۔جو معاملہ پیش آتا،اگر اسے رسول اور اپنے عالموں کی طرف رجوع کرتے تو ضرور وہ جو اپنی فکر سے باریک حکم نکالتے ہیں،خدا کا حکم جان لیتے''۔اس آیت سے صاف ظاہر ہوا کہ استنباط پر،مجتہدین ہی قادر ہیں اور مسلمانوں کو ان کی طرف رجوع کا حکم ہے اور نیز یہ کہ '' اولی الامر''سے مراد ''علماء'' ہیں۔کہ اس آیت کے بڑے مصداق ابوبکر وعمر ہیں رضی اللہ تعالٰی عنہما اور یہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں حاکم نہ تھے۔آیت سوم:﴿وَمَا کَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِیَنْفِرُوْا کَافَّۃً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ کُلِّ فِرْقَۃٍ مِّنْھُمْ طَائِفَۃٌ لِّیَتَفَقَّھُوْا فِی الدِّیْنِ وَلِیُنْذِرُوْا قَوْمَھُمْ اِذَا رَجَعُوْا اِلَیْھِمْ لَعَلَّھُمْ یَحْذَرُوْنَ﴾ (۳) مسلمان سب کے سب تو جانے سے رہے،تو کیوں نہ ہو کہ ہر گروہ میں سے ایک ٹکڑا نکلتا کہ دین میں سمجھ حاصل کرتے اور واپس آکر ڈر سناتے،اس امید پر کہ وہ خلاف حکم کرنے سے بچیں''۔

آیت چہارم:﴿فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ (۴) ''علماء سے پوچھو!اگر تمہیں علم نہ ہو،ہمیشہ علماء اس آیت سے وجوب تقلید پر استدلال کرتے

---

۱۔پ۵،النساء:۵۹ ۲۔پ۵،النساء:۸۳

۳۔پ۱۱،التوبہ:۱۲۲ ۴۔پ۱۷،الانبیاء:آیت ۷

www.dawateislami.net

رہے ہیں۔ دیکھو ''مسلم الثبوت'' وغیرہ اور حدیثیں تو اتنی کثیر ہیں کہ جنہیں میں اس وقت یاد پر، لکھا ہی نہیں سکتا۔

سوال نمبر ۹۱: اگر فرماتا ہے تو کیا فرماتا ہے، عبارت ذیل قرآن مجید کی آیت ہے یانہیں؟ ﴿فَبَشِّرْ عِبَادِ o الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ هَدٰهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِکَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ﴾ یعنی ''پس تو میرے ان بندوں کوخوشخبری سنادے، جو ہر طرح کی باتیں سنتے ہیں پھر ان میں سے جو اچھی بات ہوتی ہے اس کی پیروی کرتے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے راہ راست دکھلایا ہے اور یہی لوگ عقلمند ہیں''؟

جواب: ہے [۱] اور اس میں مجتہدین کو بشارت ہے اور یہ کہ احکام خود پہچاننے کی ہدایت انہیں کو ملی ہے اور یہ کہ عقل کامل وہی رکھتے ہیں تو اس سے بھی تقلید کا ثبوت ہے۔

سوال نمبر۹۲: عبارت ذیل قرآن مجید کی آیت ہے کہ نہیں؟

﴿وَلَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَکَ بِهٖ عِلْمٌ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ کُلُّ اُولٰٓئِکَ کَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا﴾ یعنی ''جس بات کا تجھ کو علم نہ ہو، اس کی پیروی مت کرو۔ اس میں کچھ شبہ نہیں کہ کان اور آنکھ دونوں اور دل ان سب کی باز پرس ہوگی''؟۔

جواب: ہے [۲] مگر نقل میں دو جگہ غلطی ہوئی ہے اور اسی لئے غیر مجتہد پر تقلید فرض ہوتی ہے کہ اسے بے اتباع مجتہد، حکم الٰہی معلوم نہ ہوگا اور بے حکم کے معلوم کئے عمل

۱۔پ۲۳،زمر:۱۸۔۱۷ ۲۔پ۱۵،بنی اسرائیل :۳۶

www.dawateislami.net

کی ممانعت فرمائی۔ دیکھو مسلم الثبوت وفصول البدائع وفواتح وغیرہ۔

سوال نمبر۹۳: عبارت ذیل قرآن مجید کی آیت ہے یا نہیں؟

﴿وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴾ یعنی ''اللہ نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے پیدا کیا، تم کچھ نہیں جانتے تھے اور تم کو کان دیئے اور آنکھیں دیں اور دل، تاکہ تم شکرگزاری کرتے رہو''

جواب: ہے[1] اور اسے نفی تقلید سے کچھ علاقہ نہیں۔

سوال نمبر۹۴: آیت کریمہ ﴿فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾[2] یعنی ''اہل ذکر سے سوال کرو اگر تم نہیں جانتے ہو'' میں الفاظ ذیل سے کیا مراد ہے؟

(i) سوال (ii) الذکر (iii) أھل الذکر بلحاظ سیاق وسباق جواب دیجئے۔

جواب: سوال: دریافت کرنا ہے، الذکر: قرآن ہے، أھل الذکر: ''علماء'' کہ نہ جاننے کا علاج جاننے والوں ہی سے پوچھ کر ہوسکتا ہے۔ خصوصِ سبب کا اعتبار نہیں، عموم لفظ کا ہے۔

سوال نمبر۹۵: اس آیت میں نہ جاننے سے، کس چیز کا نہ جاننا مراد ہے ؟

جواب: ہر شئے کو، دین میں جس کی حاجت ہو۔ دیکھو! ''مسلم الثبوت''۔

سوال نمبر۹۶: امامت کے بارے میں حدیث شریف میں کیا ترتیب وارد ہوئی ہے،

---

۱۔پ۱۴،النحل: ۷۸ ۲۔پ۱۷،الانبیاء: ۷

www.dawateislami.net

یعنی حدیث شریف کی رو سے اول نمبر کا مستحق امامت کون ہے دوم نمبر کا کون ؟

جواب: مختلف ترتیبیں آئی ہیں، دیکھو فتح القدیر (۱) و فصول البدائع وغیرہ۔

سوال نمبر ۹۷: حدیث ذیل ''صحیح مسلم'' کی حدیث ہے یا نہیں؟

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم: یؤم القوم أقرأهم لکتاب اللہ تعالٰی فإن کانوا في القراءة سواءً فأعلمهم بالسّنة فإن کانوا في السّنة سواء فأقومهم سناً۔ یعنی ''امامت وہ شخص کرے جو سب سے زیادہ قرآن داں ہو، اگر قرآن دانی میں سب برابر ہوں تو امامت وہ شخص کرے جو سب سے زیادہ حدیث داں ہو، اگر حدیث دانی میں سب برابر ہوں تو امامت وہ شخص کرے جو ہجرت میں سب سے پہلے ہو، اگر ہجرت میں سب برابر ہوں تو امامت وہ شخص کرے جو سِن میں سب سے زیادہ ہو''

جواب: یہ حدیث بھی مختلف الفاظ سے آئی ہے اور نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے قول آخیر سے منسوخ ہوچکی ہے۔ دیکھو فتح القدیر و صحیحین بخاری ومسلم۔ (۲)

سوال نمبر ۹۸: اس بارے میں کوئی آیت یا حدیث ہے یا نہیں، کہ حق امامت، بانی مسجد یا اولاد بانی مسجد کو ہے، ان کے رہتے ہوئے کسی کو حق نہیں ہے، اگر ہو تو بیان

---

۱۔فتح القدیر

۲۔صحیح مسلم، کتاب المساجد ومواضع، باب من أحق بالإمامة؟، ص ۳۳۸، رقم الحدیث: ۶۷۳، دار ابن حزم، بیروت

www.dawateislami.net

فرمایئے؟

جواب: یہ حکم فقہ کا ہے اور کسی آیت یا حدیث میں اس کا رد نہیں۔

سوال نمبر ۹۹: اس بارے میں کوئی آیت یا حدیث ہے یا نہیں کہ ایسا مسئلہ جو مذاہب اربعہ سے خارج ہو اگرچہ اہل حدیث کے مطابق ہو، وہ مسئلہ باطل ہے اور اس پر عمل کرنے والا بدعتی اور ناری ہے اگر ہو تو بیان فرمایئے؟۔

جواب: میں ابھی حدیث سے بیان کر چکا ہوں کہ سواد اعظم سے جدا ہونے والا ناری ہے، اور یہ بھی ثبوت ہو چکا کہ ہزار برس سے مسلمانوں کا سواد اعظم، انہیں چار مذاہب میں محصور ہے، نیز یہ بھی خود سائل کی پیش کردہ عبارت سے بتادیا کہ ان چار مذہبوں سے روگردانی میں بڑا فساد ہے اور فساد چھوٹا بھی باطل ہے بڑا تو بڑا، اور جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں وہ بحکم قرآن وحدیث ''ناری'' ہیں۔

سوال نمبر ۱۰۰: اس بارے میں آئمہ اربعہ کا یا آئمہ میں کسی کا قول ہے یا نہیں، کہ ایسا مسئلہ جو مذاہب اربعہ سے خارج ہو اگرچہ آیت و حدیث کے مطابق ہو وہ مسئلہ باطل ہے اور اس پر عمل کرنے والا بدعتی و ناری ہے اگر ہو تو بیان فرمایئے ؟

جواب: اس کا حدیث سے ثبوت ہو چکا، اور آئمہ اربعہ میں امام مالک سے صراحتاً منقول ہے کہ اپنے علماء کے عمل کو حدیث پر ترجیح دیتے دیکھو ''مدخل'' امام ابن الحاج مکی، مالکی۔

سوال نمبر ۱۰۱: ''شرح مسلم الثبوت'' جس کا بیان، نمبر ۲۵ میں ہو چکا اس میں عبارت ذیل ہے یا نہیں؟ الحق أنه أنّما منع من منع تقليد غيرهم لأنّه لم يبق رواية مذهبهم محفوظة حتى لو وجد رواية صحيحة عن مجتهد

www.dawateislami.net

آخر يجوز العمل بها، ألا ترىٰ أنّ المتأخرين أفتوا بتحليف الشهود وإقامة له موقع التزكية على مذهب ابن أبي ليلى۔
یعنی'' حق بات یہ ہے کہ جس شخص نے غیر آئمہ اربعہ کی تقلید سے منع کیا ہے،صرف اس وجہ سے منع کیا ہے اور مجتہدین کے مذہب کی راویت محفوظ نہیں رہی حتی کہ اگر کسی دوسرے مجتہد کے مذہب کی کوئی صحیح روایت مل جائے تو اس پر عمل جائز ہے، چنانچہ متاخرین حنفیہ نے مجتہد کے بجائے تزکیہ گواہان کے تحلیف گواہان کا فتوٰی دیا ہے ابن ابی لیلیٰ کے مذہب پر[1]، جو مذاہب اربعہ کے علاوہ ہے''۔
جواب: عملی طور پر اس میں بھی تسلیم ہے کہ بنظر واقع، مذاہب اربعہ کی مخالفت ممنوع ہے کہ اب کوئی روایت، اور مذاہب کی محفوظ نہیں رہی، فرضی صورت غیر واقع میں فرضی اجازت،عمل کے لئے بھی کار آمد نہیں گواہان کا مسئلہ اسی صورت میں ہے جب قاضی مجتہد ہو۔دیکھو''رد المحتار کتاب القضاء''[2] ورنہ اگر بادشاہ اسلام بھی تحلیف کا حکم دے[3] تو علماء پر واجب ہے کہ اسے نصیحت کریں کہ وہ حکم نہ کرے، جسے ہم نہ مانیں تو تیرا غضب ہو اور مانیں تو خدا کا غضب ہو،دیکھو''درمختار''[4] وغیرہ۔

---

ا۔یعنی گردشِ زمانہ کے پیشِ نظر گواہوں سے گواہی کے ساتھ ساتھ قسم بھی لی جائے گی (تقریرات الرافعي على حاشية ردالمحتار، كتاب القضاء،مطلب:طاعة الإمام واجبة،ج٨،ص ١٣٢ ،دار المعرفة،بيروت)
٢۔رد المحتار، كتاب القضاء،مطلب:طاعة الإمام واجبة،ج٨،ص ١٣٢، دار المعرفة،بيروت۔
٣۔حلف اٹھانے کو کہے۔
٤۔الدرالمختار، كتاب القضاء،فصل في الحبس،مطلب:طاعة الإمام واجبة،ج٨،ص ١٣٢ ،دارالمعرفة ،بيروت

www.dawateislami.net

سوال نمبر۱۰۲: آئمہ حدیث، جیسے امام بخاری و امام ترمذی وغیرہما نے اپنی اپنی کتابوں میں ائمہ اربعہ کے علاوہ دوسرے مجتہدین جیسے امام سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ اور امام اسحٰق بن راہویہ اور امام عبداللہ بن مبارک کے مذاہب کی صحیح صحیح روایتیں بھی مع سند بیان کی ہیں یانہیں؟

جواب: غلط ہے۔ صحیح بخاری کا ہرگز یہ طریقہ نہیں کہ ان صاحبوں کے اقوال کی تائید میں صحیح حدیثیں لائے اور جامع ترمذی میں بھی غالبًا ان کے اقوال، بے سند مذکور ہیں اور عبداللہ بن مبارک حنفی المذہب ہیں۔ دیکھو ''درمختار''(۱)۔

سوال نمبر۱۰۳: مکہ معظّمہ میں چار مصلّے کس نے قائم کئے اور کب قائم ہوئے اور کیوں قائم کئے مع سند بیان کیجئے ؟

جواب: جس قوم یعنی مسلمان نے، جس غرض یعنی نفع مسلمین کے لئے مدرسہ قائم کئے اور انہیں دینی کام سمجھا، اور غیر مقلّدین بھی برابر ان کی تقلید کررہے ہیں، حالانکہ وہ زمانۂ صحابہ وتابعین میں نہ تھے، اوراسی قوم نے اسی غرض کے لئے یہ مصلے قائم کئے جسے صدہابرس گزرے۔ دیکھو ''حديقة نديه شرح طريقة محمديه'' علامه عبدالغني نابلسي (۲)۔ شروع تاریخ نہ ان مدرسوں کی یاد ہے، نہ ان مصلوں کی۔

سوال نمبر۱۰۴: جب مکہ معظّمہ میں چاروں مصلے قائم کئے جانے لگے، تو اس وقت کے

---

۱۔ الدر المختار مع رد المحتار، مقدمة، الجزء الأول، ص ۶۳، دار الفكر، بيروت

۲۔ الحديقة الندية،

www.dawateislami.net

علماء نے ان کا قائم کرنا منع فرمایا تھا یا نہیں؟

جواب: کسی سندِ صحیح سے ثابت نہیں کہ یہ مصلّے جس وقت قائم ہونا شروع ہوئے تھے اس وقت کے علماء نے انھیں منع فرمایا، ہاں شاید بعض کا خیال خلاف پر گیا ہو جس پر عمل نہ ہوا۔

سوال نمبر ۱۰۵: مکہ معظّمہ میں چاروں اماموں نے مصلّے قائم کئے تھے یا نہیں؟ مع سند بیان فرمائیے۔

جواب: چاروں مذہب، چاروں اماموں نے صحابہ سے اخذ فرما کر شائع کئے، جو ان مصلّوں کی اصل ہیں اور ان مصلّوں کو نہ منع فرمایا، نہ کوئی خاص حکم دیا، یہی حال مدارس کا ہے۔

سوال نمبر ۱۰۶: مکہ معظّمہ میں چاروں مصلّے قائم کرنے کے بارے میں کوئی آیت یا حدیث ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو بیان فرمائیے۔

جواب: قرآن وحدیث میں جماعت کا حکم ہے، مسجد الحرام میں مصلّے قائم ہونے کا حکم ہے، کسی خاص گنتی کا ذکر، نہ ممانعت۔

سوال نمبر ۱۰۷: شامی جس کا بیان، نمبر ۱۷ میں ہو چکا ہے۔ اس میں عبارت ذیل ہے یا نہیں؟ ان مایفعل أهل الحرمين من الصلاة بأئمة متعددة وجماعات مترتبة مكروه اتفاقاً یعنی "اہل حرمین [1] جو متعدد اماموں اور

---

ا۔ مکہ اور مدینہ کو "حرمین شریفین" کہتے ہیں مکہ کو اللہ عزوجل نے حرم قرار دیا تو مدینہ کو سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حرم فرمایا، یہاں رہنے والے خوش نصیب لوگوں کو "اہل حرمین" کہا جاتا ہے۔

www.dawateislami.net

متعدد جماعتوں کے سامنے یکے بعد دیگرے نماز پڑھتے ہیں، یہ فعل ان کا بالاتفاق مکروہ ہے''۔

جواب: سائل نے عبارت میں قطع وبرید کی ہے۔ شامی تو روزانہ میرے مطالعے میں رہتی ہے، شامی نے اسے نقل کرکے اس کا صریح رد کردیا ہے اور اس کو تمام علماء کے اجماع کے خلاف بتایا ہے (۱)۔

سوال نمبر ۱۰۸: اور شامی میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟

نقل عن بعض مشائخنا إنكاره صريحاً حين حضر والموسم سنہ ۵۵۱ منهم الشريف الغزنوي وذكر أنه أفتٰى بعض المالكية بعدم جواز ذالك علٰى مذهب الفقهاء الأربعة ونقل إنكار ذالك أيضاً عن جماعة من الحنفية و الشافعية والمالكية حضر والموسم سنہ ۵۵۱ یعنی ''نقل کیا گیا کہ ہمارے بعض مشائخ نے، جن میں شریف غزنوی بھی ہیں، اور بھی ایک جماعت علمائے حنفیہ شافعیہ ومالکیہ نے جب سنہ ۵۵۱ھ موسم حج میں یہ لوگ حاضر ہوئے تھے تو اہل حرمین کے اس فعل کو جس کا بیان، نمبر ۱۰۷ میں کیا گیا، صریحاً انکار کیا اور بعض علمائے مالکیہ نے تو اس مذکورہ بالا فعل کو ناجائز ہونے کا چاروں اماموں کے مذہب کے مطابق فتوٰی دیا''۔

جواب: یہ اسی عبارت کا تتمہ ہے جس کے بعد شامی نے تمام علماء کے اجماع سے اس کا رد کیا۔ اور خود اس شامی وعماوی وغیرہ نے ان جماعتوں کی نسبت لکھا کہ تمام

---

۱۔رد المحتار، کتاب الصلاۃ، مطلب: في تكرار الجماعة و الاقتداء بالمخالف، ج ۲، ص ۴۹، دار المعرفة، بيروت

www.dawateislami.net

مسلمانوں نے بہتر سمجھا اور جمہور اہل ایمان نے مکہ معظّمہ و مدینہ منورہ و بیت المقدس اور مصر و شام میں ان پر عمل کیا اور یہ کہ شاذ و نادر جس نے خلاف کیا، وہ اعتماد کے قابل نہیں (۱)۔

سوال نمبر ۱۰۹: ''تفسیر عزیزی'' کو آپ جانتے ہیں یا نہیں؟ اور یہ اہلسنّت و جماعت کی کتاب ہے یا نہیں ؟

جواب : دہلی کے ایک عالم زمانۂ حال کے تھے، یہ تفسیر ان کی تصنیف ہے، جسے آدھی چہارم بھی نہ لکھ پائے تھے کہ انتقال ہوگیا، نظرِ ثانی تو دوسرا درجہ ہے اور اصل کلی، مطابق نمبر ۲۵۔

سوال نمبر ۱۱۰: ''تفسیر عزیزی'' میں عبارت ذیل ہے یا نہیں؟

وخدائے تعالیٰ نچر نیست از آنچہ درزمانۂ آئندہ عمل خواہند کرد واز راہ بدعت یک یک جہت کعبہ تقسیم خود خواہند کرد۔

جواب : جہاں تک مجھے خیال ہے یہ عبارت اس طرح نہیں ہے بلکہ ایک اجمالی بات کر کے لکھی ہے اور اس کی سند کسی سے نہ دی اور خود صاحب عزیزی نے تقریر و لیمہ میں تصریح کی ہے، جو کسی بات کو یوں لکھے کہ ظاہر یہ ہے وہ بھی اس میں شک رکھتا ہے، اور خود ہی اس کا قائل نہیں ہے۔ دیکھو ''زبدۃ النصائح ''تو جو نرا اجمال بتائے وہ کیوں کر اس بات کا قائل ٹھہر سکتا ہے پھر تقسیم کے یہ معنٰی ہیں کہ ایک حصہ میں

---

۱۔ ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، مطلب: في تکرار الجماعۃ و الاقتداء بالمخالف، ج ۲، ص ۴۹، دارالمعرفۃ، بیروت

www.dawateislami.net

دوسرے کا حق نہ ہے۔ دیکھو ''ھدایہ'' باب صفة الصلاة [1] اور جہات کعبہ کا یوں حصہ بانٹ، بیشک ناجائز ہے۔ پھر'' عزیزی'' میں اس کے بعد یہ بھی ہے کہ اپنی اپنی جہت کو افضل بتاؤ گے اور بے شک یہ بھی شرعاً پسند نہیں تو اعتراض ان جاہلوں پر ہے جو تقسیم اور تفضیل کے قائل ہوں، نہ کہ اصل مصلّوں پر۔

سوال نمبر ۱۱۱: سب سے پہلے یہ رائے کس نے قائم کی کہ چاروں اماموں کے علاوہ اور کسی کی تقلید جائز نہیں ؟

جواب: ''اشباہ''[۲] وتحریر الاصول وغیرہ کتب متعددہ میں اس پر اجماع نقل کیا اور اجماع میں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ پہلے یہ رائے کس نے نکالی، کیوں نکالی نہ اس کی ہمیں تحقیق، نہ اس کی ہمیں حاجت۔

سوال نمبر ۱۱۲: جس شخص نے یہ رائے قائم کی، کس بنا پر قائم کی ؟

جواب: جواب ابھی گزارش ہوا۔

سوال نمبر ۱۱۳: اس شخص نے جس بنیاد پر یہ رائے قائم کی، وہ بنیاد صحیح ہے یا نہیں ؟

جواب: ابھی گزر چکا۔

سوال نمبر ۱۱۴: یہ رائے چاروں اماموں کے زمانہ میں قائم ہوئی یا بعد میں، اگر بعد میں قائم ہوئی تو کس قدر بعد میں ؟

جواب: اس کی تاریخ میں نے معلوم نہ کی، نہ اجماع میں، دریافت تاریخ کی ضرورت ہے۔

---

۱۔ الهداية، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ج ۱، ص ۵۱، دار إحياء التّراث العربي، بيروت

۲۔ الأشباه و النّظائر

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۱۱۵: جس شخص نے یہ رائے قائم کی ،اس کی تقلید جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو اس کی تقلید کرنے والے کس نام سے پکارے جاتے ہیں اور خود وہ شخص کیا تھا، کس کا مقلّد تھا یا مجتہد؟

جواب :اجماع کی تقلید جائز ،بلکہ واجب ہے اس کے پیرو اہلسنّت کہلاتے ہیں، اجماع کسی خاص شخص کا نام نہیں کہ اسے بتایا جائے کہ کس کا مقلّد تھا یا مجتہد۔

سوال نمبر ۱۱۶: ایسی کوئی آیت یا حدیث صحیح کسی معتبر کتاب ، حدیث کے حوالہ سے آپ بتا سکتے ہیں جس میں یہ مسئلہ ہو کہ غیر مقلّدین کے پیچھے حنفیّوں کی نماز جائز نہیں؟

جواب :اس کی بحث ،حدیث وغیرہ سے، میں لکھ چکا ہوں ۔

سوال نمبر ۱۱۷: آپ مسئلہ ذیل جانتے ہیں یا نہیں؟

من صلّی خلف فاسق أو مبتدع نال فضل الجماعة ۔

یعنی ''فاسق و مبتدع کے پیچھے بھی نماز پڑھنے سے ثواب جماعت کا ملتا ہے''۔

جواب: ہاں !فقہی کتابوں میں ایسا لکھا ہے اور کراہت سب مانتے ہیں یہاں تک کہ انہیں علماء نے صاف یہ بھی بتا دیا ہے کہ جہاں فاسق امام ہو اس مسجد کو چھوڑ کر دوسری مسجد میں نماز پڑھے یعنی جبکہ اس کے روکنے پر قدرت نہ ہو،جیسے کہ جمعہ میں ہے کہ صحیح مذہب میں جمعہ بھی ایک شہر میں کئی جگہ ہوسکتا ہے تو اس مسجد کو چھوڑ کر دوسری مسجد میں جاسکتا ہے۔ دیکھو ''فتح القدیر و درمختار''(۱) ۔تو غیر مقلّدین ان

---

۱۔فتح القدیر، کتاب الصلاۃ،باب الإمامۃ،ج ۱،ص ۳۰۴،مکتبۃ رشیدیہ،سرکی روڈ، کوئٹہ

www.dawateislami.net

اقوال سے مغالطہ دے کر یہ چاہتے ہیں کہ اہلسنّت کی مسجدیں چھین لیں ان میں خود امامت کریں اور اہلسنّت بحکم علماء اپنی ان مساجد کو چھوڑ کر، نماز کے لئے اور مسجدیں ڈھونڈتے پھریں ۔ یہ مساجد کو اچھا عام عبادت کے لئے مانا کہ اصل جس کی بنائی ہوئی ہیں انہیں کو وہاں سے نکل جانے کا حکم ہوا، اس قول میں بھی کہ اصل جماعت کا ثواب ملے گا، وہ فاسق ومبتدع مراد ہے جس پر لزوم کفر(1) نہ ہو، ورنہ نماز باطل محض ہوگی، جیسے غیر مقلّدین کے پیچھے، جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا۔

سوال نمبر ۱۱۸: کتاب ''درمختار'' کو آپ مانتے ہیں یا نہیں؟ اور یہ آپ کی کتاب ہے یا نہیں؟ اور آپ اس پر عمل کرتے ہیں یا نہیں ؟

جواب: ہے ۔اور عمل ''مفتیٰ بہٖ'' پر ہوتا ہے۔

سوال نمبر ۱۱۹: جو مسئلہ سوال نمبر ۱۱۷ میں بیان کیا گیا ہے وہ اس کتاب میں ہے یا نہیں؟

جواب: اسی تفصیل کے ساتھ ہے جو میں نے ذکر کی ۔

سوال نمبر ۱۲۰: مکروہ یا حرام کے قول کو ترک کرنے سے تھوڑا بہت ثواب ملتا ہے یا نہیں؟

جواب: جو کام اپنی حد ذات میں نیک ہو اور حرمت وکراہت، کسی بیرونی عارضی بات

---

۱۔لُزومِ کُفر اور اِلتزامِ کفر میں فرق ہے۔لُزُومِ کُفر کی تعریف کا خُلاصہ یہ ہے کہ وہ بات عَینِ کُفر نہیں مگر کُفر تک پُہنچانے والی ہے اور اِلتِزامِ کُفر یہ ہے کہ ضروریاتِ دین میں سے کسی چیز کا صَراحۃً (یعنی واضح طور پر) خِلاف کرے۔(کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص ۴۸) اس مسئلہ کی تفصیل کے لئے شیخ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرت علامہ مولانا ابو بلال، محمد الیاس عطّار قادِری رضوی، ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی مایہ ناز کتاب ''کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب'' صفحہ 47 ملاحظہ کیجئے۔

www.dawateislami.net

کے باعث ہوتو اصل فعل پر ثواب اور اس عارضی کے سبب استحقاق عذاب وعقاب ہوتا ہے، جیسے ریشمی کپڑے پہن کر نماز یا قرآن شریف کی تلاوت، بدعتی یا فاسق کی اقتداء بھی اسی قبیل سے ہے کہ اصل فعل نماز ہے نیک اور نفس فعل جماعت ہے نیک، مگر یہ عارضی بات کہ امام بدعتی یا فاسق ہے، مکروہ وممنوع، تو اس عارضی کو ضرور منع کیا جائے گا۔ کہ اس کا ثواب وعقاب بھی ہوتا ہے۔ اگر چہ نفس فعل کا ثواب الگ ہو۔ پھر یہ بھی اس حالت میں ہے کہ فسق وبدعت لزوم کفر تک نہ پہنچتی ہوں، ورنہ نفس فعل ہی باطل ہوجائے گا۔ اوراب خالص عذاب رہ جائے گا، جیسے ہمارے مذہب میں غیر مقلّدین کے پیچھے نماز پڑھنا۔

سوال نمبر ۱۲۱: حدیث ذیل :

صلّوا خلف کل بر و فا جر(۱) یعنی ''ہرایک نیک وبد کے پیچھے نماز پڑھو'' امر ہے یا نہیں؟

جواب: صیغہ ضرور امر کا ہے اور معنٰی وجوب، یہاں کسی کے نزدیک نہیں کہ فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا خواہ مخواہ لازم کوئی نہیں کہتا، حدیث میں لفظ ''کل'' کا ہے، جس کے معنٰی یہ ٹھہریں گے تمام نیکوں، بدوں کے پیچھے نماز ادا کرنا ہر شخص پر واجب ہے۔ یہ واجب نہ کسی سے ادا ہوا، نہ کبھی کسی سے ادا ہوسکے۔ اس کی عمر اسی کے لئے کفایت نہ کرے گی کہ دنیا کہ جتنے بھی نیک وبد ہیں کم ازکم ایک ایک بار سب کے

---

۱۔ سنن الدار قطني، کتاب العیدین، باب: صفة من تجوز الصلاة معه والصلاة علیه، ج ۲، ص ۷۰، رقم الحدیث: ۱۷۵۰، نشر السنة، ملتان، باکستان

www.dawateislami.net

پیچھے نماز پڑھے، البتہ اگر کلام سلطان ونائبان سلطان میں مخصوص کیا جائے جیسا کہ بیان کر چکا ہوں تو دفع ضرر کے لئے وجوب ضرور ہے یعنی تمیز نیک وبد کر کے آپ اپنے کو ہلاکت میں نہ ڈالو، علماء اس حدیث سے یہ مطلب ثابت کرتے ہیں کہ فاسق کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے، یعنی فرض اتر جاتا ہے اور ساتھ ہی تصریح فرمادیتے ہیں کہ مکروہ ہے، عامۂ کتب فقہیّہ میں یہ استدلال امام مالک کے مقابل ہے کہ ان کے مذہب میں فاسق کے پیچھے نماز ہوتی ہی نہیں، اور بھی ایک روایت امام احمد سے ہے۔ دیکھو' غنیہ شرح منیہ'' ''مرقات شرح مشکوٰۃ (۱)'' ''إرشاد السّاري شرح صحيح بخاري''اور کتب عقائد میں یہ استدلال روافض و خوارج کے مقابل ہے کہ رافضیوں کے نزدیک امام معصوم شرط ہے اور خارجیوں کے یہاں ہر فاسق کافر ہے اور یہ استدلال ضرور صحیح ہے، غیر مقلّدین ان مقاصد علماء کو پس پشت ڈال کر یہ مطلب نکالنا چاہتے ہیں کہ غیر مقلّد اگرچہ فاسق و بدعتی ہیں مگر تم پر لازم ہے کہ خواہی نخواہی ان کے پیچھے نماز پڑھو۔ یہ مطلب ہرگز حدیث کا ہے، نہ علماء کا، بلکہ ان کی تصریحات کے صاف خلاف ہے۔

سوال نمبر۱۲۲: امر کے حقیقی معنٰی وجوب ہیں یا نہیں۔ جب افسر و حاکم اپنے ماتحتوں کو کسی بات کی تعمیل کا حکم دیں تو اس حکم سے اس بات کا واجب اور ضروری ہونا سمجھا جاتا ہے یا نہیں؟

جواب: ہاں! ہمارے نزدیک حقیقت، وجوب ہے اور محل اور موقع سے مختلف معنٰی

---

۱۔ مرقاۃ شرح المشکاۃ، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ج۳، ص ۲۰۱، رقم الحدیث: ۱۱۲۵، دار الفکر، بیروت

www.dawateislami.net

سمجھے جاتے ہیں۔

سوال نمبر۱۲۳:''نورالانوار'' کو آپ جانتے ہیں یا نہیں؟ یہ کتاب آپ کی ہے یا نہیں؟

جواب: ہاں! ہے۔ بدستور نمبر ۲۵۔

سوال نمبر۱۲۴:''نورالانوار'' میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟

عندنا الوجوب حقیقة الأمر لا یکون إلّا للوجوب۔ یعنی ''ہمارے یہاں معنٰی حنفی مذہب میں وجوب ہی امر کے حقیقی معنٰی ہیں اور امر، وجوب ہی کے لئے ہوتا ہے''۔

جواب: نیچے کی کتابیں دیکھنے کا مُظہر کو کم اتفاق ہوتا ہے، یہ عبارت اس میں ہو نہ ہو مگر مسئلہ وہ ہے جو میں نے ابھی بیان کیا۔

سوال نمبر ۱۲۵: لفظ کے جو حقیقی معنٰی ہوں اُس حقیقی معنٰی کو چھوڑ کر اس کے مجازی معنٰی (۱) لینا کس حالت میں جائز ہے اور کس حالت میں نہیں؟

جواب: جب حقیقت متعذر (۲) یا مہجور (۳) ہو تو بالاتفاق، اور مغلوب ہو تو صاحبین کے نزدیک معنٰی مجازی لئے جائیں گے، ورنہ نہیں۔

سوال نمبر ۱۲۶:''نور الانوار'' جس کا بیان نمبر ۱۲۳ میں ہو چکا ہے، اس کتاب میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟ مادام أمکن العمل بالمعنٰی الحقیقي

---

۱۔ جس لفظ کے لئے معنٰی وضع کیا جائے اگر اسی لفظ کے لئے استعمال ہو رہا ہے تو اسے ''حقیقی معنٰی'' کہتے ہیں اور اگر اس سے ہٹ کر کسی دوسرے لفظ کے لئے استعمال ہو تو اسے ''مجازی معنٰی'' مراد لینا کہیں گے۔

۲۔ مشکل

۳۔ چھوڑی جا چکی ہو یا ترک کر دی گئی ہو

www.dawateislami.net

یسقط المجازي ۔یعنی ''جب تک حقیقی معنٰی پر عمل ہوسکتا ہے مجازی معنٰی ساقط الاعتبار ہیں''۔

جواب: یہ مسئلہ تمام کتب اصول میں اسی تفصیل کے ساتھ ہے جو میں نے بیان کی اور ''نورالانوار'' میں بھی اسی تفصیل سے ہوگا۔

سوال نمبر۱۲۷: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے﴿وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ﴾ (۱) یعنی ''رکوع کرنے والوں کیساتھ رکوع کرو''۔یعنی ''نماز پڑھونماز پڑھنے والوں کے ساتھ''۔ یہ امر ہے یانہیں، اوراس آیت میں نیک وبد کی قید ہے یانہیں؟

جواب: یہ امر بھی وجوب کے واسطے نہیں ہے اور ''راکعین'' سے مراد صحابہ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔دیکھو ''تفسیر جلالین''(۲) وغیرہ،اورصحابہ سب کے سب نیک تھے اورآیت سے جماعت کے ثبوت میں کلام ہے۔دیکھو ''معالم''(۳) وغیرہ۔

سوال نمبر ۱۲۸: اللہ ورسول اللہ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کلام میں بھی ایسی بات کا امر ہوتا ہے یانہیں جومکروہ یاحرام ہو،اگر ہوتا ہے تو اس کی کوئی مثال بیان فرمایئے،مگر جومثال بیان فرمایئے وہ ایسی مثال ہو جوواقعی امر ہو، نہ صرف صورتِ امر؟

جواب: جوبات اصل میں حرام یامکروہ ہواور بحال ضرورت اس کی اجازت فرمائی

---

۱۔پ۱،البقرۃ:۴۳

۲۔تفسیر جلالین ، پ ۱ ،البقرۃ:۴۳، ص۹،قدیمی کتب خانہ ،آرام باغ، کراچی

۳۔تفسیر البغوي المسمّی ''معالم التنزیل''،پ ۱ ،البقرۃ :۴۳، ج ۱، ص۳۷،دار الکتب العلمیّۃ،بیروت،لبنان

www.dawateislami.net

جائے، تو کبھی وہ رخصت بصیغہ امر آتی ہے، جیسے فان عاد و اقعد۔ اور کبھی وجوب تک بھی ہوتی ہے، جیسے مخمصہ میں حرام چیز سدر مو یہاں تک کہ نہ کھاتے اور مر جاتے تو حرام موت مرے۔ دیکھو'' رد المحتار''(۱) وغیرہ۔

سوال نمبر ۱۲۹: ''شرح عقائد نسفی'' جس کا بیان، نمبر ۴۹ میں ہو چکا ہے، اس میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟

ولأن علماء الأمة كانوا يصلّون خلف الفسقة وأهل الأهواء و البدع یعنی'' علمائے امت، سارے کے سارے فاسقوں اور بدعتیوں کے پیچھے نماز پڑھتے تھے''۔

جواب: ''شرح عقائد'' میں یہ عبارت اس طرح نہیں، بلکہ مجھ کو یقیناً یاد ہے کہ اس کے ساتھ فرمادیا ہے کہ فاسق اور بدعتی کے پیچھے نماز مکروہ ہونے میں کسی کو کلام نہیں، اور یہ کہ فسق اور بدعت حد کفر تک پہنچی ہوں تو بالکل باطل ہے(۲)۔

سوال نمبر ۱۳۰: علمائے امت جو فاسقوں اور بدعتیوں کے پیچھے نماز پڑھتے تھے، ان کا یہ فعل مکروہ یا حرام تھا، یا نہیں؟

جواب: ''شرح عقائد'' سے نقل کر دیا گیا کہ فاسق اور بدعتی کے پیچھے نماز مکروہ ہونے میں کسی کو کلام نہیں، تو یقیناً یہ علماء بھی اسے مکروہ جانتے مگر سلطنت کی مجبوری سے پڑھتے۔ مجبوری میں ممنوع تک کی رخصت مل جاتی ہے، اس تفصیل پر کہ'' ہدایہ'' (۳)

---

۱۔ رد المحتار،

۲۔شرح العقائد النّسفي، مبحث تجوز الصلاة خلف كل بر وفاجز، ص ۱۶۱، قديمی كتب خانه، كراچی

۳۔الهداية، كتاب الصلاة، باب الإمامة، ج ۱، ص۵۷، دار إحياء التراث العربي، بيروت، لبنان

www.dawateislami.net

اور ''درمختار'' میں ہے۔

سوال نمبر۱۳۱: ''شرح عقائد'' کے ''حاشیہ جلال'' میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟

قولهٗ خلف كل بروفاجر إشارة إلٰى أنهما سواء في الإمامة یعنی ''یہ جو فرمایا ہے کہ نیک وبد کے پیچھے، اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ نیک وبد دونوں امام ہونے میں مساوی ہیں۔

جواب: ''شرح عقائد'' میری دیکھی ہوئی ہے اور'' شرح عقائد نسفی'' کے ساتھ ستر/۷۰ شروح وحواشی میں نے دیکھے اوران میں کوئی ''حاشیہ جلال'' نہیں (۱) ہاں ہندی چھاپے میں زید وعمر، کتاب پر حاشیہ چڑھادیتے ہیں، اُن میں کوئی ہوتو مجھے معلوم نہیں، نہ وہ قابل التفات، نہ عالَم میں کوئی عالِم اس کا قائل کہ امامت کیلئے نیک وبدسب برابر ہیں۔ہاں! فرض اتر جانے میں کہو تو ایک بات ہے جبکہ بدی حد کفر تک نہ ہو۔

سوال نمبر۱۳۲: عبارت ذیل ''صحیح بخاری'' میں درج ہے یا نہیں؟

قال الحسن: صل (خلفه) وعليه بدعته (۲) یعنی'' حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: کہ تو مبتدع کے پیچھے نماز پڑھ لے اور مبتدع کی

---

۱۔کتب عقائد میں سے کسی کتاب پر بھی حاشیۂ جلال نہیں البتہ منطق کے موضوع پر ایک نہایت اہم حاشیۂ ملا جلال، کے نام سے بازار میں عام دستیاب ہے۔

۲۔صحيح البخاري، كتاب الأذان، باب إمامة المفتون المبتدع، ج ۱، ص ۲۵۰، رقم الحديث: ۶۹۵، دار الكتب العلمية، بيروت، لبنان

www.dawateislami.net

بدعت کا وبال خود اس پر ہے''۔

جواب: یہ قول بے سند''بخاری'' میں ہے اور جہاں تک مجھے یاد ہے یہاں ''بخاری'' نے جو حدیث نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع سند بیان کی، اس سے صاف وہی مطلب کھلتا ہے کہ یہ اس وقت ہے کہ جب فاسق ومبتدع بادشاہ ہو یا اس کی طرف سے حاکم ہوا ہو۔''بخاری'' نے یہ بھی نقل کیا ہے کہ ایسا صرف ضرورت اور ناچاری میں ہے۔

سوال نمبر۱۳۳:عبداللہ بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس اس حالت میں گئے کہ وہ گھرے ہوئے تھے،یعنی جب کہ حضرت عثمان کو بلوائیوں نے گھیر رکھا تھا،عبداللہ بن عدی نے جاکر حضرت عثمان سے کہا کہ آپ دیکھ رہے ہیں اور ہم کو امامِ فتنہ نماز پڑھا رہا ہے اور ہم ڈرتے ہیں کہ کہیں اس کی وجہ سے گناہ میں نہ پڑ جائیں،حضرت عثمان نے فرمایا:

الصلاة أحسن ما يعمل الناس فاذا أحسن الناس فأحسن معهم و إذا أساؤوا فاجتنب إساء تهم۔ یعنی''جولوگ، جو کام کرتے ہیں ان میں نماز سب سے اچھا کام ہے۔تو جب لوگ اچھا کام کریں تو تم بھی ان کے اس اچھے کام میں شریک ہوجاؤ اور جب بُرا کام کریں تو تم ان کے اس برے کام میں ساتھ نہ دو''

جواب: .. .... .... .... ..... ..... ..... ..... ..... ..... ..... (۱)

کا ذکر فرمادیا اور ان لوگوں کی مجبوری خود ظاہر ہے کہ بلوائیوں کے سردار نے امام برحق کونظر بند کرلیا اور خود امامت کرتا تھا۔

---

۱۔ہمارے پاس موجود نسخوں میں یہاں اسی طرح ہے۔

www.dawateislami.net

سوال نمبر ۱۳۴: یہ کوئی شخص، کسی طور سے امام بن جائے اور لوگ اس کے پیچھے نماز پڑھیں، اور یہ امر کہ کسی کو اپنے اختیار سے امام بنائیں، ان دونوں صورتوں کا ایک حکم ہے کہ دونوں امر، مکروہ ہیں یا دونوں غیر مکروہ یا ان میں سے ایک مکروہ ہے اور دوسرا غیر مکروہ، اور کون مکروہ ہے اور کون غیر مکروہ؟

جواب: فاسق ومبتدع کے پیچھے نماز پڑھنا ایک گناہ ہے اور اسے امام بنانا، دوسرا گناہ ہے، اور کسی طرح امام ہوگیا ہوتو بلا مجبوری اس کے پیچھے نماز پڑھنا ایک گناہ ہے۔

سوال نمبر ۱۳۵: کتاب ''تفسیر احمدی'' کو آپ مانتے ہیں یانہیں؟ اور یہ آپ کی کتاب ہے یانہیں؟

جواب: ہے۔ مطابق، نمبر ۲۵۔

سوال نمبر ۱۳۶: ''تفسیر احمدی'' میں جو اہلسنّت و الجماعت ہونے کے لئے دس ۱۰/ باتیں ضروری لکھی ہیں ان میں ذیل کی دو باتیں یہ بھی ہیں یانہیں؟ الصّلوۃ علی الجنازتین الصلاۃ خلف الامامین یعنی صالح و فاسق، دونوں کے جنازے کی نماز پڑھنی اور صالح و فاسق دونوں کے پیچھے نماز پڑھنی۔

جواب: یہ میری یاد میں ایک بے سند حکایت ہے[1] اور اس سے مراد وہی رافضیوں، خارجیوں کا رد ہے جیسے کہ میں نے بیان کیا۔

......☆☆☆☆☆......

---

۱۔ التفسیرات الأحمدیہ، پ۸، الأنعام: ۱۵۳، ص۴۰۸، مکتبہ اکرمیہ، محلّہ جنگی عقب قصّہ خوانی بازار، پشاور

و اللّٰہ أعلم بالصواب و رسولہ علیہ السلام

تمت بالخیر

www.dawateislami.net

# ماخذ ومراجع



| نمبر شمار | کتاب | مصنّف/ مؤلّف | مطبوعه |
|---|---|---|---|
| 1 | قرآن مجید | کلامِ باری تعالیٰ | پاک کمپنی ،اردو بازار لاہور |
| 2 | کنزالایمان في ترجمة القرآن | اعلیٰحضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمة الرحمن | پاک کمپنی ،اردو بازار لاہور |
| 3 | خزائن العرفان في تفسیر القرآن | مفسِّر شہیر صدرالافاضل مولانا نعیم الدین مرادآبادی رحمة اللہ علیہ | پاک کمپنی ،اردو بازار لاہور |
| 4 | التفسیرات الأحمدیة | أحمد بن أبو سعید المعروف"مُلّا جیون" | مکتبۂ اکرمیة،پشاور |
| 5 | التفسیر الکبیر | علامہ فخرالدین الرازي رحمة اللہ تعالیٰ علیہ | داراحیاء التراث العربي،بیروت |
| 6 | تفسیرالبغوي | الإمام أبو الحسین بن مسعود الفرّاء البغوي الشافعي | دارالکتب العلمیة،بیروت |
| 7 | تفسیر مظہری | قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمة اللہ تعالیٰ علیہ | بلوچشتان بك ڈپو، کوئٹہ |
| 8 | الاتقان في علوم القرآن | علامہ جلال الدین السیوطي رحمة اللہ تعالیٰ علیہ | سہیل اکیڈمی ،لاھور |
| 9 | تفسیر جلالین | علّامہ جلال الدین السیوطي رحمة اللہ تعالیٰ علیہ | قدیمی کتب خانہ، کراچی |
| 10 | تفسیر نعیمی | مفتی احمد یار خان نعیمی رحمة اللہ تعالیٰ علیہ | مکتبہ اسلامیہ،اردو بازار لاھور |
| 11 | صحیح البخاري | الإمام أبو عبد اللّٰہ محمد بن إسماعیل البخاري رحمة اللّٰہ تعالی علیہ | دار الکتب العلمیة،بیروت |
| 12 | الصحیح لمسلم | الإمام أبو الحسین مسلم بن حجاج القشیري رحمة اللّٰہ تعالیٰ علیہ | دار ابن حزم،بیروت |
| 13 | سنن الترمذي | الإمام أبو عیسی محمد بن عیسی الترمذي رحمة اللّٰہ تعالیٰ علیہ | دارالفکر،بیروت |
| 14 | سنن أبي داؤد | الإمام أبو داؤد سلیمان بن أشعث رحمة اللّٰہ تعالیٰ علیہ | دار إحیاء التراث العربي،بیروت |
| 15 | سنن ابن ماجة | الإمام أبو عبداللّٰہ محمد بن یزید ابن ماجة | دارالمرفة،بیروت،لبنان |
| 16 | سنن نسائی | الإمام أبو عبد الرحمٰن أحمد بن شعیب النسائي | دارالجیل،بیروت |
| 17 | المؤطا لِلإمام مالك | الإمام مالك بن أنس أصبحي رحمة اللّٰہ تعالیٰ علیہ | نور محمد کتب خانہ،کراچی |



www.dawateislami.net

| نمبرشمار | کتاب | مصنف / مؤلف | مطبوعہ |
|---|---|---|---|
| 18 | المسند لِلإمام أحمد | أحمد بن حنبل رحمۃاللّٰہ تعالٰی علیہ | دارالفکر،بیروت |
| 19 | شرح معاني الآثار | الإمام أبو جعفر أحمد بن محمد الطحطاوي رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | دارالکتب العلمیۃ،بیروت |
| 20 | مشکوۃ المصابیح | محمد بن عبد اللّٰہ الخطیب رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | قدیمی کتب خانہ کراچی |
| 21 | سنن دار قطني | الإمام علي بن عمر دار قطني | نشرالسنۃ،ملتان |
| 22 | مجمع الزوائد | حافظ نور الدین علی بن أبي بکر الہیثمی | دارالفکر،بیروت |
| 23 | التحقیق في أحادیث الخلاف | علامہ أبو الفرج عبدالرحمٰن بن علي الجوزي | دارالکتب العلمیۃ،بیروت |
| 24 | کشف الخفاء | علامہ اسمٰعیل بن محمد عجلونی جراحی | دارالکتب العلمیۃ،بیروت |
| 25 | مرقاۃ شرح المشکاۃ | علامہ ملا علي القاري رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | دارالفکر،بیروت |
| 26 | أشعۃ اللمعات | عبدالحق محدث الدہلوي رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | کتب خانہ مجدیہ،ملتان |
| 27 | العلل المتناھیۃ | علامہ أبو الفرج عبد الرحمٰن بن علي الجوزي | مکتبۃ أثریۃ،فیصل آباد |
| 28 | کتاب الضعفاء | علامہ أبو جعفر محمد بن عمرو العقیلی | دارالکتب العلمیۃ،بیروت |
| 29 | فتاوٰی رضویہ | إمامِ اہلسنّت احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن | رضا فاؤنڈیشن،لاھور |
| 30 | بہارشریعت | صدرالشریعۃ امجد علی اعظمی رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | مکتبۃ رضویہ ، کراچی |
| 31 | الأشباہ و النظائر | علامہ زین الدین ابن نجیم رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | دارالکتب العلمیۃ،بیروت |
| 32 | الدر المختار | علامہ علاء الدین محمد بن علي بن محمد الحصکفی | دارالمعرفۃ ،بیروت |
| 33 | رد المحتار | علامہ سید محمد أمین ابن عابدین الشامي | دارالمعرفۃ ،بیروت |
| 34 | تقریرات الرافعي علی حاشیۃ ردالمحتار | شیخ عبد القادر الرفعي رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | دارالمعرفۃ ،بیروت |
| 35 | الھدایۃ | علامہ أبو الحسن علي بن أبي بکر المرغیناني | دارإِحیاء التراث |

www.dawateislami.net

| نمبرشمار | كتاب | مصنف/ مؤلف | مطبوعه |
|---|---|---|---|
| 36 | حاشية الطحطاوى | علامه أحمد بن محمد الطحطاوي رحمة الله تعالى عليه | المكتبة العربية، كوئٹه |
| 37 | فتح القدير | علامه كمال الدين ابن همام رحمة الله تعالى عليه | مكتبۂ رشيديه،سركی روڈ، كوئٹه |
| 38 | غمز العيون للحموي | سيد أحمد بن محمد حموى الحنفى رحمة الله تعالى عليه | إدارة القرآن، كراچی |
| 39 | الفتاوى العالمكيرية | جمعيت علماء اور نگزيب عالمگير | مكتبۂ رشيدية،سركی روڈ، كوئٹه |
| 40 | غنية المستملي المشتهر بحلي كبير | محمد إبراهيم بن محمد الحلبي | سهيل اكيڈمی،لاهور |
| 41 | الطحطاوي على مراقي الفلاح | علامه أحمد بن الطحطاوي رحمة الله تعالى عليه | قديمی كتب خانه، كراچی |
| 42 | حجة الله البالغه | شاه ولي الله محدث الدہلوى | نور محمد كتب خانه، كراچی |
| 43 | فتاوى بزازيه | علامه محمد شهاب الدين بن بزاز الكردرى | مكتبۂ رشيديه،سركی روڈ كوئٹه |
| 44 | فتاوى الحرمين برجف ندوة المين | امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خان عليه رحمة الرحمٰن | رضا اكيڈمی ،بمبئی |
| 45 | تلخيص أصول الشاشي | مولانا محمد صدّيق ہزاروي دامت بركاتہم العاليه | مكتبه اسلاميه سعيديه،مانسہره |
| 46 | رسائل ضيائيه حصه اول | ڈاكٹر مفتی محمد أبو بكر صديق عطارى مدظله العالی | صديقی پبلشرز، كراچی |
| 47 | التوضيح والتلويح | علامه سعد الدين مسعود بن عمر تفتازانی | مير محمد كتب خانه، كراچی |
| 48 | كشف الأسرار عن أصول البزدوي | إمام عبدالعزيز البخاري رحمة الله تعالى عليه | دارالكتب العلمية،بيروت |
| 49 | شرح عقائد النسفي | علامه سعد الدين مسعود بن عمر تفتازاني | نور محمد كتب خانه، كراچی |
| 50 | شرح المواقف | مير سيد شريف علی بن محمد الجرجاني | دارالكتب العلمية،بيروت |
| 51 | الفضل الموهبی | امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمدرضاخان عليه رحمة الرحمٰن | صديقی پبلشرز، كراچی |
| 52 | اعتقاد الأحباب في الجميل | أعلیٰحضرت احمد رضا خان عليه رحمة الرحمٰن | فريد بك سٹال،لاهور |
| 53 | عقائدِ حقّه اہلسنت | أعلیٰحضرت احمد رضا خان عليه رحمة الرحمٰن | رضا اكيڈمی بمبئی |

| نمبرشمار | کتاب | مصنف / مؤلف | مطبوعہ |
|---|---|---|---|
| 54 | جاء الحق | مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃاللّٰہ تعالٰی علیہ | ضیآء القراٰن،لاھور |
| 55 | شفاء شریف | قاضی عیاض بن موسٰی المالکي رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | عبدالتّواب اکیڈمي،لاھور |
| 56 | الحدیقۃ الندیۃ | علامہ عبد الغني نابلسي رحمۃ اللّٰہ علیہ | دارالطباعۃ ، عامرہ ، مصر |
| 57 | إحیاء علوم الدین | حجۃ الإسلام حضرت امام غزالي علیہ رحمۃ الوالي | دارِصادر،بیروت |
| 58 | تاریخِ نجدوحجاز | مفتی عبد القیّوم قادری رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ | ضیاء القراٰن پبلیشرز،لاھور |
| 59 | برطانوی مظالم کی کہانی | عبد الحکیم خان اخترشاہجہانپوری علیہ الرحمۃ | جنرل پرنٹرز،لاھور |
| 60 | إیضاح الحق | اسماعیل دہلوی | |
| 61 | تقویۃ الایمان | اسماعیل دہلوی | شمع بك ایجنسی لاھور |


www.dawateislami.net


اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# سُنّت کی بہاریں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قراٰن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مہکے مہکے مَدَنی ماحول میں بکثرت سُنّتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں، ہر جمعرات مغرب کی نماز کے بعد آپ کے شہر میں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں رضائے الٰہی کیلئے اچھی اچھی نیّتوں کے ساتھ ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجا ہے۔ عاشقانِ رسول کے مَدَنی قافلوں میں بہ نیّتِ ثواب سُنّتوں کی تربیت کیلئے سفر اور روزانہ فکرِ مدینہ کے ذریعے مَدَنی انعامات کا رسالہ پُر کرکے ہر مَدَنی ماہ کے ابتدائی دس دن کے اندر اندر اپنے یہاں کے ذمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنا لیجئے، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی بَرَکت سے پابندِ سنّت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کیلئے کُڑھنے کا ذہن بنے گا۔

ہر اسلامی بھائی اپنا یہ ذہن بنائے کہ **"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔"** اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنی اِصلاح کی کوشش کے لیے **"مَدَنی انعامات"** پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے **"مَدَنی قافلوں"** میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ




ISBN 978-969-579-847-8
0101167
MC 1286



فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN: 923 111 25 26 92 Ext: 1284
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net